Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ھیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ھیں.

منجانب.

سبیلِ سکینہ

پاکستان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

Knowledge for All
SABIL-E-SAKINA

یا عباسؑ

۷۸۶
۹۲-۱۱۰
یا صاحب الزماں ادرکنیؑ

DvD Version

لبیک یا حسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی

اسلامی کُتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری ۔

NOT FOR COMMERCIAL

www.ziaraat.com

SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مولائے حسینؑ

سوانح حیات



علامہ سید رضی جعفر نقوی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مولا حسینؑ

سوانح حیات

علامہ سید رضی جعفر نقوی

اپنے بچوں کیلئے ... طالب دعا سید تنویر عباس 25-7-2009

عصمہ پبلیکیشنز

پی۔او باکس نمبر:- 18168 کراچی 74700 پاکستان

(۱۱۰ / ۷۸۶)

مولائے کائنات

ابوالائمہ حضرت امام علی ابن ابی طالب علیہ السلام

کی مناجاتوں میں سے ایک مناجات

اِلٰهِي كَفٰى بِي عِزًّا اَنْ اَكُوْنَ لَكَ عَبْدًا وَكَفٰى بِي فَخْرًا اَنْ تَكُوْنَ لِي رَبًّا اَنْتَ كَمَا اُحِبُّ فَاجْعَلْنِي كَمَا تُحِبُّ

میرے اللہ میری عزت کے لئے یہی کافی ہے کہ میں تیرا بندہ ہوں اور میرے فخر کے لئے یہی کافی ہے کہ تو میرا پروردگار ہے۔ تو ویسا ہی ہے جیسا میں چاہتا ہوں، پس تو مجھ کو ویسا بنا لے جیسا تو چاہتا ہے۔

اشتراک:

IDAARA-E-TARVEEJ-E-SOAZKHWANI

ادارۂ ترویج سوز خوانی

Post Box No. 10979, Karachi-74700

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○ جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں ○

نامِ کتاب	:	مولا حسینؑ سوانح حیات
مؤلف	:	علامہ سید رضی جعفر نقوی
ناشر	:	عصمہ پبلیکیشنز کراچی
تعداد اشاعت	:	500
تاریخ اشاعت	:	اگست سنہ ۲۰۰۳ء
طباعت	:	عاصم پرنٹنگ ناظم آباد نمبر ۲ کراچی
سپرٹیلیکن ایڈیشن	:	پہلا ایڈیشن
ھدیۃ	:	[redacted] روپیہ
مشیر قانون	:	پروفیسر سید سبطِ جعفر زیدی ایڈوکیٹ جناب سید شبر رضوی ایڈوکیٹ (ہائی کورٹ)
سرورق (ٹائٹل ڈیزائننگ)	:	سید امتیاز عباس

اسٹاکسٹ

افتخار بک ڈپو۔ اسلام پورہ کرشن نگر۔ لاہور
منہاج الصالحین غزنی اسٹریٹ اردو بازار لاہور
مکتبۃ الرضا۔ ۸ بیسمنٹ میاں مارکیٹ۔ اردو بازار۔ لاہور
کریم پبلیکیشنز سمیع سینٹر اردو بازار لاہور
مکتبۃ الحسین نواں شہر ابدالی روڈ ملتان
سید محمد ثقلین کاظمی جی 6/3۔ اسلام آباد
محمد علی بک ڈپو۔ G-9/2 کراچی کمپنی۔ اسلام آباد
سودے بجس لائبریری اینڈ اسٹیشنرز۔ سکردو۔ بلتستان
عباس بک ایجنسی۔ رستم نگر۔ لکھنؤ
حسن علی بک ڈپو۔ کھارادر۔ کراچی
رحمت اللہ بک ایجنسی کھارادر۔ کراچی
محفوظ بک ایجنسی۔ مارٹن روڈ۔ کراچی
خراسان بک سینٹر بریٹو روڈ۔ کراچی
احمد بک ڈپو۔ رضویہ سوسائٹی کراچی
انجم پبلیکیشنز بریٹو روڈ کراچی
احمد تبرکات سینٹر انچولی کراچی
مکتبۂ علویہ مرکزِ تبرکات وظائف رضویہ سوسائٹی کراچی

فرمانِ الٰہی

.. فَقُلْ تَعَالَوْا :

نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ ــــ وَ
نِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ ــــ وَ
أَنْفُسَنَا وَأَنْفُسَكُمْ ــــ

(کہہ دیجئے کہ آؤ ..
ہم بلاتے ہیں اپنے فرزندوں اور
تمہارے فرزندوں کو
اپنی عورتوں، اور تمہاری عورتوں کو۔
اور اپنے نفسوں کو اور
تمہارے نفسوں کو ..)

(سورۂ آلِ عمران)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

فرمانِ رسولؐ

حُسَینٌ مِنّی
و
اَنَا مِنَ الحُسَینؑ

(حُسینؑ مجھ سے ہیں، اور
میں حُسینؑ سے ہوں۔۔)

(متفق علیہ حدیثِ پیغمبرؐ)

فہرستِ مضامین

- حرفِ سپاس۔
- گفتارِ مقدم۔
- ولادت باسعادت۔
- مولودِ مسعود کی برکت سے فرشتے کی شفایابی۔
- تہنیت اور تعزیت۔
- آپؑ کے کچھ القاب۔
- فرزندِ رسول الثقلینؐ
- حُسینٌ منّی وانا من الحُسینؑ۔
- فصاحت وبلاغت۔
- علومِ کائنات۔
- سنہ ہجری سے ۶۱ ہجری تک (سفرِ حیات)
- قرآن اور حُسینؑ۔
- "ذبح" یا "ذبیح"
- "ذکرِ حسینؑ" یورپ کے محققین اور غیر مسلم

(۲)

آپؑ کے خطبات، خطوط اور ہدایات

- خاندانِ رسالت کی عظمت وجلالت • تقویٰ و پرہیزگاری کے بارے میں آپکی نصیحت۔
- امر بالمعروف ... انسانی طبائع • بھائی کی تدفین کے وقت خطاب • گزشتگان سے عبرت۔
- دنیا کا زوال • روضۂ رسولؐ پر • محمدؐ بن حنفیہ کو نصیحت • ابنِ عباس سے گفتگو۔
- خبرِ شہادت • جنابِ یحییٰؑ سے تمثیل • عراق روانگی • منزلِ شراف • کربلا میں آمد
- حبیبؑ کے نام خط • ساتھیوں سے خطاب • اہلِ دنیا کا طرزِ عمل • شبِ عاشور۔
- اصحاب کی وفاداری • ساتھیوں کو بشارت • دشمنوں پر اتمامِ حجت۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی خاتم النبیین سیدنا ونبینا ابی القاسم محمد وآلہ الطیبین الطاہرین المعصومین واللعنۃ علی اعدائہم اجمعین

⦿ — حضرت خامسِ آلِ عباء

فلکِ امامت کے وہ نیّرِ تاباں جن کے معصوم خون کی سُرخی شفق کی صورت میں آسمان پر نمودار ہوئی، اور قیامت تک انکی عظیم الشان قربانی کی خبر دیتی رہے گی۔

⦿ — امام حسینؑ

آسمانِ ہدایت کے وہ بدرِ کامل جنھوں نے شہادت کے ذریعہ سے، دُنیا میں ایمان کی وہ روشنی پھیلائی، جو روز بروز بڑھتی اور وسیع تر ہوتی جائے گی، اور رہتی دنیا تک کوئی اس روشنی کو مٹا نہ سکے گا۔

⦿ — سیّد الشہداء

گلشنِ رسالتؐ کا وہ سدا بہار پھول، جس کی خوشبو اللہ کے آخری رسولؐ کو اتنی پسند تھی کہ کبھی اس پھول کو اپنی ذات سے جُدا کرنے پر آمادہ نہ ہوتے تھے، اور فرمایا کرتے تھے کہ:

میری زندگی کے دُو — پھول ہیں جن میں سے ایک کا نام حسنؑ اور دوسرے کا نام حسینؑ ہے۔

⦿

⦿ — سرورِ شہیداں

کائنات کا وہ درخشندہ نور جس کی تجلیاں اس زمین کی وسعتوں سے اتنی زیادہ بلند، وسیع اور بیکراں تھیں کہ حضورِ اکرمؐ کی زبانِ حقیقت بیان نے اعلان فرمایا کہ:

"عرشِ الٰہی کے (دو) گوشوارے ہیں حسنؑ اور حسینؑ —

⦿ — نواسۂ رسولؐ

بزمِ انسانیت کے وہ روشن چراغ، جنھوں نے دم توڑتی ہوئی انسانیت کو حیاتِ جاوداں بخشی، سسکتی ہوئی آدمیت کو شعورِ زندگی عطا کیا، پامال ہوتے ہوئے اُصولِ بشریت کو بچالیا اور قیامت تک پیدا ہونے والے انسانوں کو یہ زرّیں اُصول دے دیا کہ:

"— ذلّت کی زندگی سے عزّت کی موت بہتر ہے"۔

⦿ — راکبِ دوشِ مصطفٰےؐ

خاتونِ جنتؑ کی آغوش میں پروان چڑھنے والا وہ مجاہدِ اعظم، جس نے جہاد کی تمام اقسام کو اعلیٰ ترین انداز سے پیش کرکے، اور اس راہ میں عزیز ترین ہستیوں کو قربان کرکے زندگی کو ایک نیا عنوان دے دیا، اور چمنِ اسلام کی اپنے معصوم خون سے ایسی آبیاری کردی کہ اب روزِ محشر تک کوئی بھی یزیدِ وقت اپنی تمام سفاکیوں کے باوجود، اس چمن کی رونق کو مٹا نہ سکے گا۔

⦿ — دلبندِ مرتضٰےؑ

جس نے بعدِ شہادت نوکِ نیزہ پر تلاوت کرکے قرآن مجید کے اس فرمان کی حقانیت پر مہرِ ثبوت لگادی کہ:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتاً بَلْ اَحْیَاءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ یُرْزَقُوْنَ

(خدا کی راہ میں شہید ہونے والوں کے بارے میں یہ ہرگز نہ سوچنا کہ وہ مردہ ہیں بلکہ وہ زندہ ہیں، اپنے پروردگار کے پاس رزق پاتے ہیں۔)

◉ — پاسبانِ شریعت

جس نے دین کو بچانے کے لئے مدینہ چھوڑا، مکہ میں پناہ لی، پھر مکہ سے رختِ سفر باندھا اور چھوٹے چھوٹے بچوں کے ساتھ صحراو بیابان سے گذرتے ہوئے کربلا کی سرزمین پر بہو بہو کردہ تاریخ رقم کی، جو اپنی مثال آپ ہے، اور جس کو پڑھنے والا، اپنا ہو یا غیر، امام حسینؑ کے جذبۂ ایثار و قربانی سے متاثر ہوئے بغیر، اور آپؑ کے مصائب پر آنسو بہائے بغیر نہیں رہ سکے گا۔

◉ — فخرِ اولادِ ابراہیمؑ

جس نے اپنے بھائیوں، بیٹوں، بھتیجوں، بھانجوں، یاور و انصار، مونس و غم خوار اور بچپن کے ساتھیوں کی قربانی پیش کرنے کے بعد قربان گاہِ الفتِ خداوندی پر کچھ اس انداز سے اپنا سر رکھ دیا کہ قرآن مجید کی اس تمثیل کی حقیقی تصویر نظر آگئی جس کے بارے میں قدرت نے بہت دنوں قبل یہ اعلان کیا تھا کہ:

وَفَدَیْنَاہُ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ (ہم نے اُن کا فدیہ ذبحِ عظیم کو قرار دیا)

◉ — محافظِ اسلام

جس نے ایمان کی شمع کو روشن رکھنے کے لئے سب کچھ قربان کر دیا،

اور جن کی حیاتِ طیبہ میں جب ایسا مرحلہ پیش آیا کہ: یا اپنی شہادت پیش کریں یا اسلام کی ہلاکت برداشت کریں ——— تو آپ اس عزم کے ساتھ اٹھ کھڑے ہوئے کہ:

"اے دینِ خدا ——— اگر تو دربدر ہو رہا ہے تو حسینؑ گھر سے بے گھر ہو کر تیری حفاظت کرے گا۔

اگر تیری روح کو پامال کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے تو حسینؑ، بعدِ شہادت سمِ اسپاں سے پامال ہونا برداشت کرے گا لیکن تیری پامالی برداشت نہ کرے گا۔

اے شریعتِ مصطفےٰؐ ——— اگر تجھے سیرابی کی ضرورت ہے تو حسینؑ اپنے اکبرؑ و اصغرؑ، عباسؑ و قاسمؑ اور "۷۲" مجاہدینؑ کے پاک و پاکیزہ خون سے تجھے اس طرح سیراب کرے گا کہ پھر صبحِ قیامت تک خزاں کا کوئی جھونکا تیری رونق کو کم نہ کر سکے گا

اور اگر تیرا وقار ختم کرنے کی کوشش کی گئی، تو حسینؑ اپنی بہنوں، بیٹیوں، اور مخدّراتِ عصمت و طہارت کی چادریں دینا گوارہ کرکے، تیری آبرو باقی رکھے گا۔

◉ — فخرِ زینبؑ زہراؑ

وہ نازشِ حریت جسے ہر دور کے صاحبانِ فکر و نظر اپنے اپنے انداز میں نذرانۂ عقیدت پیش کرتے رہیں گے۔

کبھی اجمیر کا کوئی خواجہ:

شاہ است حسینؑ بادشاہ است حسینؑ — دین است حسینؑ دیں پناہ است حسینؑ
سر داد نداد دست در دستِ یزید — حقا کہ بنائے لا الہ است حسینؑ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

جیسا قطعہ پیش کر کے ذکرِ دوام حاصل کرے گا ـــــ اور کبھی کوئی شاعرِ خوش نوا :

اسلام کے دامن میں بس اسکے سوا کیا ہے
اک ضربِ یداللّٰہی اک سجدۂ شبیری

کا نعرہ بلند کر کے بدر سے کربلا تک کی تاریخ پیش کر دے گا۔
اور کبھی کوئی ہندو شاعر، مسلمانوں کو یوں مخاطب کرے گا کہ :

اپنا کوئی مرتا ہے تو روتے ہو تڑپ کر
اور سبطِ پیمبرؐ کا کبھی غم نہیں کرتے
ہمت ہو تو محشر میں پیمبرؐ سے بھی کہنا
ہم زندۂ جاوید کا ماتم نہیں کرتے

اور کبھی دُنیائے عرب کا مشہور صاحبِ قلم الاستاذ حسن احمد لطفی البیردنی یوں رقمطراز ہوتا ہے کہ :

فی بیت النبوۃ، المشرقۃ بالانسانیۃ المثلی، والمتصلۃ بالسماء لوشائج الوحی الالٰھی.
من اب ھو علیؑ بن ابی طالبؑ ـــــ الذی کان عنوان المروءۃ والرجولۃ، لیس فی التاریخ العربی وحدہ بل فی التاریخ الانسانیۃ جمعا ـــــ
ومن اُم، ھی فاطمۃ الزھراء بنت محمّد بن عبداللّٰہ التی تحمل قبسا من روحہ وفیضا من نورہ۔
ولد فی احدی لیالی شعبان من السنۃ الرابعۃ للھجرۃ، طفل لا کالاطفال.

تطل الانسانیۃ من وجوہ۔
وکانما من معانی الالوھیۃ وقد دعی ذلك الطفل حینا.

(نبوت کے ایسے گھر میں جہاں بیمثال انسانیت روشن و منوّر ہے اور جس گھر کا رابطہ وحیٔ خداوندی کے ذریعے آسمان (عرشِ الٰہی) سے وابستہ ہے۔
(حضرت) علیؑ بن ابی طالبؑ ایسے باپ، جو نہ صرف تاریخِ عرب میں، بلکہ پوری انسانی تاریخ میں سرنامۂ شجاعت و جوانمردی ہیں۔
اور (حضرت) فاطمہ زہراؑ بنت حضرت محمد مصطفٰےؐ جیسی ماں، جو روحِ مصطفٰےؐ اور نورِ رسالت کا ایک درخشندہ ٹکڑا ہیں۔
ان ہی دونوں بے مثال ماں باپ کے ذریعے، (حضرت امام حسین علیہ السلام) ماہِ شعبان (کی تیسری تاریخ) سنہ ۴ ہجری میں اس دنیا میں تشریف لائے۔
جو عالمِ طفلی میں بھی عام بچوں جیسے نہ تھے۔
بلکہ انسانیت کو شرف بخشنے والے اور معانیٔ الوہیت کا مظہر تھے۔
(کیونکہ) یہی بچہ (شہیدِ کربلا) حسینؑ کے نام سے مشہور ہوا)

(حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے : الاستاذ البیرنی دار الہلال ص۔)

۶

کبھی برادرانِ اہلسنّت کے نہایت مشہور و معروف عالمِ دین، اخطب خوارزم، حضرت ابو المؤید، الموفق احمد المکی اپنی کتاب میں اس تاریخی واقعہ کو نقل کرتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ :

ایک روز حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے خطبے کے دوران، لوگوں کو مخاطب کر کے ارشاد فرمایا،

یا معشر المسلمین ـــــ ھل ادلکم علی خیر الناس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جداوجدة ؟

قالوا : بلیٰ یارسول اللہؐ۔

قالؐ : علیکم بالحسنؑ والحسینؑ، فان جدھما محمدؐ و جدتھما خدیجہ بنتِ خویلد ...

یا معشرالسلمین ھل ادلکم علی خیرالناس ابا و اما؟

قالوا : بلیٰ یارسول اللہؐ۔

قالؐ ، علیکم بالحسنؑ والحسینؑ، فان اباھما علیؑ بن ابی طالبؑ یحب اللہ ورسولہ و یحبہ اللہ ورسولہ ـــــ و اُمھما فاطمہ بنت رسول اللہ شرفھما اللہ فی سماوات و ارضہ۔

ثم قالؐ : یا معشرالمسلمین ھل ادلکم علی خیرالناس عما وعمة ؟

قالوا بلیٰ یارسول اللہؐ۔

قالؐ : علیکم بالحسنؑ والحسینؑ ـــ فان عمھما جعفر ذوالجناحین الطیار مع الملائکة فی الجنة وعمتھما اُمّ ھانی بنتِ ابی طالبؑ .

ثم قالؐ :

اللھم انك تعلم ان الحسنؑ والحسینؑ فی الجنة ، وجدھما فی الجنة، وجدتھما فی الجنة ، وابا ھما فی الجنة، وامھما فی الجنة ...

وعمھما فی الجنة وعمتھما فی الجنة۔

ومن یحبھما فی الجنة، ومن یبغضھما فی النار۔

(اے گروہِ مسلمین!

کیا میں تمہیں بتاؤں کہ تمام لوگوں میں، اپنے نانا اور نانی کے لحاظ سے کون لوگ سب سے افضل ہیں ؟

لوگوں نے کہا : ہاں ـــ اے خدا کے رسولؐ ضرور بتایئے :

تو آپؐ نے ارشاد فرمایا، کہ :

حسنؑ و حسینؑ ـــ کیونکہ اُن کا نانا میں (محمدؐ) ہوں، اور ان کی نانی خدیجہؑ (الکبریٰ) ہیں ...

اس کے بعد آپؐ نے دریافت کیا :

اے گروہِ مسلمین! کیا میں تمہیں بتاؤں کہ ماں باپ کے اعتبار سے کون لوگ، سب سے افضل ہیں ۔؟

لوگوں نے عرض کیا کہ : ضرور ارشاد فرمائیے :

آنحضرتؐ نے فرمایا کہ : یہی حسنؑ و حسینؑ ـــ کیونکہ ان کے باپ علیؑ بن ابی طالب ہیں، جو خدا اور رسولؐ سے محبت کرنے والے بھی اور خدا اور رسولؐ کے محبوب بھی ـــ اور ان دونوں کی ماں فاطمہؑ (الزہرا) بنتِ رسول اللہ ہیں، جن کو خداوندِ عالم نے تمام آسمانوں اور زمین (گویا پوری کائنات میں) شرف عطا فرمایا ہے ....

پھر فرمایا کہ

اے گروہِ مسلمین ! ۔ کیا میں تمہیں بتاؤں کہ : اپنے چچا اور پھوپھی (دونوں) کے اعتبار سے کون لوگ سب سے افضل ہیں ۔ ؟

لوگوں نے گذارش کی کہ : حضورؐ ارشاد فرمائیے :

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آپؐ نے فرمایا کہ : یہی حسنؑ و حسینؑ —— جن کے چچا جعفر (طیار) ہیں جو جنت میں فرشتوں کے ساتھ پرواز کرتے ہیں —— اور ان دونوں کی پھوپھی ام ہانی بنت ابوطالبؑ ہیں (جن کے بیت الشرف سے خدا کے رسولؐ شبِ معراج، کائنات کے محیر العقول سفر پر روانہ ہوئے)

اس کے بعد حضورِ اکرمؐ نے خداوندِ عالم کی بارگاہ میں عرض کیا۔

خداوندا تو جانتا ہے کہ :

حسنؑ و حسینؑ بھی جنت میں ہوں گے، اُن کے جد بھی جنت میں ہوں گے۔ ان کی جدہ بھی جنت میں ہوں گی، ان کے باپ بھی جنت میں ہوں گے ان کی ماں بھی جنت میں ہوں گی... ان کے چچا بھی جنت میں ہیں، انکی پھوپھی بھی جنت میں —— اور جو ان سے محبت کرے گا وہ بھی جنت میں ہوگا۔

اور جو ان سے دشمنی کرے گا وہ جہنم میں (جائے گا)

حوالہ کیلئے ملاحظہ فرمایئے :

مقتل خوارزمی، جلد ۱، ص۱۱۲، ۱۱۳

حقیقت یہ ہے کہ : سرکارِ خامسِ آلِ عبا، سرورِ شہیداں، سردارِ جوانانِ جناں، حضرت امام حسین علیہ السلام کی حیاتِ طیبہ، آپ کے فضائل و مناقب، حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی آپ سے محبت، آپ کی عبادت، آپ کی سخاوت، آپ کی شجاعت، باطل کی سرکوبی کے لئے اپنے والدِ گرامی کے قدم بقدم معرکۂ کارزار میں آپ کی شرکت۔

پھر اپنے بھائی (حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام) کے دور میں

پیش آنے والے واقعات کے سلسلہ میں اُن کی مکمل تائید و نصرت۔

بھائی کی شہادت کے بعد بھی، حاکمِ شام سے کئے گئے وعدوں کی مکمل پاسداری۔

پھر امیرِ شام کے انتقال اور یزید کی طرف سے مطالبۂ بیعت کے بعد قبرِ رسولؐ پر آپؑ کی حاضری، ماں کے مزار سے جدائی اور کربلا کے لئے روانگی

واقعۂ کربلا اور اُس کے محرکات، اسباب و علل، آپؑ کے ساتھیوں کی جاں نثاری، تین دن کی بھوک و پیاس میں آپ کے اعوان و انصار کی بھرپور استقامت۔

دینِ خدا کی سربلندی کے لئے آپ کے ساتھیوں کا کمالِ اطمینان کے ساتھ جامِ شہادت نوش کرنا، جس کے بعد آپؑ کے اہلِ خاندان و اعزہ و اقارب، اولاد اور جگر کے ٹکڑوں کی شہادت، اور آخر میں آپؑ کا منزلِ شہادت پر فائز ہونا۔

عصرِ عاشور کے بعد اہلِ حرم کی گرفتاری، اور قید و بند کی حالت میں بھی، کوفہ و شام کے درباروں میں مقصدِ شہادت کی تشہیر جیسے موضوعات پر :

اُردو، فارسی، عربی، انگریزی، ہندی، گجراتی، سندھی، کاٹھیاواڑی، سواحلی ..... اور دنیا کی دیگر زبانوں میں، ہزاروں چھوٹی بڑی کتابیں، ہر دور میں شائع ہوتی رہی ہیں۔ جن کو اگر یکجا کیا جائے تو اتنا بڑا ذخیرہ جمع ہو جائے جس کی ضخامت سے کتب خانے اُبل پڑیں، اور اگر ان کی تلخیص کی جائے تو سینکڑوں جلدوں پر مشتمل ایسا انسائیکلوپیڈیا تیار ہو جائے جس میں آپ کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

حیاتِ طیبہ کا ہر پہلو روشن نظر آئے۔[1]

لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ: کربلا کے واقعے پر جتنا بھی کام ہوا ہو، پھر بھی فکر و نظر کے مختلف زاویوں سے کام کی گنجائش باقی رہے گی، اور جیسے جیسے اقوامِ عالم میں انسانیت اور انسانی قدروں کا شعور بیدار ہوتا جائے گا، ویسے ویسے کربلا، محورِ فکر و عمل بنتی جائے گی ——— بلکہ بقول شاعر:

انسان کو بیدار تو ہو لینے دو ہر قوم پکارے گی ہمارے ہیں حسینؑ

اب یہ اور بات ہے کہ جو لوگ سرکارِ سیّد الشہداء حضرت امام حسینؑ کے بارے میں یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ: "ہمارے ہیں حسینؑ"

اُن میں کتنے لوگ ایسے ہیں جنھوں نے اپنی سیرت و کردار، رفتار و گفتار، قول و عمل اور فکر و نظر کو حسینی تعلیمات کے سانچے میں اس طرح ڈھال لیا ہے کہ خود سرکارِ سیّد الشہداء اُن لوگوں کے بارے میں یہ فرما سکیں کہ:

"یہ ہمارے ہیں"

"حسینیت" ——— اگر ایک طرزِ فکر و عمل کا نام ہے، تو وہی لوگ اس مقدس عنوان سے وابستہ قرار دیئے جا سکتے ہیں جو اپنے

---

[1] ——— آج سے تقریباً انیس سال قبل (۱۳۸۱ھ ہجری میں) جب ساری دنیا میں حضرت امام حسین علیہ السلام کا چہاردہ صد سالہ جشنِ ولادت منایا جا رہا تھا، ہندوستان میں ایک ادارہ قائم ہوا تھا، جو سرکارِ سیّد الشہداء کی حیاتِ طیبہ اور آپ کی شہادت کے سلسلہ میں ایک انسائیکلو پیڈیا مرتب کرنا چاہ رہا تھا۔

اُس ادارے کے نمائندے، اسی سلسلہ میں کراچی بھی تشریف لائے تھے، مگر اس کے بعد آج تک یہ معلوم نہ ہو سکا، کہ وہ کام کہاں تک پہونچا۔

میری دعا ہے کہ اُس ادارہ کے کارکنان کے اذہان سے وہ منصوبہ محو نہ ہوا ہو تاکہ مسلمانانِ عالم ایک قیمتی انسائیکلو پیڈیا سے فیضیاب ہو سکیں۔

کردار سے اپنے مؤقف کی مضبوطی کو نمایاں کرنے کی سعی کرتے ہوں۔

کیونکہ، شاعر کی یہ بات، اپنے اندر، بہر حال ایک وزن رکھتی ہے کہ:

زباں سے کہہ بھی دیا لا الٰہ... تو کیا حاصل
دل و نگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں

زیرِ نظر کتاب میں، سرکارِ سیّد الشہداء حضرت امام حسینؑ کی حیاتِ طیبہ کے چیدہ چیدہ واقعات پر ایک اجمالی نظر ڈالنے کے بعد، واقعاتِ کربلا کی آفاقی حیثیت پر بھی گفتگو کی سعادت حاصل کی جائے گی، اور آخر میں امام عالی مقامؑ کے خطبات اور حکیمانہ تعلیمات کا بھی اقتباس پیش کیا جائے گا، تاکہ شمعِ حسینیتؑ کے پروانے، امام علیہ السلام کی حیاتِ طیبہ کے ساتھ ساتھ آپؑ کے گراں بہا ارشادات سے بھی اپنے قلوب کو منور کر سکیں۔

یہ بات ملحوظِ خاطر رہنی چاہیئے کہ:

چونکہ اس کتاب کو ایک محدود حجم کے اندر رکھنے کی پابندی ہے، اور سرکارِ سیّد الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام نے مدینۂ منورہ سے عصرِ عاشور تک کربلا میں، جو خطبے ارشاد فرمائے ہیں، وہ آپؑ کے مقصدِ شہادت، اور انقلابِ کربلا کے عوامل پر بہت واضح روشنی ڈالتے ہیں:

اس لئے کتاب کا تقریباً نصف حصہ آپؑ کے مختصر حالاتِ زندگی پر مشتمل ہوگا، اور باقی نصف حصے میں آپؑ کے خطبات (مع ترجمہ)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیش کئے جائیں گے، جن کو پڑھنے کے بعد واقعاتِ کربلا کے اسباب و علل کا بھی صحیح اندازہ ہوگا اور امام عالی مقامؑ جس مقصد کے لئے تشریف لے گئے اُس کے مکمل خدوخال بھی سامنے آئیں گے۔

پاک پروردگار اس خدمت کو قبول فرمائے۔
ہمارے اندر حسینی فکر کو سمجھنے کا شعور عطا فرمائے
اور ہمیں قول و عمل میں ویسا بنا دے جیسا ہمارے امامؑ چاہتے ہیں۔
آمین!

احقر
رضی جعفر نقوی

ولادتِ باسعادت

جیسا کہ مشہور ہے:
حضرت امام حسین علیہ السلام کی ولادتِ باسعادت ۳؍شعبان ۴ سنہ ہجری کو مدینہ منوّرہ میں ہوئی۔

مورخین کا بیان ہے کہ:
ایک روز جنابِ اُمّ ایمنؓ نے رات کو ایک ایسا خواب دیکھا اور صبح تک روتی رہیں، کسی طرح اُن کا گریہ ختم نہیں ہو رہا تھا۔
یہاں تک کہ حضورِ اکرمؐ ان کے پاس تشریف لائے، اور فرمایا کہ:
"تم کیوں رو رہی ہو؟"
کہنے لگیں: "اے خدا کے رسولؐ میں نے نہایت ہولناک خواب دیکھا ہے۔"
حضورِ اکرمؐ نے فرمایا کہ: خدا کے رسولؐ سے بیان کرو کیونکہ خدا و رسول (ہر بات کو) بہتر جانتے ہیں۔
کہنے لگیں کہ: اس قدر ہولناک ہے کہ مجھ سے بیان نہیں کیا جا رہا ہے۔
حضورِ اکرمؐ نے فرمایا کہ:
"کسی چیز کا خواب دیکھنا، اسے بیداری میں دیکھنے سے مختلف ہے"

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تم نے جو کچھ دیکھا ہے، پیغمبرِ خدا سے بیان کر دو۔

یہ سُن کر وہ بولیں کہ:

میں نے آج کی رات، خواب میں یہ منظر دیکھا ہے کہ جیسے آپ کے جسم کا ایک ٹکڑا میرے گھر میں ڈال دیا گیا ہے۔

حضورِ اکرمؐ نے خواب سُن کر (اظہارِ مسرت کرتے ہوئے) فرمایا:

"اے اُمِّ ایمنؓ!۔ (خوش ہو جاؤ) پروردگارِ عالم تمہیں خنکیِ چشم عطا کرے۔

(تم نے جو خواب دیکھا ہے، اس کی تعبیر یہ ہے کہ)

میری بیٹی فاطمہؑ کے یہاں (ایک فرزندِ ارجمند کی) ولادت ہوگی، (جس کا نام) حُسینؑ ہوگا، جو تمہاری آغوش میں آئے گا، تم اس کی پرورش (میں حصہ) لوگی۔ اس طرح میرے جسم کا ایک حصّہ (میرا نواسہ، میرا نورِ نظر) تمہارے گھر میں پہونچے گا۔"

(مناقب: ابنِ شہر آشوب جلد ۳، صفحہ ۲۲۶)

۵

اور حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیشین گوئی کے عین مطابق، جب شہزادیِ کونینؑ کے ہاں حضرت امام حُسین علیہ السلام کی ولادت باسعادت ہوئی....

اور جنابِ اُمِّ ایمنؓ نے حضورِ اکرمؐ کی خدمت میں ان کے پیارے نواسے کو پیش کیا تو آپؐ نے ارشاد فرمایا:

جس آغوش نے اس بچّے کو اٹھا رکھا ہے، اور جو بچّہ اس آغوش میں ہے، دونوں کو خوش آمدید!

(اے اُمِّ ایمنؓ) یہ ہے تمہارے خواب کی تعبیر!۔

(مناقب: ابنِ شہر آشوب جلد ۳، صفحہ ۲۲۶)

۶

جنابِ شیخ عباس قمی کا بیان ہے کہ:

شیخ طوسی علیہ الرحمۃ نے معتبر اسناد کے ساتھ حضرت امام علی رضاؑ کا یہ فرمان نقل کیا ہے کہ:

جب حضرت امام حسین علیہ السلام کی ولادت باسعادت ہوئی تو حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنابِ اسماء بنتِ عمیسؓ سے فرمایا کہ:

اسماء! میرے فرزندؑ کو میرے پاس لاؤ۔

اسماءؓ کہتی ہیں کہ: میں نے ایک سفید لباس پہنا کر امام حُسینؑ کو حضورِ اکرمؐ کی خدمتِ اقدس میں پیش کیا۔

آنحضرتؐ نے انھیں گود میں لیا، ان کے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہی، جس کے بعد جبرئیلِ امین نے حضورِ اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ:

"خداوندِ عالم نے آپ کی خدمت میں سلام بھیجا ہے، اور یہ فرمایا ہے کہ: حضرت علیؑ کی آپ سے وہی نسبت ہے جو حضرت ہارونؑ کی حضرت موسیٰؑ سے تھی (اور ہارونؑ کے بیٹوں میں سے بڑے کا نام شبّر اور چھوٹے بیٹے کا نام شبیر تھا، اس لئے آپ اسی مناسبت سے نام رکھیئے، اور چونکہ آپ کی زبان عربی ہے لہٰذا "حسین" نام رکھیے (جو شبیر کے ہم معنی ہے)۔

(منتہی الآمال جلد ۱، صفحہ ۵۹ طبع جدید)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مولود مسعود کی برکت سے فرشتے کی شفایابی

خاندانِ رسالت، خصوصاً خمسہ نجباء (پنجتن پاک علیہم السلام) کو مالکِ دوجہاں نے جو عظمت و جلالت عطا کی ہے وہ پوری کائنات میں سب سے منفرد، اور سب سے ممتاز ہے۔

یہ وہ بارگاہ ہے جہاں سے فرش والوں کے علاوہ عرش والے بھی فیض یاب ہوتے رہے ہیں۔

اور کیوں نہ ہو ——

جب مالکِ دوجہاں نے حضورِ اکرم خاتم الانبیاء احمدِ مجتبیٰ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو پوری کائنات کے لئے رحمت قرار دیا، جیسا کہ قرآن مجید میں خالقِ دوجہاں کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ

(اور ہم نے آپ کو تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے)

اور کائنات (یا تمام جہانوں) میں جمادات، نباتات، حیوانات، انسان، جنات سب ہی شامل ہیں۔

جمادات میں تمام اجسام و پہاڑ، نباتات میں تمام اشجار اور باغات۔

حیوانات میں خشکی و تری کے تمام جانور، نیز دریا، سمندر، نہریں آبشار... غرض جو کچھ آسمان و زمین کے درمیان موجود ہے سب شامل ہیں۔

اس کے دائرے میں وہ تمام مخلوقات بھی ہیں جو زمین سے تعلق رکھتی ہیں، اور وہ تمام مخلوقات بھی جو آسمان سے تعلق رکھتی ہیں۔ اور جس پیغمبرؐ کو خداوند عالم نے پوری کائنات کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے، اسی نے اپنے اہلبیتؑ کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے کہ۔

لحمھم لحمی، ودمھم دمی، یولمنی مایولمھم ویحزننی مایحزنھم، انا حرب لمن حاربھم وسلم لمن سالمھم، وعدو لمن عاداھم ومحب لمن احبھم۔

انھم منی وانا منھم

(ان کا گوشت میرا گوشت ہے۔ ان کا خون میرا خون ہے۔
جو بات انھیں تکلیف پہونچائے گی وہ مجھے تکلیف پہونچائے گی۔
جو چیز انھیں رنجیدہ کرے گی وہ مجھے رنجیدہ کرے گی۔
جو ان سے جنگ کرے گا اُس سے میری جنگ ہے۔
اور جو ان سے صلح کرے گا، اُس سے میری صلح ہے۔
جو ان سے عداوت رکھے گا، میں اُس کا دشمن ہوں۔
جو ان سے محبت کرے گا، میں اُس سے محبت کرنے والا ہوں،
(کیونکہ) یہ مجھ سے ہیں، اور میں ان سے ہوں)

یہ فقرہ، دنیا بھر کے صاحبانِ فکر و نظر کو دعوتِ فکر دے رہا ہے کہ حضورِ اکرمؐ جن کے لئے مالکِ دوجہاں نے ارشاد فرمایا ہے کہ:

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۔ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى

(وہ اپنی خواہشِ نفس سے گفتگو نہیں کرتے، بلکہ یہ تو صرف

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

وحی ہے، جو اُن پر بھیجی جاتی ہے)

اُس پیغمبرؐ نے اہلبیتؑ طاہرینؑ کے بارے میں اعلان فرمادیا کہ:

"یہ مجھ سے ہیں، میں ان سے ہوں"

اور ـــ فارسی شاعر نے اس مفہوم کی یُوں ترجمانی کی ہے کہ:

تا کس نگوید بعد ازاں
من دیگرم تو دیگری

اب جن مقدس ہستیوں کے گوشت اور خون کو حضورِ اکرمؐ نے اپنا گوشت و خون قرار دیا ہو، وہ اگر حضورِ اکرمؐ ہی کی طرح، ساری مخلوقات کے لئے سرچشمۂ فیض وجود اور منبع رحمت و کرم بن جائیں تو کسی کو تعجب نہ ہونا چاہیئے۔

لہٰذا اگر تاریخ کے صفحات پر یہ واقعہ نظر آئے کہ:

امام حسینؑ علیہ السلام کی ولادت باسعادت کے موقع پر جب آسمان سے فرشتوں نے نازل ہو کر حضورِ اکرمؐ کی بارگاہ میں مبارکباد پیش کی، اور پھر حسینؑ کے جسم ـ یا اُن کے گہوارے سے ـ مَس ہونے کی بنا پر فطرس کو دوبارہ "بال و پر" مل گئے، اُس کی خطا بخشی گئی، اور وہ پرواز کے قابل ہو گیا، تو اس سے انکار کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟

چنانچہ جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ اور دیگر اکابرِ ملت کا بیان ہے کہ:

"جب حضرت امام حسینؑ کی ولادت باسعادت ہوئی تو خداوندِ عالم نے جبرئیلِ امین کو حکم دیا کہ فرشتوں کے ساتھ حضورِ اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہوں اور خداوندِ عالم کی طرف سے آپ کو مبارکباد پیش کریں۔

اور جب جبرئیلِ امین، زمین کی طرف جا رہے تھے، اُن کا گذر ایک جزیرہ کی طرف سے ہوا، جہاں پر فطرس زیرِ عتاب تھا...

فطرس نے جب یہ منظر دیکھا کہ جبرئیلِ امین بکثرت فرشتوں کے ساتھ زمین کی طرف تشریف لیے جا رہے ہیں تو اُس نے جناب جبرئیلؑ سے پوچھا کہ:

"کہاں کا ارادہ ہے؟

جبرئیلِ امین نے فرمایا کہ:

چونکہ خداوندِ عالم نے (اپنے حبیب حضرت) محمد مصطفیٰؐ کو ایک (عظیم الشان) نعمت عطا فرمائی ہے (اُن کے چھوٹے نواسے حسینؑ دنیا میں تشریف لائے ہیں) اس لئے ہم لوگوں کو بھیجا ہے کہ حضورِ اکرمؐ کی خدمت میں مبارکباد پیش کریں۔

فطرس نے عرض کیا۔

"اے جبرئیل ـ مجھے بھی اپنے ساتھ لے چلو، شاید حضورِ اکرمؐ میرے لئے دعا فرمائیں، اور پروردگارِ عالم کی طرف سے مجھے بخشش نصیب ہو۔

جناب جبرئیلِ امین نے اُس فرشتے کو اپنے ساتھ لیا، اور جب حضورِ اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر سلام اور مبارکباد پیش کر چکے تو "فطرس" کی حالت بیان کر کے اُس کے بارے میں سفارش کی۔

آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا کہ:

فطرس سے کہو: اپنے جسم کو "اس مولودِ مسعود" (حسینؑ) سے مَس کرے اور اپنی جگہ واپس چلا جائے۔

یہ سُن کر فطرس نے اپنا جسم حضرت امام حسین علیہ السلام سے مَس کیا

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور اُس کے بال و پر واپس آ گئے۔

روایت کے الفاظ ہیں کہ: (بال و پر واپس ملنے کے بعد) فطرس پرواز کرتا ہوا آسمان کی طرف روانہ ہوا، اور یہ کہتا ہوا چلا کہ:

مَنْ مِثْلِی، اَنَا عَتِیْقُ الْحُسَیْنِ ـــــ !

"میرے جیسا کون ہے۔؟ میں تو حسینؑ بن علیؑ کا آزاد کردہ ہوں"۔

(حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے: امالی شیخ طوسی، صفحہ نمبر ۳۶۷
امالی شیخ صدوق ص۸۰، کامل الزیارات: ابن قولویہ ص ۶۴
بحار الانوار جلد ۴۳، صفحہ ۲۴۵، منتہی الآمال جلد ۱، صفحہ ۳۹۱، ۳۹۲)
وغیرہ

شیخ صدوق علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ:

فطرس نے آسمان کی طرف جانے سے قبل حضورِ اکرمؐ کی خدمت میں یہ بھی عرض کیا:

"اے خدا کے رسولؐ ـــ آپ کی اُمت، آپ کے اس نورِ نظر کو شہید کر دیگی۔ البتہ مجھ پر انہوں نے جو احسان فرمایا ہے، اُس کی بنا پر میں یہ ذمہ لیتا ہوں کہ (مشرق و مغرب میں جہاں بھی) کوئی شخص انکی زیارت پڑھے گا اس کی زیارت کو امامؑ کی خدمت میں پیش کروں گا، جو شخص انھیں سلام کریگا، اس کا سلام امامؑ تک پہونچاؤں گا، اور جو شخص ان کی خاطر درود پڑھے گا، اس کا درود امام علیہ السلام تک پہونچانے کا فرض ادا کروں گا۔

(امالی شیخ صدوق ص۸۰)

نامناسب نہ ہوگا، اگر اس جگہ اُس روایت کا بھی ذکر کر دیا جائے جسے "موسوعہ کلمات الامام الحسین" کے مؤلف نے علامہ مجلسی علیہ الرحمہ کے حوالے سے بیان کیا ہے:

جنابِ سلمان فارسیؓ کہتے ہیں کہ:

حضرتِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں، بغیر موسم کے، کچھ انگور تحفہ کے طور پر پیش کئے گئے تو آپؐ نے فرمایا:

"اے سلمانؓ! میرے فرزندوں حسنؑ و حسینؑ کو لاؤ، تاکہ وہ بھی میرے ساتھ یہ انگور تناول کریں۔

سلمانؓ کہتے ہیں کہ:

میں حکمِ رسول کے مطابق روانہ ہوا، اور جنابِ فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا کا دروازہ کھٹکھٹایا، مگر وہ دونوں شہزادے وہاں موجود نہیں تھے۔

میں نے واپس جا کر حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بتایا کہ: آپ کے دونوں نواسے گھر میں موجود نہیں ہیں۔

یہ سن کر حضورِ اکرمؐ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑے ہوئے اور بچوں کی تلاش میں نکلے، اور اُن کے نہ ملنے سے آپ انتہائی مضطرب نظر آ رہے تھے۔

(بار بار) کھڑے ہوتے تھے، اور فرماتے تھے:

"اے میرے بچو! اے میری آنکھوں کی ٹھنڈک (اے میرے لئے راحتِ جاں)۔

پھر فرمایا کہ:

"جو شخص بھی مجھ تک ان بچوں کو پہونچائے گا اُسے جنت کی بشارت دیتا ہوں!

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسی اثناء میں جبرئیلؑ امین تشریف لائے اور دریافت فرمایا :

"اے خدا کے رسولؐ آپ اس قدر بے چین کیوں ہیں؟

فرمایا کہ : میں اپنے فرزندوں : حسنؑ و حسینؑ کے لئے پریشان ہوں اور مجھے اُن دونوں کے بارے میں یہودیوں کی شرارت کا اندیشہ ہے [1]

یہ سُن کر جبرئیلِ امین نے کہا کہ :

(یہودیوں کی شرارت اپنی جگہ) البتہ آپ ان دونوں شہزادوں کے بارے میں منافقین کی ریشہ دوانیوں کی طرف توجہ فرمائیں، کیونکہ وہ یہودیوں سے زیادہ مکار ہیں۔

(اس کے بعد جبرئیلؑ امین نے خبر دی)

"یا حضرتؐ ـــــ آپکے دونوں شہزادے ۔ حسنؑ و حسینؑ ۔ اس وقت بنو دحداح کے باغ میں آرام کر رہے ہیں۔

یہ سُن کر آنحضرت اُسی وقت مذکورہ باغ کی طرف روانہ ہو گئے وہاں پہونچے تو یہ منظر دیکھا کہ : دونوں شہزادے ایک دوسرے کے

---

[1] اس فقرے سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ واقعہ ان دونوں شہزادوں کی انتہائی کمسنی کے زمانہ کا ہے کیونکہ ۷ھ ہجری میں تو خیبر فتح ہو گیا تھا، جس کے بعد یہودیوں کی شرارت کا کوئی امکان باقی نہیں رہا۔

فتح خیبر کے وقت حضرت امام حسنؑ کی عمر ۴ سال اور امام حسینؑ کی عمر ۳ سال کے قریب تھی جب کہ یہ واقعہ اس سے قبل کا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ اُس وقت ان شہزادوں کی عمریں اور بھی کم تھیں۔

نیز، حضورِ اکرمؐ کے اضطراب سے اندازہ ہوتا ہے کہ :

قوم یہود اپنی شرارت اور بد اعمالی میں کتنی آگے بڑھی ہوئی تھی کہ حضورِ اکرمؐ کو اپنے کمسن شہزادوں کے بارے میں ہر وقت فکر دامنگیر رہتی تھی کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ان دونوں شہزادوں کو تنہا پاکر قوم یہود کے بدسرشت افراد انھیں گزند پہونچانے کی کوشش کریں۔

گلے میں باہیں ڈالے ہوئے سو رہے ہیں اور اُن کے نزدیک ہی ایک خوفناک "جانور" ہے، جس کے منہ میں پھول کی ایک ٹہنی ہے جس کے ذریعہ سے وہ اُن دونوں کے چہرے پر گویا پنکھا جھل رہا ہے۔

جب اُس جانور نے حضرت رسولؐ خدا کو دیکھا تو اپنے منہ سے وہ ٹہنی گرادی، اور (حضورِ اکرمؐ کو مخاطب کر کے بولا) :

خدا کے رسولؐ آپ پر سلام ہو۔

"میں درحقیقت "جانور" نہیں ہوں ـــــ بلکہ ملائکہ کروبین میں سے ایک فرشتہ ہوں، کچھ دیر کے لئے ذکرِ خدا سے غافل ہو گیا تھا، تو خداوندِ عالم نے سزا کے طور پر مجھے اس صورت میں تبدیل کر دیا، جیسا آپ ملاحظہ فرما رہے ہیں۔

پھر مجھے آسمانوں سے نکال کر زمین پر ڈال دیا گیا

کئی برس گذر چکے ہیں، میں خداوندِ عالم کی بارگاہ میں گذارش کرنے کیلئے ایسے صاحب فضل و کرم بندے کی تلاش میں ہوں جو میری سفارش کر دیں تو ہو سکتا ہے خداوندِ عالم میرے حال پر رحم فرمائے اور پہلے کی طرح دوبارہ فرشتہ بنا دے، بیشک وہ ہر چیز پر قدرتِ کاملہ رکھتا ہے۔

ؤ

حضورِ اکرمؐ نے (بچوں کو دیکھا تو) اُن کے قریب گئے اور انھیں پیار کرنا شروع کیا یہاں تک کے دونوں جاگ گئے اور حضورِ اکرمؐ کے زانو پر بیٹھ گئے۔

اب آنحضرتؐ نے ان دونوں شہزادوں سے فرمایا :

اے بیٹو ـ یہ اللہ کے فرشتوں میں سے ایک فرشتہ تھا، لمحہ بھر کیلئے ذکرِ خدا سے غافل ہوا تو اللہ نے اِس کو (جانور کی شکل میں تبدیل

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کردیا۔ میں تم دونوں سے اس کی سفارش کرتا ہوں، تم دونوں خداوندِ عالم سے سفارش کردو۔

یہ سن کر دونوں شہزادوں نے اٹھ کر وضو کیا، دو رکعت نماز پڑھی، اور پھر یہ دعا کی:

اللّٰھُم بحق جدنا الجلیل الحبیب محمّد المصطفیٰ، وبابینا علی المرتضیٰ وبامنا فاطمۃ الزھراء، ردہ الی حالتہ الاولیٰ۔

(خداوندا۔ تجھے ہمارے جلیل القدر نانا، تیرے حبیب حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، ہمارے والد حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام، ہماری مادرِ گرامی جناب فاطمۃ الزہرا، کا واسطہ کہ تو اس (فرشتے) کو اس کی سابقہ حالت پر پلٹا دے۔

جیسے ہی شہزادوں کی دعا مکمل ہوئی، جبرئیلؑ امین آسمان سے فرشتوں کے ایک گروہ کے ساتھ نازل ہوئے، اور اس فرشتے کو خوشخبری سنائی کہ خداوندِ عالم (نے دعا قبول فرمالی) اس فرشتے سے راضی ہوگیا، اور اب اُسے اُس کی سابقہ حالت پر پلٹا رہا ہے۔

پھر تمام فرشتے، خداوندِ عالم کی تسبیح پڑھتے ہوئے آسمان کی طرف چلے گئے ———— اور جبرئیلؑ امین خوشی کے ساتھ حضور اکرمؐ کی طرف واپس آئے، اور کہا۔

"اے خدا کے رسولؐ، وہ فرشتہ (جسے شفا نصیب ہوئی) آسمان کے دوسرے فرشتوں پر فخر کرتا اور یہ کہتا (ہوا گیا) ہے کہ:

"من مثلی وانا فی شفاعۃ السیدین السبطین: الحسنؑ والحسینؑ"

(میرے جیسا کون ہوسکتا ہے، میری سفارش (پیغمبر اکرمؐ کے) دونوں نواسوں، امام حسنؑ اور امام حسینؑ نے فرمائی ہے، جو سید و سردار ہیں)

ملاحظہ فرمایئے: موسوعۃ کلمات امام حسینؑ (صفحہ ۹، ۱۰)

بحوالہ بحار الانوار جلد ۴۳ صفحہ ۳۱۲ اور العوالم جلد ۱۶)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تہنیت اور تعزیت

امام مظلوم کی شہادت کی خبر، بزمِ ملکوت کے فرشتوں نے جب سُنی، تو انہوں نے بھی غم منایا، اور جب حضورِ اکرمؐ کی خدمت میں نواسہ کی ولادت باسعادت کے موقع پر ملائکہ مقربین تہنیت اور مبارکباد پیش کرنے کیلئے حاضر ہوئے، تو انہوں نے حضورِ اکرمؐ کی خدمت میں تعزیت بھی پیش کی جیساکہ فطرس والی روایت میں بھی اس کی طرف اشارہ گذرا۔

جنابِ شیخ قمی تحریر فرماتے ہیں کہ:

(حضرت امام حسینؑ اپنے نانا رسولؐ خدا کی آغوش میں تھے، جب آپؑ کو فرشتوں نے نواسے کی مبارکباد پیش کی، اور واقعۂ شہادت بیان کرکے تعزیت پیش کی، تو) حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نواسے کو بوسہ دیا، گریہ کیا، اور ارشاد فرمایا، کہ:

(اے نورِ نظر) "تمہیں بہت عظیم مصائب کا سامنا ہے۔"

(پھر آپؐ نے دستِ دعا بلند کرکے فرمایا:)

"خداوندا! (حسینؑ کے قاتلوں پر لعنت فرما۔"

(ملاحظہ فرمایئے: منتہی الآمال جلد۱ صفحہ۹۰)

❊

مُسلمانوں کے تمام مکاتبِ فکر کے نزدیک یہ تسلیم شدہ بات ہے کہ:

حضورِ اکرمؐ کا قول بھی حجت ہے، فعل بھی اور تقریر بھی۔

یعنی اگر آپؐ نے کوئی بات کہی ہو تو وہ بھی سند ہے۔

کوئی عمل انجام دیا ہو تو وہ بھی سند ہے۔

اور آپؐ کے سامنے کوئی عمل انجام دیا گیا ہو اور آپ نے منع نہ فرمایا ہو تو آپؐ کا یہ طرزِ عمل بھی سند ہے۔

اور مذکورہ بالا روایت میں اس بات کی تصریح ہے کہ:

حضورِ اکرمؐ نے امام حسینؑ پر گریہ فرمایا اور آپؑ کے قاتلوں پر لعنت فرمائی۔ جس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ:

حضرت امام حسینؑ پر رونا بھی سنتِ رسولؐ ہے —— اور آپؑ کے قاتلوں پر لعنت کرنا بھی سنتِ رسولؐ ہے۔

❊

اور جنابِ شیخ طوسی کی کتاب "امالی" کی روایت ہے کہ:

جب قیامت کا دن ہوگا تو حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (اپنے نواسے) حضرت امام حسینؑ کے ساتھ عرصۂ محشر میں تشریف لائیں گے اپنا دستِ مبارک، امام حسینؑ کے سرِ اقدس پر رکھیں گے، جس سے خون بہہ رہا ہوگا۔ پھر خداوند عالم کی بارگاہ میں فریاد کریں گے:

"پالنے والے —— میری اُمّت سے باز پُرس فرما —— ان لوگوں نے میرے نواسے کو کیوں شہید کیا ——؟"

(ملاحظہ فرمایئے: امالی شیخ طوسی صفحہ، حدیث ۲۶۸)

❊

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام حسینؑ اپنے نانا رسولِ خدا کی آغوش میں تھے اور آنحضرتؐ اُن کے ساتھ کھیل بھی رہے تھے انھیں ہنسا بھی رہے تھے۔

یہ دیکھ کر آپؐ کی شریکِ حیات نے کہا کہ:

"اے خدا کے رسولؐ ۔۔۔ آپ کس قدر اس بچّے کے ساتھ خوش ہیں!

یہ سُن کر آپؐ نے فرمایا کہ:

"یہ بچّہ، میرا میوہ دل ہے، نورِ نظر ہے، میں کیسے خوش نہ ہوں!! البتّہ (نہایت رنج و افسوس کی بات یہ ہے کہ) میری امّت کے لوگ اِن کو شہید کریں گے۔

لیکن

جو لوگ، ان کی شہادت کے بعد، ان کی زیارت کریں گے، پروردگارِ عالم انھیں حج کا ثواب عطا کرے گا۔

(حوالہ کیلئے ملاحظہ فرمایئے: کامل الزیارات ص۶۱

اور منتہی الامال جلد۱ ص۶۱۷ ۔ وغیرہ)

۶

اور بعض روایات سے تو اندازہ ہوتا ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی ولادتِ باسعادت سے قبل ہی، حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو خداوندِ عالم کی طرف سے یہ خبر دی جا چکی تھی کہ:

"آپ کا یہ فرزند شہید ہوگا۔

... اور جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کو بھی اس بات کی خبر تھی، جس کا آپؐ کو بہت رنج تھا۔

چنانچہ حافظ رشید الدین ابو عبد اللہ محمد بن علی ۔۔۔ المعروف با بن شہر آشوب ابن ابو نصر ابن ابو جیش السروی المازندرانی ۔۔۔ نے اپنی مشہور کتاب "مناقب" میں لکھا ہے کہ:

"ان اللہ تعالیٰ هنأ النبیؐ بحمل الحسینؑ، وولادته، وعزاه بقتله، فعرفت فاطمهؑ، فكرهت ذلك..."

(جب امام حسینؑ شکمِ مادر میں تھے تو خداوندِ عالم نے اُن کی دنیا میں تشریف آوری کے بارے میں حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو مبارکباد بھی پیش کی۔

اور اُن کے شہید ہونے کی تعزیت بھی پیش کی۔

یہ بات جنابِ فاطمہ زہراؑ کو معلوم ہوئی تو آپؑ کو بہت رنج پہنچا۔

....

(ملاحظہ فرمایئے "کتاب الانوار"

بحوالہ: مناقب ابن شہر آشوب جلد۳ ص۲۰۹)

۷

شہر بن حوشب کا بیان ہے کہ:

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر وحی نازل ہو رہی تھی، اور اس وقت امام حسین علیہ السلام آپؐ کے کاندھوں پر تھے۔

جبرئیلؑ نے (یہ منظر دیکھ کر حضورِ اکرم سے) دریافت کیا:

"کیا آپ اِس بچے سے (بہت) محبّت کرتے ہیں۔؟"

حضورِ اکرم نے فرمایا: کیا میں اپنے فرزند سے محبّت نہ کروں؟

یہ سن کر جبرئیلؑ امین نے کہا کہ:

"آپؐ کے بعد آپ کی اُمّت، اِن کو قتل کر دے گی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پھر جبرئیلؑ امین نے تھوڑی سی سفید مٹی اٹھائی، اور حضورِ اکرم سے کہا کہ،

"اے خدا کے رسولؐ!

"جس جگہ آپؐ کا یہ فرزند شہید کیا جائے گا اُس کا نام طف (کربلا) ہے، اور یہ خاک، اُسی سرزمین کی ہے۔

(مناقب ابن شہر آشوب جلد ۳ صفحہ ۲۱۳)

اسی طرح، اربابِ تاریخ نے جناب اُمِ سلمیٰؓ کی یہ روایت بھی معتبر اسناد کے ساتھ نقل کی ہے کہ :

"حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے چھوٹے نواسے کے ساتھ کھیل رہے تھے، کبھی پیشانی کو چومتے، کبھی رخسار کا بوسہ لیتے، کبھی کاندھے پر بٹھاتے اور کبھی آغوش میں لیتے... اس دوران میں دوسرے کمرے میں چلی گئی۔

اچانک مجھے حضورِ اکرم کے رونے کی آواز آئی۔

میں آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئی، اور آپؐ سے رونے کا سبب پوچھا، تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ :

ابھی ابھی جبرئیلِ امینؑ آئے تھے جنھوں نے خبر دی ہے کہ میرا یہ نواسہ کربلا کی سرزمین پر، تین دن کا بھوکا پیاسا شہید ہوگا۔

(نقل بالمعنیٰ)

اس مضمون کی دوسری روایات سے عالمِ اسلام کی معتبر کتابیں بھری ہوئی ہیں، جن میں سے ہم نے اس جگہ صرف چند روایتوں کا

تذکرہ کیا، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ :

فرشتے، جو حضورِ اکرم کی خدمت میں اُن کے نواسے کی ولادت پر مبارکباد پیش کر رہے تھے، وہ آپؐ کی شہادت کی خبر سُنا کر تعزیت بھی پیش کر رہے تھے۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آپ کے کچھ القاب

علامہ رشید الدین ابو عبداللہ محمد بن علی بن شہر آشوب ابن ابو نصر ابن ابی جیش سروی مازندرانی نے اپنی مشہور کتاب "المناقب" میں سرکار سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام کے بعض القاب کو مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ قلمبند کیا ہے (جسے ترجمہ کے ساتھ پیش کرنے کی سعادت حاصل کی جارہی ہے)

الشهيد السعيد، والسبط الثانى، والامام الثالث المبارك والتابع لمرضات الله، المحقق بصفات الله والدليل على ذات الله، افضل ثقات الله، الشغول ليلا ونهاراً بطاعة الله، الشارى بنفسه لله، الناصر لاولياء الله، المنتقم من اعداء الله، الامام المظلوم، الاسير المحروم الشهيد المرحوم، القتيل المعصوم، الامام الشهيد الولى الرشيد الوصى السديد، الطريد الفريد، البطل الشديد.

الطيب الوفى، الامام الرضى، ذوالنسب العلى، المنفق الملى، ابوعبدالله الحسين بن علىؑ

منبع الائمة، شافع الامه، سيد شباب اهل الجنة،

وعبرة كل مومن ومومنه.

صاحب المحنة الكبرىٰ والواقعة العظمىٰ وعبرة المومنين فى دار البلوىٰ ومن كان بالامامة احق واولى، المقتول بكربلا، ثانى السيد الحصور يحيى ابن النبى الشهيد زكريا، الحسين بن على المرتضىٰ، زين المجتهدين، وسراج المتوكلين، مفخر ائمة المهتدين، وبضعة كبد سيد المرسلين.

نور العترة الفاطميه وسراج الانساب العلويه و شرف غرس الاحساب الرضويه، المقتول بايدى شر البريه.

سبط الاسباط وطالب الثار يوم الصراط.

اكرم العتر، واجل الاسر، واثمر الشجر، وازهر البدر،

معظم مكرم موقر، منظف مطهر.

اكبر الخلائق فى زمانه فى النفس، واعزهم فى الجنس.

اذكاهم فى العرف، واوفاهم فى العرف.

اطيب العرق. واجمل الخلق، واحسن الخلق.

قطعة النور، ولقلب النبى سرور، المنزه عن الافك والزور، وعلى تحمل المحن والاذى صبور، مع القلب المشروح حسور.

مجتبىٰ الملك الغالب، الحسينؑ بن علىؑ بن ابى طالبؑ

و،

من ابوه الرسولؐ، وامه البتولؑ.

وشاهده التوراة والانجيل.

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وناصرۃ التاویل والتنزیل۔
والمبشر بہ جبرئیل ومیکائیل۔
غذتہ کف الحق
وربی فی حجر الاسلام
ورضع من ثدی الایمان

(مناقب: ابن شہر آشوب: ۳: ۲۳۲-۲۳۳)

شہید سعید۔
دوسرے نواسے۔
تیسرے امام۔
صاحب یمن و برکت۔
خوشنودی خدا کے مطابق عمل کرنے والے۔
صفاتِ الہٰی کے مظہر اور پرتو۔
ذاتِ الہٰی پر دلیل و برہان۔
اللہ پر اعتماد کرنے والوں میں افضل۔
شب و روز خدا کی اطاعت میں مصروف رہنے والے۔
اپنی ذات کا سودا کر کے خوشنودی پروردگار حاصل کرنے والے۔
اولیائے خدا کے ناصر و مددگار
دشمنانِ خدا سے حقِ انتقام رکھنے والے۔
امامِ مظلوم۔
محرومیوں کے صحرا میں گرفتار۔
وہ شہید و قتیل جس پر رحمتِ الہٰی سایہ فگن ہے۔

شہادت پر فائز ہونے والا مقتدا۔
صاحب ارشد و ہدایت ولی۔
صاحب استقامت وصی۔
وہ شجاع و جواں مرد ـــــ (جس کے ساتھیوں کو شہید اور اسیر) یک و تنہا کر دیا گیا۔
پاک و پاکیزہ صاحبِ وفا
پسندیدہ پیشوا۔
بلند مرتبہ نسب والا۔
ہر وقت داد و دہش کرنے والا صاحب۔ استغنا۔
ہمارا آقا ابو عبداللہ حضرت امام حسین علیہ السلام
معدن امامت
شفیع امت
جوانانِ جنت کا سردار۔
اور ہر مومن اور مومنہ کیلئے سرمایۂ نصیحت۔
مہتم بالشان آزمائش (سے گذرنے) والا
اس دار ابتلاء میں صاحبانِ ایمان کیلئے سبق آموز۔
امامت و رہنمائی کا سب سے زیادہ حقدار۔
کربلا کی سرزمین پر شہید کیا جانے والا۔
مثلِ جنابِ یحیٰ بن زکریا، سید شہید بالجفا۔
(حضرت امام حسینؑ فرزند (حضرت) علی مرتضیٰ۔
راہِ خدا میں) جہاد کرنے والوں کی زینت۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(خدا پر) اعتماد کرنے والوں کے لئے چراغ (راہ)۔
ہدایت یافتہ رہنماؤں کیلئے باعثِ افتخار۔
اور سردارِ انبیاءؐ کا لختِ جگر۔
عترتِ طاہرہ (حضرت فاطمہ زہراؑ) کا نور۔
علوی خاندان کا چراغ۔
بلند مرتبہ اور پسندیدہ شجرۂ نسب کا فضل و شرف۔
جو بد سرشت (اور جفا کار لوگوں کے) ہاتھوں شہید کیا گیا۔
اولادِ انبیاءؑ میں نہایت عالی وقار۔
جس کے خون کا روزِ محشر انتقام لیا جانے والا ہے۔
عترت کے لحاظ سے سب سے معزز۔
خاندان کے اعتبار سے سب سے بلند۔
شجرہ کے لحاظ سے سب سے زیادہ (بابرکت) و ثمر بار۔
روشن ماہتاب۔
صاحبِ عظمت و کرم و وقار۔
پاکیزہ، طیّب و طاہر۔
نفس کے اعتبار سے اپنے زمانہ میں سب سے بلند مرتبہ۔
اور مرتبہ کے لحاظ سے سب سے زیادہ معزز۔
سب سے زیادہ صاحبِ فہم و فراست اور صاحبِ ایثار و وفا۔
جس کا خاندان طیّب و طاہر۔
جس کی خلقت سب سے جمیل۔
جس کے اخلاق سب سے حسین۔

پارۂ نور۔
قلبِ پیغمبرؐ کا سرور
شدائد و آزمائش کی برداشت میں سب سے زیادہ صبور۔
ہر لغو و لاطائل سے دور۔
اور جس کا قلب آلائشوں سے منفور۔
اللہ کی طرف سے منتخب روزگار (پیشوا اور رہنما)
حضرت حسین ابن علی علیہ السلام
جن کے نانا: رسولِ خدا۔
جن کے بابا: علیؑ مرتضیٰؑ
جن کی ماں: فاطمہ زہراؑ
جن کے بھائی: حسنِ مجتبیٰؑ
اور جن کی اولاد: ائمہ ھُدیٰ
توریت و انجیل اُن کے گواہ۔
جبرئیل و میکائیل ان کی بشارت دینے والے۔
وادیٔ حق سے غذا حاصل کرنے والے۔
اسلام کی آغوش میں پرورش پانے والے۔
اور ایمان کے سرچشمے سے سیراب ہونے والے۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فرزندِ رسولُ الثقلین

مخالفین کی طرف سے اکثر یہ سوال کیا جاتا ہے کہ ہم لوگ سرکار سید الشہدا حضرت امام حسینؑ یا آپ کے برادرِ بزرگ امام معصوم حضرت امام حسن علیہ السلام کو فرزندِ رسولؐ کیوں کہتے ہیں، جبکہ یہ دونوں حضرات پیغمبر اکرمؐ کے نواسے ہیں۔

لیکن یہ حضرات بھول جاتے ہیں کہ خالقِ کائنات نے سورۂ مبارکہ آلِ عمران میں حضورِ اکرمؐ کی طرف سے نصارائے نجران کو مباہلہ کی دعوت دی اس میں فرزندوں کا تذکرہ ہے اور تمام تاریخیں اور تفسیریں متفق ہیں کہ حضور اکرمؐ نے اپنے عمل سے ثابت کر دیا کہ حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؑ فرزندانِ پیغمبرؐ ہیں۔

سورۂ مبارکہ آلِ عمران میں خالقِ دوجہاں نے حضورِ اکرمؐ کو مخاطب کر کے فرمایا ہے:

فَمَنْ حَآجَّكَ فِيهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ.

(تو جو شخص، آپ کے پاس علم آجانے کے بعد بھی، آپ سے اس میں بحث کرے تو آپ کہہ دیجیے کہ:

آؤ ہم بلاتے ہیں اپنے فرزندوں کو اور تمہارے فرزندوں کو، اپنی عورتوں کو اور تمہاری عورتوں کو اور اپنے نفسوں کو اور تمہارے نفسوں کو۔ پھر ہم عاجزی کے ساتھ (گڑگڑا کر) التجا کریں، اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت قرار دیں)

سورۂ آلِ عمران پارہ ۳، آیت ۶۱)

اور جیسا کہ مفسرینِ کرام نے لکھا ہے:

اس آیت کو: "آیتِ مباہلہ" کہا جاتا ہے، مباہلہ کے معنی ہیں:

دو فریق کا ایک دوسرے پر لعنت یعنی بددعا کرنا۔

مطلب یہ ہے کہ: جب دو فریقوں میں کسی معاملے کے حق یا باطل ہونے میں اختلاف و نزاع ہو، اور دلائل سے وہ اختلاف ختم ہوتا نظر نہ آتا ہو، تو دونوں فریق بارگاہِ الٰہی میں یہ دعا کریں کہ:

"یا اللہ ہم دونوں میں سے جو جھوٹا ہو اس پر لعنت فرما۔"

(تفسیر: صلاح الدین)

آیت کا پس منظر یہ ہے کہ:

حضرت عیسیٰؑ کے بارے میں نجران کے عیسائیوں کو حضورِ اکرمؐ نے بہت سمجھایا کہ ان کو خدا کا بیٹا مت کہو، وہ اللہ کے بندے اور رسولؑ تھے۔ آپؐ نے ان لوگوں کے سامنے حضرت آدمؑ کی مثال بھی پیش کی کہ:

اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ۔

خدا کے نزدیک عیسیٰؑ کی مثال آدمؑ جیسی ہے، جن کو مٹی سے پیدا کیا، پھر کہا کہ ہو جا، تو وہ ہو گئے) (سورۂ آلِ عمران آیت ۵۹)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مگراس کے باوجود وہ لوگ نہیں مانے، بلکہ اپنی ضد پر قائم رہے تو خداوندِ عالم نے اُن لوگوں کو "مباھلہ" کی دعوت دی۔

چنانچہ حضورِ اکرم اور نصارائے نجران کے درمیان یہ قول و قرار ہوا کہ:

فلاں جگہ، فلاں وقت، ہم اور تم دونوں، اپنے بیٹوں، عورتوں اور نفسوں کو لے کر جمع ہوں، اور رو رو کر گڑ گڑا کر خداوندِ عالم سے درخواست کریں کہ ہم میں سے جو جھوٹا ہو، اس پر لعنت کرے، (عذاب نازل کرے)...

جب وقت مقرر آیا تو حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم اس شان سے برآمد ہوئے کہ حسنؑ و حسینؑ کو آگے، اپنے ساتھ لیا، اپنے پیچھے حضرت فاطمہؑ کو رکھا، اور اُن کے پیچھے حضرت علی علیہ السلام کو۔

گویا جو آیت کی ترتیب تھی بعینہٖ وہی برقرار رکھی۔

آیت میں پہلے دو فرزندوں کا تذکرہ ہے تو آپؐ نے حسنؑ و حسینؑ کو سب سے آگے رکھا:

اسکے بعد: عورتوں کا تذکرہ ہے (تو دُنیا بھر کی عورتوں کی نمائندگی کے لئے) جناب فاطمہؑ زہرا کو اپنے ساتھ لیا۔ اور آخر میں نفس کا تذکرہ ہے تو حضرت علیؑ کو ساتھ لے کر واضح کر دیا کہ پوری دنیا میں صرف حضرت علیؑ ہی "نفسِ رسولؐ" ہیں۔

❁

مباہلہ" کے اس واقعے کا تقریباً تمام مفسرین کرام نے اپنی اپنی کتابوں میں تذکرہ کیا ہے جن میں چند ایک کا نمونے کے طور پر ذکر کیا جاتا ہے:

علّامہ جلال الدین سیوطی نے مذکورہ بالا آیت کی تفسیر میں لکھا ہے کہ:

خرج، ومعه الحسنؑ، والحسینؑ، وفاطمۃؑ وعلیؑ وقال لھم:
اذا دعوت فامّنوا۔

(حضرت رسول خدا صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم مباہلہ کے لئے) نکلے تو انکے ساتھ حسنؑ و حسینؑ (جناب) فاطمہؑ اور (حضرت علیؑ) بھی تھے، آنحضرتؐ نے ان لوگوں سے فرمایا کہ:

"جب میں دعا کروں تو تم لوگ آمین کہنا"

(ملاحظہ فرمایئے: تفسیر جلالین مطبوعہ مصر ۲۴)

❁

اور علّامہ بیضاوی نے لکھا ہے کہ:

فاتوا رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم، وقد غدا محتضنا الحسین، آخذا بید الحسن، وفاطمۃ تمشی خلفہ، وعلی رضی اللہ عنہ خلفھا، وھو یقول:

"اذا انا دعوت فامّنوا"

(یعنی نصارائے نجران حضرت رسولؐ خدا صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے پاس آئے تو آنحضرتؐ صبح کے وقت (مباہلہ کے لئے) اس شان سے نکلے کہ:

حسینؑ کو گود میں لئے ہوئے تھے، حسنؑ کا ہاتھ پکڑے ہوئے تھے۔ (جناب) فاطمہؑ آنحضرتؐ کے پیچھے تھیں، اور حضرت علیؑ اُن کے پیچھے تھے۔

اور حضورِ اکرمؐ ان لوگوں سے فرما رہے تھے کہ:

"جب میں دعا کروں تو تم لوگ آمین کہنا")

(ملاحظہ فرمایئے: تفسیر بیضاوی جلد ۱)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

علاّمہ علی بن احمد نے تفسیر تبصیر الرحمٰن (مطبوعہ مصر) ——— اور علاّمہ زمخشری نے اپنی تفسیر کشّاف میں بھی اس واقعہ کا ذکر کیا ہے۔

البتہ علاّمہ خازن نے، مذکورہ بالا واقعہ درج کرتے ہوئے یہ فقرہ بھی لکھا ہے کہ:

اراد بالابناء : الحسنؑ والحسینؑ...

(خداوند عالم کا مقصود) فرزندانِ (پیغمبرؐ) سے حسنؑ و حسینؑ تھے)

ملاحظہ فرمایئے: تفسیر خازن جلد ۱، صفحہ ۲۴۲)

یہی روایت علاّمہ نفسی نے تفسیر مدارک میں بھی نقل کی ہے۔

اور نواب صدیق حسن خاں بھوپالی نے تحریر فرمایا ہے کہ:

قال جابر : انفسنا وانفسکم : رسول اللہ وعلیؑ ——— وابناءنا: الحسن والحسینؑ ——— ونساءنا : فاطمۃؑ :

(جنابِ جابرؓ سے منقول ہے کہ اس آیت میں:

نفسوں سے مراد : رسولِ خدا اور حضرت علیؑ۔

فرزندوں سے مراد : حضرت حسنؑ و حضرت حسینؑ۔

اور عورتوں سے : جنابِ فاطمہؑ مراد ہیں۔

ملاحظہ فرمایئے: تفسیر فتح البیان جلد ۲ صفحہ ۵۵)

علاّمہ فخر الدین رازیؒ نے "تفسیر کبیر" میں لکھا ہے کہ:

کان رسول اللہ خرج وعلیہ مرط من شعر اسود، وکان قد احتضن الحسینؑ، واخذ بید الحسنؑ، وفاطمۃ تمشی خلفہ، وعلی رضی اللہ عنہ خلفھا۔

وھو یقول : "اذا دعوت فامّنوا"

فقال اسقف نجران :

یا معشر النصاریٰ، انی لاری وجوھا لو سألوا اللہ ان یزیل جبلا من مکانہ لازالہ بھا، فلا تباھلوا فتھلکوا ولا یبقی علی وجہ الارض نصرانی الی یوم القیامۃ۔

(حضرت رسول خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس شان سے میدانِ مباہلہ میں تشریف لائے کہ: آپ کالا کمبل اوڑھے ہوئے تھے حسینؑ کو گود میں لئے ہوئے تھے، اور حسنؑ کا ہاتھ پکڑے ہوئے تھے

آپؐ کے پیچھے جنابِ فاطمہؑ، اور ان کے پیچھے علیؑ تھے۔

آنحضرتؐ اُن لوگوں سے فرما رہے تھے کہ:

"جب میں دعا کروں تو تم لوگ آمین کہنا۔"

ان لوگوں کو دیکھ کر نصارائے نجران کے سردار نے کہا۔

"اے عیسائیو! — میں ایسے چہرے دیکھ رہا ہوں جو اگر خدا سے دعا کریں کہ وہ پہاڑ کو اسکی جگہ سے ہٹا دے تو خدا ضرور ہٹا دے گا۔

لھٰذا، تم لوگ ان حضرات سے ہرگز مباہلہ نہ کرو — ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے، اور قیامت تک روئے زمین پر ایک نصرانی بھی باقی نہ رہے گا۔

آگے چل کر علاّمہ فخر الدین رازیؒ نے لکھا ہے کہ:

ھذہ الآیۃ دالۃ علی ان الحسنؑ والحسینؑ کانا ابنی رسول اللہ۔ وعد ان یدعوا ابناءہ، فدعا الحسنؑ والحسینؑ، فوجب ان یکونا ابنیہ۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یعنی یہ آیت اس بات کا ثبوت ہے کہ:
حضرت حسنؑ و حسینؑ، حضرت رسولِ خدا کے فرزند تھے ——— کیونکہ
(قرآن کے اعلان کے مطابق) حضورِ اکرمؐ نے وعدہ فرمایا تھا کہ:
مباہلہ کے لئے اپنے بیٹوں کو لائیں گے۔
(اور وقتِ مقررہ پر جب مباہلہ کے لئے تشریف لے گئے تو آپؐ
نے حضرت حسنؑ و حسینؑ کو اپنے ساتھ لیا ——— تو یہ واضح ہو گیا کہ:
یہ دونوں حضرات، حضرت رسولِ خدا کے فرزند ہیں)

(ملاحظہ فرمایئے: تفسیر کبیر جلد ۲)

۲

...وثبت فی صحیح البخاری،
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: قال للحسن بن
علی:

"ان ابنی ھٰذا سید"
(صحیح بخاری سے ثابت ہے کہ حضرت رسولِ خدا نے حضرت حسن بن علیؑ
کے بارے میں فرمایا تھا کہ:
"میرا یہ فرزند سیّد و سردار ہے۔")

(ملاحظہ فرمایئے: تفسیر کبیر مطبوعہ مصر)

حُسینُ مِنّی وَ اَنَا مِنَ الحُسَین

حضورِ اکرمؐ، خاتم الانبیا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کے جو ارشادات سرکارِ سید الشہدا حضرت امام حسین علیہ السلام کے بارے
میں اُمتِ مسلمہ کی بیشتر معتبر کتابوں میں ملتے ہیں ان میں سب سے مشہور
فرمان یہ ہے کہ: "حُسینُ مِنّی و انا مِن الحُسین"
(حُسینؑ مجھ سے ہیں اور میں حسینؑ سے ہوں)
جیسے برادرانِ اہلسنت کے علامہ شبلنجی نے کتاب "نور الابصار" میں
" " ابن حجر مکی نے " الصواعق المحرقہ" میں
" " مولانا صدر الدین نے " سوانح المصطفیٰ" میں
نہایت شرح وبسط کے ساتھ اور صحاح ستہ میں سے:
جامع ترمذی صفحہ ۴۶۶ (طبع قدیم)
مشکوٰۃ " ۱۳۶
اسی طرح علامہ علی متقی قاری کی مشہور و معروف کتاب "کنز العمال" جلد ۵
میں بھی معتبر اسناد کے ساتھ یہ حدیث موجود ہے۔
اور ترمذی کے حاشیہ پر اس کی تشریح اس طرح کی گئی ہے کہ:
"حسین منی و انا من الحسین"
کانہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علم بنور الوحی ما سیحدث
بینہ وبین القوم، فخصہ بالذکر وبیّن انھما کالشیٔ الواحد
فی وجوب المحبۃ وحرمۃ التعرض والمحاربۃ واکد ذلک بقولہ:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

"احب اللہ من احب حسینا"

فان محبته : محبة الرسول، و محبة الرسول : محبة اللہ

(العینی) :

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو فرمایا کہ :

"حسین مجھ سے ہیں میں حسین سے ہوں"

تو گویا آنحضرت کو نورِ وحی و نبوت سے معلوم ہو گیا تھا کہ :
امام حسین علیہ السلام اور آنحضرت کی اُمّت کے درمیان کیا واقعات پیش آنے والے ہیں۔ اسی وجہ سے آنحضرت نے امام حسین علیہ السلام کا خاص طور سے ذکر کیا۔ (اور اس ارشادِ مقدس کے ذریعے سے) یہ وضاحت بھی فرمادی کہ :

"جس طرح آنحضرت سے محبت واجب ہے، اسی طرح امام حسین سے، جس طرح آنحضرت کی مخالفت حرام ہے، اُسی طرح امام حسین کی مخالفت حرام ہے، اور جس طرح آنحضرت سے جنگ کرنا ممنوع ہے اُسی طرح امام حسین علیہ السلام سے جنگ کرنا ممنوع ہے، گویا وجوبِ محبت، حرمتِ مخالفت، اور جنگ کی ممانعت میں دونوں ایک جیسے ہیں۔

اور حضرت رسولِ خدا نے اس بات کی تاکید اس ارشاد سے فرمائی کہ :

"خدا دوست رکھے گا اُسے، جو حسین کو دوست رکھے گا۔"

اس لئے کہ حسین کی محبت بعینہ رسول کی محبت ہے اور رسول کی محبت درحقیقت خدا کی محبت ہے

(ملاحظہ فرمایئے، جامع ترمذی جلد ۲ صفحہ [illegible] طبع لکھنؤ)

اور یہی مضمون علاّمہ ملاّ علی قاری کی شرح مشکوٰۃ جلد ۵ صفحہ ۶۰۵ مطبوعہ مصر میں بھی موجود ہے۔

۵

برادرانِ اہلسنّت کے امام ترمذی کے اس قول کو ہم نے اس کی اہمیت اور ترمذی کی برادرانِ اہلسنّت کے نزدیک مقبولیت کی بنا پر پیش کیا۔
لیکن حدیث کا فقرہ بہرحال ہر صاحبِ عقل و دانش کو دعوتِ فکر و نظر دے رہا ہے کہ :

اَنَا مِنَ الحُسَین (میں حسین سے ہوں)

کیونکہ نواسے کا "اپنے نانا سے" ہونا —— تو بالکل واضح ہے، کہ پیغمبر کے ذریعے سے جنابِ سیدہ دنیا میں تشریف لائیں، اور جنابِ سیدہ کے ذریعے سے حضرت حسین دنیا میں تشریف لائے،
مگر اس جملے کا مطلب کہ :

اَنَا مِنَ الحُسَین (میں حسین سے ہوں) ؟

نانا —— کس طرح کہہ سکتا ہے کہ : میں نواسے سے ہوں)
اور جب پیغمبر اکرم جیسی شخصیت جن کے لئے ارشادِ قدرت ہے :
وَمَا یَنطِقُ عَنِ الهَوٰی اِن هُوَ اِلَّا وَحیٌ یُوحٰی۔ (وہ اپنی خواہشِ نفس سے گفتگو نہیں کرتے، بلکہ (یہ تو) وحی ہے جو اُن کی طرف بھیجی جاتی ہے) ——
(سورہ مبارکہ النجم)

تو جس کی گفتگو تابعِ وحیِ الٰہی ہو، جب وہ یہ کہے کہ :

"میں حسین سے ہوں"

تو یقیناً اس فقرے میں کوئی اہم راز پوشیدہ ہوگا، جس تک

jabirabbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پہونچنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

برادرانِ اہلسنت کے نہایت جلیل القدر عالمِ دین حضرت شاہ عبدالعزیز دہلوی نے اس کی توجیہہ بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

دینی کمالات میں سے ایک اہم کمال اور نہایت عظیم فضیلت "شہادت" کی ہے جو حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو براہ راست حاصل نہیں ہوئی، بلکہ حضرت امام حسینؑ کے ذریعے حاصل ہوئی اسلئے جب حضورِ اکرم نے فرمایا کہ:

"میں حسینؑ سے ہوں"

تو گویا یہ اعلان فرما رہے تھے کہ میری نبوت کے کمالات، میرے نواسے حسینؑ کے ذریعہ سے تکمیل کو پہونچنے والے ہیں (بالفاظِ دیگر "میں حسینؑ سے ہوں" یعنی: میرے کمالات کی تکمیل حسینؑ کے ذریعے سے ہے")

اس سلسلے میں موصوف نے اپنے مشہور رسالہ "سر الشہادتین" میں شہادت کی دو قسمیں قرار دی ہیں:

شہادتِ خفی — شہادتِ جلی۔

(یعنی ایک مخفی شہادت ہے اور دوسری: ظاہر بظاہر)

اور خداوندِ عالم نے اپنے پیغمبرؐ کو، اُن کے دونوں نواسوں کے ذریعے شہادتِ خفی بھی عطا فرمائی، اور شہادتِ جلی بھی۔

مخفی شہادت: حضرت امام حسنؑ کے ذریعے سے۔ اور

ظاہر بظاہر شہادت: حضرت امام حسین علیہ السلام کے ذریعے سے۔

اُن کے مبسوط بیان کا خلاصہ یہ ہے کہ:

اعلم رحمك الله تعالىٰ: ان الكمالات التي افترقت في الانبيا، قد اجتمعت في نبينا فقد اعطى الخلافة كما اعطى آدمؑ وداودؑ، واعطى الملك كما اعطى سليمانؑ، واعطى الحسن كما اعطى يوسفؑ، واعطى الخلة كما اعطى ابراهيمؑ، واعطى الكلام كما اعطى موسىٰؑ، واعطى العبادة كما اعطى يونسؑ، واعطى الشكر كما اعطى نوحؑ، وقد زيدت له كمالات آخر من انواع الولاية والمحبوبية المطلقة والاصطفاء المطلق.. والقرب الاتم والشفاعة العظمىٰ والجهاد مع اعداء الله۔

الى غير ذالك من الكمالات كالعلم الوسيع، والعرفان الاتم والقضاء والفتيا... وغيرها

وبقي له كمال لم يحصل له بنفسه وهي الشهادة...

(جان لو — خدا تم پر رحم کرے — کہ:

جو کمالات (دیگر) انبیائے کرام کو الگ الگ ملے وہ سب ہمارے پیغمبرؐ کی ذاتِ والاصفات میں یکجا تھے، آپؐ کے پاس الٰہی نیابت بھی تھی جس طرح کہ آدمؑ و داؤدؑ کو (خلافت) ملی تھی۔ نیز — جس طرح جنابِ سلیمانؑ کو سلطنت ملی، آنحضرتؐ کو بھی عطا کی گئی، حُسن جنابِ یوسفؑ کو ملا تھا، حضورِ اکرمؐ کو بھی اس سے سرفراز کیا گیا۔

خُلّت جناب ابراہیمؑ کو ملی تو حضورؐ کو بھی خدا نے اپنا دوست

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہا، جنابِ موسیٰؑ کلیم اللہ قرار پائے، تو آنحضرتؐ سے بھی خدا نے گفتگو فرمائی:۔

اسی طرح:

آپؐ کو حضرت یونسؑ کا اندازِ عبادت اور حضرت نوحؑ جیسا اندازِ شکر عطا کیا۔

اور ان کے علاوہ دیگر کمالات —— جیسے ولایت، محبوبیت کاملہ، انتخابِ الٰہی۔ قربِ کامل، شفاعتِ عظمیٰ اور دشمنانِ خدا سے جہاد (ان تمام صفات سے) آپؐ کو نوازا گیا۔

نیز دوسرے کمالات، جیسے وسیع علم، کامل عرفان، مسندِ قضاء و فتویٰ و غیرہ سے آپؐ کو سرفراز کیا گیا۔

البتہ ایک فضیلت ایسی ہے جو آپؐ کو براہِ راست نہیں ملی اور وہ ہے "شہادت" ——

و

لیکن پروردگارِ عالم نے آپؐ کے فرزندوں کے ذریعے سے آپؐ کو اس فضیلت سے بھی سرفراز فرمایا:

آپؐ کے بڑے نواسے (حضرت امام حسنؑ) کو مخفی شہادت اور آپؐ کے چھوٹے نواسے (حضرت امام حسینؑ) کو ظاہری شہادت ملی —— چنانچہ: (شاہ عبدالعزیز صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ):

لما کانت الشہادۃ علی قسمین
شہادۃ سر، شہادۃ علانیۃ
قسمت علیہما، فاختص السبط الاکبر بالقسم الاول..

واختص السبط الاصغر بالقسم الثانی۔

(چونکہ شہادت کی دو قسمیں ہیں: (۱) مخفی شہادت (۲) ظاہری شہادت اس لئے (خداوندِ عالم کی طرف سے) ان دونوں شہادتوں کو (آپؐ کے) دونوں نواسوں پر تقسیم کر دیا گیا۔ اس طرح کہ: پہلی قسم: (مخفی شہادت) کے لئے آنحضرتؐ کے بڑے نواسے (حضرت امام حسنؑ) کو منتخب کیا گیا۔

و

اس کے بعد شاہ صاحب نے لکھا ہے کہ چونکہ ظاہری شہادت کو خالقِ دوجہاں خوب نمایاں کرنا چاہتا تھا —— اس لئے اُس نے ایسے اسباب فراہم کر دیئے کہ اُس کی شہادت کا ہر طرف چرچہ ہو۔

چنانچہ فرماتے ہیں کہ:

ولما کان مبنی امرہ علی الشہرۃ والاعلان، انزل اولا فی الوحی علی لسان جبرئیلؑ وغیرہ من الملائکۃ —— ثم بتعیین المکان وتسمیتہ وتعیین الزمان وھو راس الستین۔

ثم اشتہر امرہ واعلن ذکرہ علی لسان امیرالمومنین فی سفرہ الی صفین ثم لما وقت واقعۃ الشہادۃ، اشتہر امرھا بانقلاب التربۃ وما وامطار الدم من السماء وھتف الھواتف بالمراثی ولنوح الجن و بکاءھم وطواف السباع حافظات لجثتہ ودخول الحیات فی مناخرقاتلیہ الی غیر ذلک من اسباب الشہرۃ لیطلع الحاضرون والآتیون علی وقوعہا،

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بل بالبقاء البکاء والحزن المستمر سوتذکر تلك الوقائع الهائلة فی امته الی یوم القیامة، فقد بلغت نهایة الشهرة فی الملأ الاعلی والاسفل، والغیب والشهادة، والجن والانس والناطق والصامت۔

(اور چونکہ اس (ظاہری شہادت) کے لئے قدرت کی طرف سے یہ بات طے شدہ تھی کہ اسے اچھی طرح مشہور کیا جائے۔ اور ہر طرف اس کا اعلان ہو جائے، اس لئے ابتدا ہی میں جناب جبرئیل امین اور دوسرے فرشتوں کے ذریعہ سے، اس کی پیشین گوئی کر دی گئی، پھر اس کی جگہ معین (کر کے اس کا اعلان) کر دیا گیا ——— اور اس کا وقت بھی مقرر کر دیا گیا، جو ۶۱ھ کا آغاز تھا۔

پھر اس شہادت کا ذکر امیر المومنینؑ کی زبانِ مبارک سے اس وقت مشہور کیا گیا جب آپ جنگِ صفین کی طرف جا رہے تھے (اور کربلا کے قریب سے گذرے تھے)۔

اس کے بعد جب واقعۂ شہادت پیش آگیا تو قدرت کی طرف سے اس کی شہرت کا انتظام یہ کیا گیا کہ:

مٹی خون میں تبدیل ہو گئی، آسمان سے خون کی بارش ہوئی، افلاک میں مرثیہ کی آواز گونجی، جنوں نے گریہ و بکا کے ساتھ نوحہ پڑھا، (قرب و جوار کے) درندوں نے (شہداء کے) جسد کی حفاظت کے لئے (لاشوں کا) طواف کیا۔

(اور مورخین نے امام علیہ السلام کے) قاتلوں کے (بارے میں لکھا کہ) سانپ اُن کے نتھنوں سے (اُن کے جسم میں) داخل

ہوتے تھے (اور انھیں مسلسل دنیاوی عذاب سے دوچار کرتے تھے)
(ان کے علاوہ بھی متعدد) اسباب کے ذریعہ اس واقعہ کو (خداوندِ عالم کی طرف سے) مشہور کیا گیا تاکہ حاضر و غائب، سب کو اس واقعہ کی اطلاع مل جائے۔

(بلکہ خداوندِ عالم نے اس اُمت میں اس تدبیر کو جاری کیا) کہ لوگ ہمیشہ آپ گریہ و ماتم کریں، برابر آپؑ پر حزن و غم کریں، اور اُن ہولناک مصائب کا ذکر کریں (جو کربلا میں پیش آئے)

جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ (خداوندِ عالم کے خصوصی انتظام سے)، ہر طرف اس واقعہ کا چرچہ پھیلا، آسمان و زمین، حاضر و غائب، جن و انس اور ناطق و صامت .. سب ہی اس سے باخبر ہو گئے)

۵

اس کے بعد شاہ صاحب تکمیلِ شہادت پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

لان تمام الشهادة ان یقتل الرجل فی الغربة والکربة وان یعقر جواده، ویلقی جثته مطروحة، ولیقتل حوله جمع کثیر من اعزة اصحابه واقاربه وان ینهب ماله وان تسبی نساءه وایتامه۔

کل ذلك فی ذات الله، فاقتضت حکمة الله ان یلحق هذا الکمال العظیم بسائر کمالاته بعد وفاته ...

برجال من اهلبیته، بل باقرب اقاربه، واعز اولاده من یکون فی حکم ابناءه حتی تلحق حالهم بحالهٔ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ویندرج کمالھم فی کمالہ...
فاستناب الحسنینؑ علیھم السلام مناب جدھما، علیہ افضل الصلوٰۃ والتحیات وجعلھما مرآتین لفضلہ وخذّین لجمالہ"۔

(کیونکہ کمالِ شہادت تو یہ ہے کہ:
کوئی شخص عالمِ مسافرت، اور حالتِ کرب و مصیبت میں قتل کیا جائے۔ اس کی سواری کا گھوڑا بے کر دیا جائے، اس کا لاشہ زمین پر پڑا رہے۔ اس کے اردگرد اس کے پیارے ساتھیوں اور عزیز و اقارب کی بڑی تعداد قتل ہو کر پڑی ہو، اس کا اسباب لوٹ لیا جائے، اس کی عورتیں اور یتیم بچے قیدی بنا لئے جائیں اور وہ یہ ساری مصیبتیں خدا کی خاطر (برداشت) کرے۔

چنانچہ خداوندِ عالم کی حکمت اس بات کی مقتضی ہوئی کہ آنحضرتؐ کی وفات کے بعد اُن کے باقی کمالات میں اس کمالِ عظیم (شہادت) کا اضافہ ہو۔

اور خداوندِ عالم کی مشیت کا تقاضہ یہ تھا کہ آنحضرتؐ کو یہ شرف آپ کے اہلبیت کے کچھ لوگوں، آنحضرتؐ کے نہایت ہی قریبی رشتہ دار بلکہ عزیز ترین اولاد کے ذریعے حاصل ہو۔
وہ اولاد جو آنحضرتؐ کے فرزندوں کے حکم میں تھی، تاکہ اُن لوگوں کا حال، واقعتاً آنحضرتؐ کے حال سے ملحق ہو جائے۔ اور اُن لوگوں کا کمال، آنحضرتؐ کے کمالات میں درج ہو جائے۔

اسی لئے خداوندِ عالم کی عنایت نے، حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؑ کو اُن کے جدِ بزرگوار کا قائم مقام بنا دیا۔

اور اُن دونوں حضرات کو آنحضرتؐ کے کمالات و فضائل کا دو آئینہ اور حضرتؐ کے جمال کا دو رخسارہ قرار دیا۔ (تاکہ آنحضرتؐ کے کمالِ شہادت کی تصویر، ان دونوں کی شہادت میں نظر آئے)

(حوالہ کیلئے ملاحظہ فرمایئے: سرالشہادتین مطبوعہ لکھنؤ)

اسی کے ساتھ اگر اس حقیقت کو بھی پیشِ نظر رکھا جائے کہ:
حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بعثت کی غرض یہ تھی کہ لوگوں کے بُرے حالات کی اصلاح فرمائیں، ان کی جہالت مٹائیں ان کو علم و حکمت سکھائیں، اُن کی ہدایت کریں اور اُن کے اخلاق و طرزِ زندگی کو درست کریں، جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے:

ھوالذی بعث فی الامیین رسولاً منھم، یتلوا علیھم آیاتہ، ویزکیھم، ویعلمھم الکتاب والحکمۃ، وان کانوا من قبل لفی ضلال مبین

(خدا وہی ہے جس نے اُمی لوگوں کے درمیان، ایک پیغمبر اُن ہی میں سے بھیجا، جو اُن کے سامنے آیات (الٰہی) کی تلاوت کریں، ان کو پاک و پاکیزہ بنائیں۔ اور انھیں کتاب و حکمت کی تعلیم دیں، اگرچہ وہ لوگ اس سے قبل کھلی ہوئی گمراہی میں تھے)
(ملاحظہ فرمایئے "سورۂ جمعہ" آیت ۲)

اور حضورِ اکرمؐ نے بھی اپنی بعثت کی غرض بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

انما بعثت لاتمم مکارم الاخلاق

(مجھے محض اس لئے بھیجا گیا ہے کہ اخلاقِ کریمانہ (کی بلند باتوں) کو تکمیل تک پہنچاؤں)

(حوالہ کیلئے ملاحظہ فرمایئے: جامع صغیر ... منتخب کنز العمال جلد ...)

وہ

اور اس مقصد کے لئے آپ نے معاشرے کی بے پناہ مخالفتوں کو برداشت کیا، آپ کو ساحر اور مجنون بھی کہا گیا، مکّہ کے در و دیوار گواہ ہیں کہ عرب کا پورا بگڑا ہوا معاشرہ آپ کا مخالف ہوگیا، یہاں تک کہ آپ کا چچا "ابولہب" بھی آپ کی جان کا دشمن ہوگیا۔

آپ پر کوڑا کرکٹ پھینکا جاتا، ڈھیلے اور پتھر مارے جاتے، آپ کے خاندان سے ہر قسم کے تعلقات منقطع کر لئے گئے جس کی وجہ سے آپ نے شعبِ ابی طالبؑ میں پناہ لے لی، اور وہاں ایسی تکلیف دہ زندگی گذاری کہ بھوک کی شدّت کم کرنے کے لئے درخت کے پتے کھانے پڑے۔

لیکن آپ نے ان تمام تکالیف کو برداشت کیا، تاکہ لوگ دین کے سیدھے راستے کو اختیار کر کے، اپنی حالت درست کرلیں، اپنی برائیوں کو چھوڑیں اور اخلاقِ حمیدہ سے خود کو سنوارنے کی کوشش کریں۔

اس کوشش میں آنحضرتؐ کو اپنے پیارے وطن مکّہ معظمہ سے ہمیشہ کے لئے جدا ہونا پڑا ــــــ مگر دین کی سربلندی، اور بنی نوعِ انسان کو صحیح طرزِ زندگی و بندگی سے روشناس کرانے کے لئے آپ نے ہر قسم کی زحمتوں کا خندہ پیشانی سے سامنا کیا۔

جس کے نتیجے میں دین قبول کرنے والوں، اور آپ کی رسالت کا کلمہ پڑھنے والوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہوتا گیا، یہاں تک کہ

اپنی رحلت سے چند ماہ قبل آپؐ جب حج کا فریضہ انجام دینے کیلئے تشریف لے گئے تو ایک لاکھ سے زیادہ مسلمان آپؐ کے ساتھ تھے۔

وہ

لیکن آنحضرت صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کو علمِ نبوت سے یہ بھی معلوم تھا کہ:

تھوڑے ہی عرصے کے بعد اسلام کی صورت بگاڑ دی جائیگی معاشرے کی جن خرابیوں کو آپ مٹا رہے ہیں، وہ دوبارہ پیدا ہوجائیں گی؛ اور دین کے خدوخال کو مٹانے کی بھرپور کوشش کی جائے گی۔

اُس وقت، میری غرضِ بعثت سے روشناس کرانے اور لوگوں کو ہدایت کا راستہ بتانے کا فریضہ "حسینؑ" انجام دیں گے اور وہ اپنی شہادت قبول کر کے حق و باطل کو الگ کر دینگے۔

اس طرح گویا میرے مشن کو حیاتِ نو عطا کر کے، دینِ حق کے دوام و استحکام کا عظیم الشان کارنامہ انجام دینگے۔

لہٰذا جب حضورِ اکرم نے یہ فرمایا کہ:

"انا من الحسینؑ" (میں حسینؑ سے ہوں)

تو گویا اس بات کی نشاندہی کر دی کہ میری حیاتِ رسالت کا تسلسل و دوام، میرے نورِ نظر حسینؑ کے ذریعے سے ہوگا

گویا حضورِ اکرم یہ اعلان فرما رہے ہیں کہ: قیامت تک میرے دین کی سربلندی حسینؑ سے وابستہ ہے ــــــ اور میرے پیغام کی حیاتِ ابدی حسینؑ کی مرہونِ منت ہے جو اپنی شہادت کے ذریعے سے شجرِ اسلام کی ایسی آبیاری کر دینگے جس کے بعد باطل کا کوئی طوفان اس چراغ کو نہ بجھا سکے گا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فصاحت و بلاغت

خاندانِ رسالت کی بلند مرتبہ ہستیوں، خصوصاً ائمہ طاہرین علیہم السلام کو خالقِ دو جہاں نے تمام کمالاتِ انسانی سے اس طرح نوازا ہے، جس کی پوری کائنات میں کوئی اور مثال پیش نہیں کی جا سکتی۔
جیسا کہ فرزدق نے اپنے مشہور قصیدے میں لکھا ہے کہ:
"یہ وہ خاندان ہے، جس کی طرف تمام نیکیوں اور حسنات کا رُخ بھی ہے، انتہا بھی۔"

(حوالہ کیلئے ملاحظہ فرمایئے: فرزدق کا مشہور قصیدہ)

﴿

اور یہ وہ کمالات ہیں، جن کا اپنوں، اور غیروں، سب ہی نے ہر دور میں اعتراف کیا ہے۔
اور یہ وہ اخلاقِ فاضلہ اور مکارمِ نفیسہ ہیں جن کا کسب و اکتساب سے کوئی تعلق نہیں ہے، بلکہ یہ تمام مکارم، ان حضرات کو منجانب اللہ عطا کئے گئے ہیں۔
چنانچہ شافعی حضرات کے ممتاز عالمِ دین، حضرت علامہ شیخ عبداللہ بن محمد بن عامر الشبراوی الشافعی ——— اور علامہ شہاب الدین احمد بن عبدالقادر الحفظی العجیلی الشافعی، نے لکھا ہے کہ:
ان اھل البیت حازوا الفضائل کلھا علما وحلما وفصاحة وصباحة وذکاء وبداھة وجودا وشجاعة۔

فعلومھم لا تتوقف علی تکرار درس، ولا یزید یومھم فیما علی ما کان بالامس۔
بل ھی مواھب من مولاھم، من انکرھا وارادسترھا کان کمن ارادستر وجه الشمس۔

(حضراتِ اہلبیت (طاہرین علیہم السلام) جملہ خصائل: علم و حلم، فصاحت (و بلاغت) صباحت، بداہت و ذکاوت، سخاوت و شجاعت، غرض تمام فضائل و مکارم پر حاوی و فائز ہیں۔
وہ محتاجِ تفکر و تدبر نہیں، اور نہ اُن کے علوم، تعلیم و تعلم، درس و تدریس اور بحث و تکرار پر موقوف ہیں
اور نہ ایسا ہے کہ (کسی بات کو) کل وہ نہیں جانتے تھے، اور آج جان گئے ہوں، اور اس طرح اُن کے علم میں اضافہ ہو گیا۔
درحقیقت، یہ خداوند عالم کے بخشے ہوئے وہ کمالات ہیں، جو حضراتِ اہلبیت (طاہرین علیہم السلام) کو خصوصیت سے عطا ہوتے ہیں۔
اور جو شخص، اس اَمر (اہلبیتِ کرام کی اس خصوصیت) کا انکار کرے، یا اسے چھپائے، وہ ایسا ہے جیسے کوئی شخص سورج کو (دنیا بھر کی نگاہوں سے) چھپانے کی لاحاصل کوشش کرے)۔

حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے:
کتاف الاتحاف بحب الاشراف، علامہ شبراوی ص۱۹ طبع مصر، ذخیرۃ الامال فی شرح عقد جواہر اللئال، علامہ عجیلی (مخطوط) صفحہ ۲۵۵ وغیرہ)

﴿

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علامہ شبراوی نے حضراتِ اہلبیتؑ طاہرین علیہم السلام کے ذکر کے بعد، خامس آلِ عبا، سرکار سید الشہداء، حضرت امام حسین علیہ السلام کے فضل و شرف کا خصوصی تذکرہ کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے کہ :

وقد حل الامام الحسین رضی اللہ عنہ، من ھذا البیت الشریف فی اوج ذراہ، وعلا فیہ علوا تطامنت الثریا عن ان تصل معناہ۔

ولما اقتسمت غنائم المجد، کان لہ منہ السہم الاوفر والحظ الاکبر۔

(اہلبیتؑ رسالت میں) حضرت امام حسین (علیہ السلام) فضائل و مکارم کے اُس بلند ترین مرتبہ پر فائز ہیں کہ "ثریا" بھی، باوجود اپنی بلندی کے، آپ کے اوجِ فضل اور علوئے کمال کا درک نہیں کرسکتی۔

جب فضائل و مکارم کی دولت کو، قسام ازل نے تقسیم کیا، تو سب سے زیادہ، اور وافر حصہ آپؑ کو ملا۔

حوالہ کیلئے ملاحظہ فرمایئے :

"کتاب الاتحاف" علامہ شبراوی ص۱۹، مطبوعہ مصر

یہی وجہ ہے کہ جس طرح بابِ مدینۃ العلم، امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالبؑ سے اسلامی علوم و معارف (کو عالم اسلام کے صاحبانِ علم و دانش نے، معتبر اسناد کے ساتھ اپنی اپنی کتابوں میں) نقل کیا ہے، اسی طرح حضرت امام حسین علیہ السلام کے معارفِ علمیہ اور جواہرِ حکمیہ کو صاحبانِ

تحقیق نے، اپنی تصانیف میں نقل کیا ہے۔

چنانچہ علامہ شیخ عبداللہ العلائلی نے لکھا ہے کہ :

الاخبار عن (الامام) الحسین فی ھذا الباب، اکثر من ان تحصی۔

ولقد کان یجیٔ بالمدھشات فی الفتیا وما الیہا من العلم، حتی قال فیہ ابن عمر :

انہ لیغر العلم غرا ـــــ ای : یغذی

(فصاحت و بلاغت کے) باب میں، (حضرت امام حسین (علیہ السلام) کی طرف سے اتنی زیادہ باتیں موصول ہوئی ہیں جو حدِ شمار سے باہر ہیں۔
آپ کے علمی کارنامے اور فتاوی دنیا کو حیرت زدہ کر دینے والے ہیں۔
یہاں تک کہ خلیفۂ ثانی کے وہ فرزند، جنھیں عالم اسلام میں نہایت بلند تر عالم دین اور فقیہ اور محقق قرار دیا جاتا ہے، یعنی جناب عبداللہ (ابن عمر) حضرت امام حسین علیہ السلام کے متعلق کہتے ہیں کہ :

"غذائے علم کو، آپؑ نے، خوب سیر ہو کر حاصل کیا"۔

ملاحظہ فرمایئے : "سمو المعنی فی سمو الذات"

ص۴۳ : مطبوعہ بیروت

اور عہدِ حاضر کے نہایت مشہور محقق و نقاد، اور مورخ یگانہ، الاستاذ، عباس محمود العقاد (مصری) لکھتے ہیں کہ :

والیہ یرفع کثیر من المتصوفۃ وحکماء الذین نصوصھم التی یعودون علیھا، ویردونھا الی علی بن ابی طالبؑ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

وقد روت الغرائب فی اختبار حذقه بالفقه واللغة،
کما روت امثال هذا الغرائب فی امتحان قدرة
ابیه علیهما السلام۔

(بیشتر اہلِ تصوّف، اور حکمائے دین اپنے قابلِ اعتماد نصوص علیہ اور معارفِ حکمیہ کو حضرت امام حسین علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں اور (امیرالمومنین حضرت) علیؑ بن ابی طالبؑ کی طرف اُن علوم کو پلٹاتے ہیں۔

علوم فقہ ولغت میں آپ کی حذاقت ومہارت کا اندازہ لگانے کے سلسلہ میں جن امور کی روایت کی گئی ہے ان میں بہت سے نادر علوم کا تذکرہ ملتا ہے۔

جس طرح سے کہ (آپ سے قبل) آپؑ کے پدر بزرگوار (امیرالمومنین حضرت علیؑ بن ابی طالب علیہ السلام) کے علمی مرتبے کا اندازہ لگانے کے لئے ایسی بہت سی باتوں کی روایت کی گئی ہے)

ملاحظہ فرمایئے: کتاب "ابوالشہداء"
صفحہ ۹۳، ۹۴۔ مطبوعہ مصر

اس سلسلہ میں اختصار کو مدِّنظر رکھتے ہوئے ہم صرف ایک واقعہ کے ذکر پر اکتفا کرتے ہیں:

اربابِ تاریخ وسِیَر کا بیان ہے کہ:

حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین علیہما السلام، مسجد نبوی میں تشریف فرما تھے کہ ایک تھکا ماندہ اعرابی مسجد میں داخل ہوا۔
اُس نے امام حسن علیہ السلام کی طرف اشارہ کر کے پوچھا۔

"یہ کون ہیں۔؟"
لوگوں نے بتایا کہ: یہ حسنؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ ہیں۔
یہ سُن کر اعرابی نے کہا: مجھے تو ان ہی سے کام تھا۔!
لوگوں نے پوچھا: تو ان سے کیا چاہتا ہے؟
اُس نے جواب دیا کہ:

بلغنی انهم یتکلمون فیعربون کلامهم، وانی قطعت
وادیا وقفارا ولوویة وجبالا، وجئت لا طارحه الکلام
واسئله عن عولیص العربیة۔

(میں نے سنا ہے کہ یہ لوگ بہت فصیح وبلیغ اور ماہر زبان ہیں، جب گفتگو کرتے ہیں تو ان کا کلام بہت واضح اور نمایاں ہوتا ہے۔

میں نے لق ودق صحرا وبیابان، پہاڑیوں اور وادیوں کا سفر طے کیا ہے، اور یہاں صرف اس لئے آیا ہوں کہ:
ان سے (ادبی) مباحثہ کروں، اور مغلق، پیچیدہ عربی کلام کے بارے اُن سے دریافت کروں۔

یہ سُن کر حاضرین میں سے ایک شخص نے حضرت امام حسینؑ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اس اعرابی سے کہا کہ:

فابدأ بذلك الشاب

(پہلے اس نوجوان سے پوچھو)

پھر اُن کے بزرگ سے دریافت کرنے کا حوصلہ کرنا۔

یہ سُن کر وہ اعرابی آگے بڑھا، اور اس نے حضرت امام حسین علیہ السلام

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabirabbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کوسلام کیا۔

آپ نے پوچھا: تم کہاں سے آئے ہو؟

اُس نے کہا کہ:

انی جئتك من الهرقل، والجعلل، والايسنم والهمهام۔

میں آپ کے پاس: ہرقل، جعلل، ایسنم اور ھمہم سے آیا ہوں۔

اعرابی کے اس کلام کو سُن کر امام علیہ السلام مسکرائے، اور فرمایا:

"اے اعرابی! تُو نے ایسا کلام کیا ہے جس کو صاحبانِ علم کے علاوہ، کوئی اور نہیں سمجھ سکتا۔

اس نے کہا: جی ہاں ـــ میں ایسا ہی مغلق کلام، اور عجیب و غریب الفاظ بولنے کا عادی ہوں ـــ کیا آپ ہمارے اندازِ کلام کے مطابق اسی طرز پر ہمیں جواب دے سکتے ہیں۔؟

امام علیہ السلام نے فرمایا کہ: اچھا ـــ تم کلام کرو، میں بھی اُسی طرز و اسلوب کے اشعار میں تمہیں جواب دوں گا۔

یہ سن کر اُس اعرابی نے ۹ (نو) شعر پڑھے جن میں پہلا یہ شعر تھا:

هفا قلبي الى اللهو

وقد ودع شرخيه

ابھی اُس کے اشعار ختم ہی ہوتے تھے کہ امام علیہ السلام نے، فی البدیہہ، نو شعر، اُسی وزن و قافیہ کی پابندی کے ساتھ، اُسی قسم کے معنی و مطالب پر مشتمل، پڑھے۔

ان اشعار کے مطالب، ان کی فصاحت و بلاغت، اور ندرتِ کلام کو

سن کر، وہ اعرابی وجد میں جھومتا رہا، اور حیرت و استعجاب کے سمندر میں غوطہ زن رہا کہ:

اُس نے اپنے جن اشعار کو انتہائی مشکل اور پیچیدہ سمجھا تھا، اُن کے جواب میں امام علیہ السلام نے، فی الفور، اتنے ہی اشعار پیش کر دیئے، جتنے اُس نے، نہ جانے کب سے یاد کر رکھے تھے، اور اُن کے ذریعے سے حجتِ خدا، اور خانوادۂ رسالتؐ کی فصاحت و بلاغت کا امتحان لینے آیا تھا۔

امام علیہ السلام نے جب اُس کے اشعار کا، اُن ہی جیسے قوافی اور اوزان میں، نہایت حکیمانہ جواب دے دیا، اور اُس اعرابی کے آنے کی غرض پوری ہو گئی، تو آپ نے اُن ابتدائی فقروں کی تشریح بھی فرما دی، جن فقروں کو اس نے اپنے تعارف کے طور پر پیش کیا تھا۔

چنانچہ مورخین نے لکھا ہے کہ:

ثم فسّر له ما اراد من الهرقل وهو ملك الروم، (ويريد به ارض الروم) "والجعلل": وهو قصار النخل، "والايسنم": وهو من النبات، "والهمهام": وهو القليب الغزير الماء.

وفي هذه الكلمات: اوصاف البلاد التي جاء منها، اشارة اليها.

(پھر حضرت امام حسین علیہ السلام نے اعرابی کے اُس ابتدائی جملے کی تشریح فرمائی جس میں اس نے کہا تھا کہ: "میں ہرقل، جعلل، ایسنم اور ھمہم سے آیا ہوں، آپ نے فرمایا کہ)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"ہرقل" ـــــ رُوم کے بادشاہ کا لقب ہے، البتہ اعرابی نے (اپنے جملے میں) اس لفظ سے روم کی سرزمین کو مراد لیا ہے۔

"جعلل" : ـــ کھجور کے چھوٹے درختوں (کو کہتے ہیں)

"انیم" : ـــ ایک قسم کی گھاس ہے (جو سرزمین "روم" پر بہت کثرت سے پائی جاتی ہے)۔

"ھیھم" : ـــ وہ کنواں جس میں بہت زیادہ پانی ہو (ایسے کنویں، روم کی سرزمین پر زیادہ پائے جاتے ہیں ـــ

(گویا : امام عالی مقامؑ نے لوگوں کو توجہ دلائی کہ):

اعرابی کا مقصد یہ تھا کہ میں سرزمین روم سے آیا ہوں جہاں کے طبعی خصوصیات یہ ہیں کہ:

وہاں کھجور کے چھوٹے درخت بہت زیادہ ہوتے ہیں۔

"انیم" نامی گھاس بکثرت اُگتی ہے۔

اور گہرے پانی والے کنویں، بہت ہوتے ہیں

یہ سن کر وہ اعرابی کہنے لگا:

ما رایت کالیوم قط مثل ھذا الغلام اعرب منہ کلاما واذرب منہ لسانا وافصح منہ منطقا۔

(میں نے آج تک مثل اس نوجوان کے، کسی کو اتنا بڑا فصیح اللسان اور عربی زبان پر قدرت رکھنے والا نہیں دیکھا۔

یہ سن حضرت امام حسن علیہ السلام (اُس اعرابی کے قریب تشریف لائے اور اُس سے فرمایا :

"تو جانتا ہے، یہ کون نوجوان ہے ؟

پھر آپ نے، حضرت امام حسین علیہ السلام کی مدح و ثناء میں کچھ اشعار پڑھے جو اُن ہی قوافی و اوزان پر مشتمل تھے، جن قوافی کے مطابق اس اعرابی نے اشعار پڑھے تھے۔

اور امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کے اشعار بھی فصاحت و بلاغت کا ایسا شاہکار تھے کہ وہ اعرابی وجد کرنے لگا اور بیساختہ بول اٹھا :

آپ دونوں بھائیوں کی مثال لانے سے دنیا عاجز ہے ـــــ خدا کی قسم! اب میں آپ دونوں کا شیدائی ہو کر، واپس جا رہا ہوں"

حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے :

"مطالب السؤل" از محمد بن طلحہ الشافعی ج۲، ص۲۳۹، مطبوعہ لکھنؤ

"ابو الشہداء" از عباس محمود العقاد ص۶۸، ص۶۹۔ مطبوعہ مصر

"سمو المعنی فی سمو الذات" از شیخ عبد اللہ العلائلی البیروتی صفحہ ۱۳، ص۱۴ مطبوعہ بیروت اور "طفلۃ الحسین" مطبوعہ لکھنؤ)

مذکورہ واقعہ، جسے عالم اسلام کے بلند پایہ مصنفین نے معتبر اسناد کے ساتھ، اپنی اپنی کتابوں میں درج کیا ہے، خاندانِ رسالتؐ کی عظیم المرتبت ہستیوں کی فصاحت و بلاغت اور ان کی قادر الکلامی کا شاندار نمونہ ہے جس سے یہ بات بھی واضح ہوتی ہے کہ :

اگرچہ اس اعرابی نے صرف یہ سمجھا کہ امام علیہ السلام کو زبانِ عرب پر مکمل دسترس حاصل ہے، مغلق اور نامانوس الفاظ کو آپ اچھی طرح سمجھتے ہیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اورفنِ شعر وفصاحت و بلاغت میں آپ کا کوئی جواب نہیں ہے —— بالفاظِ دیگر، اُس نے یہ تو اندازہ لگالیا کہ آپ علوم ادبیہ" میں سب سے افضل و برتر ہیں۔

لیکن غالباً وہ اس بات کا اندازہ نہیں لگا سکا کہ :

امام علیہ السلام اُس کے پہلے جُملے کی تشریح فرما کر یہ بھی ثابت کر دیا کہ PHYSICAL GEOGRAPHY (جغرافیہ طبعی) اور NATURAL HISTORY جیسے علوم پر بھی آپ کو مکمل دسترس ہے۔

جب ہی تو آپ نے اعرابی کے اُس جملے کو سن کر ارشاد فرمایا۔

لقد تکلمت بکلام، لا یعقلہ الا العالمون

(تم نے ایسا کلام کیا ہے، جسے صرف صاحبانِ علم ہی سمجھ سکتے ہیں)

تاریخی اعتبار سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ :

حضرت امام حسین کبھی سرزمین "روم" تشریف نہیں لے گئے تھے۔ وہاں کے خصوصیتِ ارضی کا، آپؑ نے وہاں جا کر مشاہدہ نہیں فرمایا تھا، لیکن اس کے باوجود آپؑ نے اُس سرزمین کی نمایاں خصوصیات کو بیان کر کے واضح کر دیا کہ :

امام وقت، اور حجّتِ خدا، پروردگار عالم کے عطا کردہ خصوصی علم کی بنا پر، کائنات کے علوم پر حاوی ہوتا ہے۔

(۹)

اور جیسا کہ حضرت فاضل ہنسوی علیہ الرحمہ نے لکھا ہے :

" دراصل (امام حسین علیہ السلام) کا کلام کمالِ فصاحت کے ساتھ انتہائی بلیغ ہے، جس میں صاحبانِ بصیرت کے لئے، معانی کے چشمے جوش مارتے ہوئے دکھلائی دیتے ہیں اور غور و فکر کرنے والے (حضرات امام علیہ السلام) کے کلام میں ڈوب کر " دُر ہائے معانی " سے اپنے دامن کو بھر لیتے ہیں۔"

(۹)

علّامہ محمد بن طلحہ شافعی لکھتے ہیں کہ :

(انہ علیہ السلام فی ذلک الوقت افصح من نطق، کانت الفصاحۃ لدیہ خاضعۃ، والبلاغۃ لامرہ سامعۃ طائعۃ۔

(امام علیہ السلام اپنے زمانہ میں، تمام لوگوں سے زیادہ فصیح تھے، فصاحت آپ کی فرماں بردار، اور بلاغت، آپ کی اطاعت گذار، اور حکم بجا لانے والی تھی)

(۹)

آگے چل کر علامہ شافعی موصوف نے امام علیہ السلام کے اشعار کے بارے میں لکھا ہے کہ :

اما نظمہ فیعد لحل الکلام جوھر عقد منظوم و مشھر برد مرقوم۔

(امام علیہ السلام کے اشعار (تو درحقیقت) انمول جواہر، اور (گویا) نایاب موتی ہیں، جو اپنی خوبیوں میں، مثل اُس چادر کے ہیں، جو نقش و نگار میں اپنا جواب نہیں رکھتی)

(ملاحظہ فرمایئے : کتاب "مطالب السؤل" ص ۲۹ مطبوعہ مصر)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور فنِ شعر و فصاحت و بلاغت میں آپ کا کوئی جواب نہیں ہے —
بالفاظِ دیگر، اُس نے یہ تو اندازہ لگا لیا کہ آپ "علوم ادبیہ" میں سب سے افضل و برتر ہیں۔

لیکن غالباً وہ اس بات کا اندازہ نہیں لگا سکا کہ :
امام علیہ السلام نے اُس کے پہلے جملے کی تشریح فرما کر یہ بھی ثابت کر دیا کہ PHYSICAL GEOGRAPHY (جغرافیہ طبعی) اور NATURAL HISTORY جیسے علوم پر بھی آپ کو مکمل دسترس ہے۔

جب ہی تو آپ نے اعرابی کے اُس جملے کو سُن کر ارشاد فرمایا۔

لقد تکلمت بکلام، لا یعقلہ الا العالمون

(تم نے ایسا کلام کیا ہے، جسے صرف صاحبانِ علم ہی سمجھ سکتے ہیں)

تاریخی اعتبار سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ :
حضرت امام حسینؑ کبھی سرزمین "روم" تشریف نہیں لے گئے تھے۔ وہاں کے خصوصیاتِ ارضی کا، آپؑ نے وہاں جا کر مشاہدہ نہیں فرمایا تھا، لیکن اس کے باوجود آپؑ نے اُس سرزمین کی نمایاں خصوصیات کو بیان کر کے واضح کر دیا کہ :
امامِ وقت، اور حجتِ خدا، پروردگارِ عالم کے عطا کردہ، خصوصی علم کی بنا پر، کائنات کے علوم پر حاوی ہوتا ہے۔

اور جیسا کہ حضرت فاضل ہنسوی علیہ الرحمہ نے لکھا ہے :
"دراصل (امام حسین علیہ السلام) کا کلام کمالِ فصاحت کے ساتھ

انتہائی بلیغ ہے، جس میں صاحبانِ بصیرت کے لئے، معانی کے چشمے جوش مارتے ہوئے دکھلائی دیتے ہیں اور غور و فکر کرنے والے (حضرت امام علیہ السلام) کے کلام میں "ڈوب کر" دُرہائے معانی" سے اپنے دامن کو بھر لیتے ہیں۔"

علامہ محمد بن طلحہ شافعی لکھتے ہیں کہ :

(انہ علیہ السلام فی ذلک الوقت افصح من نطق، کانت الفصاحۃ لدیہ خاضعۃ، والبلاغۃ لامرہ سامعۃ طائعۃ۔

(امام علیہ السلام اپنے زمانہ میں، تمام لوگوں سے زیادہ فصیح تھے، فصاحت آپ کی فرماں بردار، اور بلاغت، آپ کی اطاعت گزار، اور حکم بجا لانے والی تھی)

آگے چل کر علامہ شافعی موصوف نے امام علیہ السلام کے اشعار کے بارے میں لکھا ہے کہ :

اما نظمہ فیعد لحمل الکلام جوھر عقد منظوم و مشھر برد مرقوم۔

(امام علیہ السلام کے اشعار (تو درحقیقت) انمول جواہر، اور (گویا) نایاب موتی ہیں، جو اپنی خوبیوں میں، مثل اُس چادر کے ہیں، جو نقش و نگار میں اپنا جواب نہیں رکھتی)

(ملاحظہ فرمایئے : کتاب "مطالب السؤول" ص۲۹ مطبوعہ مصر)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۹)

یہی وجہ ہے کہ آپؑ اپنے عہد کے شعراء اور فصحاء کے لئے "معیار الکلام" تھے۔

اگر آپ کسی شاعر کے کلام کو سماعت فرما لیتے، تو وہ اس بات کو اپنے لئے بہت بڑا شرف اور سرمایۂ افتخار سمجھتا تھا، اور یوں محسوس کرتا تھا، گویا اسے استادی کی سند نصیب ہو گئی۔

اسی لئے ہر شاعر آپؑ کو کلام سنانے کے لئے آرزومند و مشتاق رہتا تھا۔

چنانچہ مصر کے مشہور و معروف محقق و نقاد، مصنف و دانشور، جناب استاذ "عباس محمود العقاد" نے لکھا ہے کہ:

"ولخبرته بالكلام وشهرته بالفصاحة، كان الشعراء يرتادونه، وبهم من الطمع من اصغاءه اكبر طمعهم من عطاءه"

(چونکہ امام علیہ السلام، کلام عرب کے ماہر خبیر تھے، اور آپ کے فصاحت کلام کی شہرت عام تھی، اس لئے شعراء آپ کی عطاء و بخشش کو حاصل کرنے سے زیادہ، اس بات کے حریص و آرزومند رہتے تھے کہ آپؑ اُن کے کلام کو سماعت فرمالیں)

ملاحظہ فرمایئے: "ابو الشہداء" از عباس محمود العقاد، ص
مطبوعہ مصر

(۱۰)

سچ یہ کہ امام علیہ السلام صرف افصح العرب، اور معیار الکلام ہی نہیں، بلکہ عدیم النظیر اور بے مثال خطیب بھی تھے۔

چنانچہ استاذ "عباس محمود العقاد" نے لکھا ہے کہ:

وقد اوتی ملكة الخطابة، من طلاقة لسان وحسن بيان، وغنة صوت وجمال ايماء.

(قدرت نے، امام علیہ السلام کو، ایسا ملکۂ خطابت عطا فرمایا تھا، جس میں طلاقت زبان، حُسن بیان، حُسنِ صوت، اور فصاحت و بلاغت پر مشتمل حسین اشارے، سب ہی کچھ موجود تھا)

(کتاب: "ابو الشہداء" تالیف عباس محمود العقاد، ص مطبوعہ مصر)

(۹)

مقصد یہ ہے کہ:

ایک باکمال خطیب میں، جن جن صفات کی ضرورت ہے وہ تمام صفات امام علیہ السلام کے خطاب میں موجود تھیں۔

جن اجزائے ترکیبی سے ایک فصیح و بلیغ اور قادر الکلام خطیب کی گفتگو آراستہ ہوتی ہے، وہ تمام اجزاء امام علیہ السلام کی خطابت میں بدرجۂ اتم، اور بحد کمال پائے جاتے ہیں۔

امام علیہ السلام کے خطبوں کو پڑھیں تو ایسا معلوم ہوگا کہ:

... حُسنِ بیان جلوہ نما ہے، الفاظ اپنے جمال کے ساتھ نمودار ہو رہے ہیں، ترنم کا جادو چل رہا ہے، اور (صنائع و بدائع اور حسین) اشاروں کی بجلیاں چمک رہی ہیں۔

ان میں ایک تڑپ ہے، ایک انوکھی زندگی ہے۔

کون سی خوبی ہے جو امام علیہ السلام کے کلام اور خطبات میں آپ کو نہ ملیں شاعرِ حسینیتؑ جناب سید محمد زائر سیتاپوری لکھتے ہیں کہ:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabirabbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہی کلام وہی لہجۂ لسان اللہ
ہر اک لفظ میں قرآن کی جلالت ہے
شمارِ کوثر و تسنیم و سلسبیل کا حُسن
عجیب روحِ فصاحت عجب بلاغت ہے
نپے تُلے ہوئے الفاظ وہ معانی خیز
کہ جیسے وحی کی پابند لب کی حرکت ہے
نبوت اور امامت کے علم کا تیور
علیؑ کا رعب، محمدؐ کی شان و شوکت ہے

یہی تھا رمز نبیؐ کے زباں چُسانے کا
زبان حسینؑ کی، گویا زبانِ قدرت ہے

(بلاغت الحسینؑ مطبوعہ اصلاح "کھجوا" ص۳۶
و احمد بکڈپو کراچی)

اور عالمِ اسلام کے جلیل القدر مورخ اور دانشور استاد احمد زکی صفوتؒ نے امامؑ کی فصاحت و بلاغت کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

فقد کان ذلك طبیعة متوارثة فی آل البیت جمیعا، جاهلیة و اسلاما، وکان بیت هاشم من الجاهلیة مشرعها العذب ومنهلها الفیاض.

وکان جده کعب بن لوی وهو الجد السابع له وللنبی صلی الله علیه وآله وسلم من اقدم الخطباء العرب. ولما مات کبروا موته وارخوا به حتی کان عام الفیل.

وکان اجداده: قصی، هاشم، عبد المطلب، و ابوه ابوطالبؑ، کلهم من خطباء العرب المعدودین.

(دراصل فصاحت و خطابت اہلبیتؑ کی فطرت و طبیعت میں داخل ہے، اور یہ چیز تو آپؑ کو میراث میں ملی تھی۔

http://fb.com/ranajabirabbas

زمانۂ جاہلیت اور عہدِ اسلام، ہر دور میں، یہ خاندان اس وصف میں ممتاز رہا ہے۔

عہدِ اسلام سے قبل بھی، ہاشمی خاندان، فصاحت و بلاغت کا شیریں و خوشگوار چشمہ رہا ہے۔

آپ کے جدِ اعلیٰ، کعب بن لوئیؑ، جو حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام کے سلسلۂ اجداد میں ساتویں منزل پر ہیں، عرب کے خطیبوں میں سب سے مقدم تھے۔

جب اُن کا انتقال ہوا تو اہلِ عرب نے، اسے ایک عظیم قومی سانحہ سمجھا تھا، اور بطورِ یادگار، آن کے سانحہ رحلت سے، اپنے سنہ شمار کرتے تھے، جس کا سلسلہ عام الفیل تک رہا۔[1]

اسی طرح آپ کے اجداد میں جناب قصیؒ، جناب ہاشمؒ، جناب عبد المطلبؒ حضرت ابوطالبؑ (اور امام حسینؑ کے والد ماجد امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالبؑ جو علی الاطلاق امام الخطباء ہیں) — ان تمام حضرات کا شمار اہلِ عرب کے اہم خطباء میں ہوتا ہے۔

(حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے: ترجمہ علی بن طالبؑ
از استاذ احمد ذکی صفوت ص۲۲ مطبوعہ مصر)

امامؑ عالی مقام کے جدِ بزرگوار حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حتیٰ

[1] جس کے بعد وہ لوگ اپنے سنہ کا شمار ہاتھیوں کے واقعہ سے کرنے لگے۔ اور حضورِ اکرمؐ کی ولادت با سعادت کا سنہ "۱" عام الفیل لکھا گیا اور امیر المومنینؑ کا سن ولادت سنہ ۳۰ عام الفیل۔
پھر جب حضورِ اکرمؐ نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی، جس کے بعد اسلام کی سربلندی کا نیا باب رقم ہوا، تو سنہ ہجری سے تاریخوں کو شمار کیا جانے لگا اور بحمد اللہ یہ سلسلہ آج تک جاری ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

بلاغت کی اُس بلند ترین منزل پر فائز ہیں کہ:

افصح من نطق بالضاد، وافصح الخلائق علی الاطلاق

(جو لوگ عربی بولتے ہیں، ان میں سب سے زیادہ فصیح، اور پوری کائنات میں فصاحت و بلاغت کی اعلیٰ ترین منزل پر فائز آپؐ ہی کی ذات گرامی ہے)

ملاحظہ فرمایئے:

المزھر: جلال الدین سیوطی ص۱۰۲

(مطبوعہ مصر)

اور آپؐ کے پدر بزرگوار امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام کی ذاتِ گرامی کے بارے میں تمام صاحبانِ فکر و دانش کا اتفاق ہے کہ:

"افصح الناس وافصح الخطباء علی الاطلاق بعد رسول اللہؐ وامام الخطباء، وخطیب المسلمین وامام المنشئین، والمقدم فی فنون البلاغۃ علی بلغاء البدو والحضر"

(حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد تمام خطباء اور تمام بنی نوع انسان کے درمیان آپ کی ذات گرامی، فصاحت و بلاغت کی سب سے بلند منزل پر فائز ہے۔
آپ تمام خطیبوں کے مقتداء و پیشوا ہیں۔
اہلِ اسلام کے سب سے بلند مرتبہ خطیب ہیں۔
انشاء پرداز حضرات کے سرخیل و رہنما ہیں۔
اور بلاغت کے رموز و آداب میں بادیہ نشین و اہلِ شہر،

تمام صاحبانِ بلاغت سے مقدم اور برتر ہیں۔

(حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے:
"جواہر الادب" لـ احمد الہاشمی المصری جلد ۲ صفحہ ۲۴۸
"تاریخ الادب العربی": احمد حسن زیات "ص۱۰۱" مصر۔
"خزانۃ الادب": ابن حجۃ حموی ص۱۲۹ مطبوعہ مصر)

(۵)

اسی طرح آپ کی مادر گرامی، حضرت خاتونِ جنت سلام اللہ علیہا فصاحت و بلاغت کے اُس اعلیٰ درجے پر فائز تھیں کہ جب آپ نے خطبہ دیا تو ایسا محسوس ہوتا تھا کہ خود رسولِ خدا گفتگو فرما رہے ہوں۔

(ملاحظہ فرمایئے: بلاغات النساء ابو الفضل احمد طاہر
و البلاغۃ الفاطمیہ، مطبوعہ نجف اشرف وغیرہ)

اور آپؐ کے برادرِ بزرگ، حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام ایسے قادر الکلام خطیب تھے کہ دشمن بھی آپؐ کے کمالِ خطابت کا اعتراف کرنے پر مجبور تھے۔

(ملاحظہ فرمایئے:
"مقتل الحسین" ابو المؤید الموفق احمد بن مکی۔
اخطب خوارزم جلد ۱ صفحہ ۱۱۹ مطبوعہ مصر)

(۶)

نیز آپؐ کی اولاد میں تمام ائمہ طاہرین علیہم السلام، اپنے اپنے دور میں آسمانِ فصاحت و بلاغت کے آفتاب و ماہتاب کی طرح نیّر اور درخشاں نظر آتے ہیں، وذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

علومِ کائنات

امامِ وقت، چونکہ تمام علوم سے باخبر، تمام زبانوں سے واقف، یہاں تک کہ حیوانات کی گفتگو اور اُن کی بولیوں کا بھی عالِم ہوتا ہے اس لئے ہمارے ائمہ کرام علیہم السلام کے بارے میں مؤرخین نے معتبر اسناد سے ایسی روایات نقل کی ہیں جن سے یہ واضح ہوتا ہے کہ چڑیا جب چہچہاتی ہے، یا مختلف پرندے اپنے آشیانوں میں بیٹھے ہوئے مختلف صدائیں بلند کرتے ہیں، تو اگرچہ عام لوگ اس کو سمجھنے سے قاصر ہوتے ہیں، جیسا کہ — خداوندِ عالم نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے کہ:

وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ

(اور کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو اُس (خدا) کی حمد و ثنا نہ کرتی ہو، لیکن تم لوگ اُن کی تسبیح کو نہیں سمجھتے)

البتہ جن ہستیوں کو خداوندِ عالم نے زمین پر اپنا نمائندہ، اپنی کتاب کا وارث اور علم کا خزینہ قرار دیا ہے وہ اُن کی تسبیح کو خوب سمجھتے ہیں —

چنانچہ محمد بن ابراہیم بن الحارث التیمی کی روایت ہے کہ:

حضرت امام حسین علیہ السلام نے دسیکڑوں جانوروں کے بارے میں یہ بتایا کہ (وہ خداوندِ عالم کی حمد و ثنا اس انداز سے بیان کرتے ہیں جس میں بندوں کے لئے نصیحت کا پیغام بھی ہوتا ہے، مثال کے طور پر):

اذا صاح النسرفانه یقول : یابن آدم عش ماشئت، فآخره الموت

واذا صاح البازی یقول : یا عالم الخفیات یا کاشف البلیات۔

واذا صاح الطاووس یقول : مولائی ظلمتُ نفسی واغتررت بزینتی، فاغفرلی

واذا صاح الدراج یقول : الرحمٰن علی العرش استوی

واذا صاح الدیك یقول : من عرف الله لم ینس ذکره۔

واذا قرقرت الدجاجة تقول : یا اله الحق، انت الحق وقولك الحق، یا الله یا حق۔

واذا صاح الباشق یقول : آمنت بالله والیوم الاخر۔

واذا صاحت الحدأة تقول : توکل علی الله ترزق۔

واذا صاح العقاب یقول : من اطاع الله لم یشق۔

واذا صاح الشاهین یقول : سبحان الله حقاحقا

واذا صاحت البومة تقول : البعد من الناس انس۔

واذا صاح الغراب یقول : یارازق ابعث بالرزق الحلال۔

واذا صاح الکرکی یقول : اللهم احفظنی من عدوی۔

واذا صاح اللقلق یقول : من تخلی من الناس نجی من اذاهم

واذا صاحت البطة تقول : غفرانك یا الله غفرانك۔

واذا صاح الهُدهُد یقول : ما اشقی من عصی الله۔

واذا صاح القمری یقول : یا عالم السر والنجوی

Contact: jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

يا اللہ۔

واذا صاح الدبسی یقول: انت اللہ لا الہ سواک یا اللہ۔

واذا صاح العقعق یقول: سبحان من لا یخفٰی علیہ خافیہ۔

واذا صاح البغاء یقول: من ذکر ربہ غفر ذنبہ۔

واذا صاح العصفور یقول: استغفر اللہ مما یسخط اللہ۔

واذا صاح البلبل یقول: لا الہ الا اللہ حقاً حقاً۔

واذا صاحت القبجۃ تقول: قرب الحق، قرب۔

واذا صاحت السماناۃ تقول: یا ابن آدم اغفلک عن الموت

واذا صاح السوزنیق یقول: لا الہ الا اللہ محمد —— وآلہ خیرۃ اللہ۔

واذا صاحت الفاختۃ تقول: یا واحد یا احد یا فرد یا صمد۔

واذا صاح الشقراق یقول: مولائی اعتقنی من النار

واذا صاحت القنبرۃ تقول: مولائی تب علی کل مذنب من المومنین۔

واذا صاح الورشان یقول: ان لم تغفر ذنبی شقیت۔

واذا صاح الشفنین یقول: لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

واذا صاحت النعامۃ تقول: لا معبود سوی اللہ۔

واذا صاحت الخطافۃ فانہا تقرأ سورۃ الحمد، وتقول: یا قابل توبۃ التوابین، یا اللہ لک الحمد۔

واذا صاحت الزرافۃ تقول: لا الہ الا اللہ وحدہ

واذا صاح الحمل یقول: کفی بالموت واعظا۔

واذا صاح الجدی یقول: عاجلنی الموت فقل ذنبی۔

واذا زأر الاسد یقول: امر اللہ مہم مہم۔

واذا صاح الثور یقول: مہلاً مہلاً، یا ابن آدم، انت —— بین یدی من یری ولا یری، وھو اللہ۔

واذا صاح الفیل یقول: لا یغنی عن الموت قوۃ ولا حیلۃ

واذا صاح الفہد یقول: یا عزیز یا جبار یا متکبر یا اللہ۔

واذا صاح الجمل یقول: سبحان مذل الجبارین سبحانہ۔

واذا صہل الفرس یقول: سبحان ربنا —— سبحانہ۔

واذا صاح الذئب یقول: ماحفظ اللہ فلن یضیع ابدا۔

واذا صاح ابن آوی، یقول: الویل، الویل، الویل، للمذنب المصر۔

واذا صاح الکلب یقول: کفی بالمعاصی ذلا

واذا صاح الارنب یقول: لا تھلکنی یا اللہ، لک الحمد۔

واذا صاح الثعلب یقول: الدنیا دار غرور۔

واذا صاح الغزال یقول: نجنی من الاذی۔

واذا صاح الکرکدن یقول: اغثنی والا ھلکت یا مولائی۔

واذا صاح الایل یقول: حسبی اللہ ونعم الوکیل، حسبی

واذا صاح النمر یقول: سبحان من تعزز بالقدرۃ سبحانہ۔

واذا صاحت الحیۃ تقول: ما اشقی من عصاک یا رحمان

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

واذا سجعت العقرب تقول: الشر شئ وحش۔
ثم قال (الامام علیہ السلام):
ما خلق اللہ من شیٔ الا ولہ تسبیح یحمد بہ ربہ،
ثم تلا ھٰذہ الایۃ:
وان من شیٔ الا یسبح بحمدہ ولکن لا تفقہون تسبیحہم
(جب گِدھ چیختا ہے، تو کہتا ہے کہ:
"اے اولادِ آدمؑ — جتنی چاہو زندگی گذارو، آخر میں تو مرنا ہی ہے۔
اور جب باز آواز بلند کرتا ہے، تو (درحقیقت خداوندِ عالم سے مخاطب ہوکر) کہتا ہے:
"اے تمام پوشیدہ باتوں کو جاننے والے، اے بلاؤں کو دور کرنے والے۔"
اور جب مور آواز دیتا ہے تو (خداوندِ عالم سے مخاطب ہوکر) کہتا ہے:
"میرے مالک! میں نے اپنے آپ پر ظلم کیا، اپنی زینت پر مغرور ہوگیا — تو مجھے معاف کر دے۔
اور جب تیتر چیختا ہے تو کہتا ہے کہ:
"(خداوندِ رحیم و) رحمان عرش پر بلند ہے۔"
اور جب مرغ بانگ دیتا ہے تو (یہ پیغام دیتا ہے کہ:
"جس کو اللہ کی معرفت ہو وہ اُس کی یاد سے غافل نہیں ہوتا۔"
اور جب مرغی "کٹکٹاس" کرتی ہے تو (خدا کو پکارتے ہوئے کہتی ہے:
"اے خدائے برحق، تُو حق ہے، تیرا فرمان بھی حق ہے، اے خدا! اے حق۔"
اور جب چھوٹا شکاری پرندہ چیختا ہے تو اعلان کرتا ہے کہ:

http://fb.com/ranajabirabbas

"میں خدا اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہوں۔"
اور جب چیل آواز بلند کرتی ہے تو (بندوں سے) کہتی ہے کہ:
"خدا پر بھروسہ رکھو، رزق نصیب ہوگا۔"
اور جب عقاب چلّاتا ہے تو (یہ پیغام) دیتا ہے کہ:
جو خدا کی اطاعت کرے وہ محروم نہیں رہ سکتا شقاوت میں نہیں پڑتا۔
اور جب شاہین آواز بلند کرتا ہے تو کہتا ہے کہ:
"حق یہ ہے کہ حق یہ ہے کہ خدا، پاک و بے نیاز ہے۔"
اور جب اُلّو چیختا ہے تو یہ اعلان کرتا ہے کہ:
"لوگوں سے دوری (اور گوشہ نشینی) میں عافیت ہے۔
اور جب کوّا چلّاتا ہے تو (خدا سے) کہتا ہے کہ:
"اے رزق عطا کرنے والے، رزقِ حلال کی طرف (مجھے) اٹھا۔
اور جب سارس چیختا ہے تو کہتا ہے خداوندا! مجھے میرے دشمن سے بچا۔
اور جب لقلق آواز بلند کرے تو کہتا ہے۔
"جو شخص لوگوں سے الگ رہے، وہ ان کی ایذا رسانی سے بچا رہتا ہے۔
اور جب بطخ چیختی ہے تو کہتی ہے۔
"خداوندا — تیری مغفرت، تیری مغفرت!
اور جب ہُدہُد آواز بلند کرتا ہے تو کہتا ہے:
"کتنا بدقسمت ہے وہ شخص، جو خدا کی نافرمانی کرتا ہے۔"
اور جب قمری صدا بلند کرے تو خداوندِ عالم کو مخاطب کرکے) کہتی ہے:
"اے مخفی باتوں اور رازوں کو جاننے والے، اے خدا۔
اور جب ٹِڈّی آواز لگاتی ہے تو (خداوندِ عالم کو) پکارتی ہے:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

"اے اللہ! تو ہی خدا ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔

"اے اولادِ آدمؑ ـــــ تو موت سے کس قدر غافل ہے!

جب فاختہ چیختی ہے تو کہتی ہے:

"اے یکتا و یگانہ، اے منفرد و بے نیاز۔"

اورجب شقراق[1] آواز بلند کرتا ہے تو کہتا ہے:

"اے میرے آقا، مجھے آگ سے محفوظ رکھنا۔"

اورجب چنڈول آواز بلند کرتا ہے تو (خدا سے) دُعا کرتا ہے:

"میرے مالک! تمام گنہ گار مومنین کی توبہ قبول فرما۔

اورجب عقعق[1] چیختا ہے تو کہتا ہے کہ:

"پاک و بے نیاز ہے وہ خدا جس سے کوئی مخفی بات کبھی چھپی نہیں رہ سکتی۔"

اورطوطا جب آواز بلند کرتا ہے تو کہتا ہے کہ:

"جو شخص خدا کو یاد کرے (خدا) اس کے گناہ معاف کردیتا ہے۔"

اورجب گوریا آواز لگاتی ہے تو کہتی ہے کہ:

"جو باتیں خدا کو ناراض کرتی ہیں، میں اُن سب سے معافی مانگتی ہوں۔"

اورجب بُلبُل نغمہ سنج ہو تو کہتی ہے کہ:

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، (وہی) حق ہے، (وہی) حق ہے۔

اورچکور جب آواز بلند کرے تو کہتا ہے کہ:

"حق قریب ہے، نزدیک ہے۔"

اوربٹیر جب چلاتی ہے، تو (انسان کو مخاطب کرکے) کہتی ہے کہ:

---

[1] کوّے سے ملتا جلتا ایک جانور جسے "عقعق" کہا جاتا ہے، بعض اہلِ عرب کوّے کو بھی کہتے ہیں۔

http://fb.com/ranajabirabbas

"اے صاحبِ عزت و جبروت، اے بڑائی والے، اے خدا۔

اورجب اونٹ آواز نکالتا ہے تو کہتا ہے کہ:

"پاک و بے نیاز ہے (خدا) جو نافرمانوں کو ذلیل و خوار کرتا ہے۔

اورجب گھوڑا ہنہناتا ہے تو کہتا ہے کہ:

"پاک ہے میرا پروردگار، اور بے نیاز ہے۔

اوربھیڑیا اپنی فریاد میں کہتا ہے کہ:

"جس کی خدا حفاظت کرے، وہ کبھی ضائع نہیں ہوگا۔

اورگیدڑ جب آواز نکالتا ہے، تو کہتا ہے کہ:

افسوس، افسوس، افسوس ہے اُس گنہ گار پر جو اپنے گناہ پر مصر رہے۔

اورکتا جب بھونکتا ہے تو (یہ نصیحت بھی) کرتا ہے کہ:

"گناہ سب سے بڑی رسوائی ہے۔

اورخرگوش خداوندِ عالم سے) دُعا کرتے ہوئے کہتا ہے کہ:

"اے اللہ! تمام تعریفیں تیرے لئے ہیں، مجھے ہلاکت میں نہ ڈالنا۔"

اورلومڑی آواز نکالتی ہے تو یہ (نصیحت بھی) کرتی ہے کہ:

"دنیا دھوکے کی جگہ ہے۔

اورہرنی (اپنے پروردگار سے) فریاد کرتی ہے کہ:

"مجھے تکلیف سے بچانا۔

اورگینڈا (خداوندِ عالم سے) دعا کرتا ہے کہ:

"اے میرے آقا، میری مدد کرنا، ورنہ میں تباہ ہوجاؤں گا۔"

اوربارہ سنگھا جب چنگھاڑتا ہے تو یہ اعلان بھی کرتا ہے کہ:

"میرے لئے اللہ کافی ہے جو بہت اچھا نگہبان ہے" (اور وہی کافی ہے)۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور قمری جب پکارتی ہے تو کہتی ہے:
(خداوندا) اگر تو نے میرے گناہ معاف نہ کئے تو میں بدبخت ہو جاؤں گی۔
اور جب شُتر مرغ چیختا ہے تو کہتا ہے:
"خُدا کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔"
اور جب "خطّاف[1]" آواز بلند کرتی ہے تو سورۃ الحمد کی تلاوت کرتی ہے اور (خداوندِ عالم سے) یہ درخواست کرتی ہے کہ:
"اے توبہ کرنے والوں کی توبہ قبول کرنے والے! اے خدا! ساری تعریفیں تیرے لئے ہیں۔"
اور زرافہ جب آواز نکالتا ہے تو کہتا ہے کہ:
"خدا کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہے۔"
اور بکری کا بچہ (ممناتے ہوئے) کہتا ہے کہ:
"نصیحت کے لئے، موت کافی ہے"
اور شیر جب چنگھاڑتا ہے تو لوگوں کو یہ نصیحت بھی) کرتا ہے کہ:
"خُدا کا حکم سب سے اہم اور مقدّم ہے۔"
اور جب بیل ڈکارتا ہے تو یہ اعلان (بھی) کرتا ہے کہ:
"اے اولادِ آدمؑ! آہستہ آہستہ! ۔ تم اُس کے پیشِ نظر ہو جو خود تو دکھائی نہیں دیتا (لیکن سب کچھ) دیکھ رہا ہے ۔ اور وہ خدا ہے۔
اور جب ہاتھی آواز بلند کرتا ہے تو کہتا ہے کہ:
"موت سے نہ کوئی طاقت بچا سکتی ہے، نہ کوئی حیلہ و تدبیر۔
اور تیندوا جب چنگھاڑتا ہے تو (خداوندِ عالم کو مخاطب کر کے کہتا ہے:

[1] ایک شکاری پرندہ جس کے پاؤں بہت چھوٹے اور رنگ سیاہ ہوتا ہے، چیزیں اُچک لے جاتا ہے

اور چیتا جب آواز بلند کرتا ہے تو اعلان کرتا ہے کہ:
"پاک ہے وہ جو صاحبِ عزت و قدرت ہے (اور وہی) بے نیاز ہے۔"
اور سانپ (خداوندِ عالم کی حمد و ثناء کرتے ہوئے کہتا ہے کہ:
"اے خداوندا ـــــ کتنا بدقسمت ہے وہ، جو تیری نافرمانی کرتا ہے۔"
اور بچھو اپنی زبان سے یہ اعلان کرتا ہے کہ:
"بُرائی ایک ناپسندیدہ چیز ہے۔"
اس کے بعد امام علیہ السلام نے فرمایا کہ:
خداوندِ عالم نے جو چیزیں بھی پیدا کی ہیں وہ اپنے اپنے انداز سے خداوندِ عالم کی حمد و ثنا کیلئے اس کی تسبیح کرتی ہیں ـــــ پھر آپؑ نے قرآن مجید کی اس آیت کی تلاوت فرمائی کہ:
وان من شیء الا یسبح بحمدہ، ولکن لا تفقھون تسبیحھم
(کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو خدا کی حمد کے لئے تسبیح نہ کرتی ہو، لیکن تم لوگ اُن کی تسبیح کو نہیں سمجھتے)

حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے:
موسوعۃ کلمات الامام الحسینؑ جلد ۱ ص ۳۲۸ تا ۳۳۲ و
بحار الانوار جلد ۶۴ کتاب الخرائج والجرائح
جلد ۱ ص ۲۳۲، مناقب ابن شہر آشوب وغیرہ

Contact: jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سنہ ۴ ہجری سے سنہ ۱۱ ہجری تک

○ ۔سنہ ۴ ہجری کی تیسری شعبان المعظّم کو مدینہ منوّرہ میں سرکارِ سیّد الشہداء حضرت امام حسینؑ کی ولادت باسعادت ہوئی۔

○ ۔سنہ ۵ ہجری میں جنگِ احزاب، جس کا دوسرا نام جنگِ خندق بھی ہے، جس میں کفّار و مشرکین کے تمام گروہ مل کر دینِ خدا پر حملہ آور ہوئے، اور حضورِ اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے امیرالمومنین حضرت علی بن ابی طالب علیہ السّلام کو کفّار و مشرکین کی سرکوبی کے لئے روانہ کرتے وقت فرمایا کہ:

بَرَزَ الْاِیْمَانُ کُلُّہٗ اِلَی الْکُفْرِ کُلِّہٖ

(پورا ایمان، پورے کفر کے مقابلے پر نکلا ہے)

○ ۔سنہ ۶ ہجری میں صُلحِ حدیبیہ ہوئی، جب حضورِ اکرمؐ نے دین کی حفاظت کے لئے کفّار و مشرکینِ مکّہ سے صُلح کرلی اور گویا حکمِ شریعت سے ایک ایسے عمل کی بنیاد رکھ دی گئی کہ اگر سنہ ۴۱ ہجری میں حضرت امام حسنِ مجتبیٰ علیہ السّلام، دین کی حفاظت کے لئے اُن ہی کفّار و مشرکین کے نسلی و فکری جانشینوں سے صُلح کریں تو کسی کے لئے اعتراض کی گنجائش نہ رہے۔

○ ۔سنہ ۷ ہجری میں، خیبر کا عظیم الشان معرکہ پیش آیا، جس میں یہودیوں کو ایسی شکست فاش نصیب ہوئی کہ وہ پھر

حضورِ اکرمؐ کے مقابلے پر سر اٹھانے کی ہمت نہ کرسکے — اور جس کو — پیشِ نظر رکھتے ہوئے شاعرِ مشرق علّامہ اقبالؔ نے کہا ہے کہ:

بڑھ کے خیبر سے ہے یہ معرکۂ دین و وطن
آج دنیا میں کوئی حیدرِ کرّار بھی ہے

○ ۔سنہ ۸ ہجری میں "فتحِ مکّہ" کے عظیم الشان معرکے نے اسلام کی شوکت کو چار دانگ عالم میں نمایاں کردیا۔

خدا کا آخری نبیؐ صرف ۸ سال قبل، جس شہر کو رات کی تاریکی میں چھوڑنے پر مجبور کردیا گیا، اور مدینہ پہونچنے کے بعد، اہلِ مکّہ کی طرف سے جس پر پے در پے حملے کئے جاتے رہے تاکہ اُس کا، اور اُس کے ماننے والوں کا وجود ختم کردیا جائے جس کے بعد روئے زمین پر کوئی اسلام کا نام لینے والا باقی نہ رہے — وہی پیغمبرِ خدا صرف ۸ سال بعد، اسی شہرِ مکّہ میں ایسی شان و شوکت کے ساتھ، ایک لشکرِ جرّار کے ہمراہ فاتحانہ شان سے داخل ہوئے کہ خون کے پیاسے دشمنوں کو بھی آپؐ کے آگے سر جھکانا پڑا — اور جن لوگوں نے بکثرت جنگوں میں آپؐ کے خلاف محاذ آرائی کی تھی، اُن سب کو معاف کرتے ہوئے آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ:

اَنْتُمُ الطُّلَقَاءُ — (تم لوگوں کو چھوڑ دیا گیا ہے)

○ ۔سنہ ۹ ہجری میں "مباہلہ" کا معرکہ پیش آیا، جو پوری اسلامی تاریخ کا وہ منفرد معرکہ ہے جس میں حق کی سربلندی کے لئے جتنے حضرات بھی تشریف لے گئے وہ سب کے سب معصوم تھے،

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیونکہ مورخین نے بالاتفاق تحریر فرمایا ہے کہ :

جب حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نصارائے نجران سے مباہلہ کے لئے گھر سے نکلے، تو امام حسینؑ کو آغوش میں لیا، امام حسنؑ کی انگلی اپنے ہاتھ میں تھامی، اپنے پیچھے شہزادیٔ کونین حضرت فاطمہ زہراؑ کو اور اُنکے پیچھے امیرالمومنین حضرت علی ابنِ ابیطالبؑ کو رکھا۔

اور یہ واضح رہے کہ جب بچے کو حضورِ اکرم اپنی آغوش میں لئے ہوئے آگے آگے چل رہے تھے، دنیا والوں نے جب حضورِ اکرم کو دیکھا ہوگا تو حضور کے ساتھ جس پر سب سے پہلے نگاہ پڑی ہوگی، وہ امام حسینؑ کی ذات تھی۔

۱۰ھ ہجری میں حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حجۃ الوداع کیلئے تشریف لے گئے، تو ایک لاکھ سے زیادہ اصحاب آپؐ کے ساتھ تھے ـــــ اور حضورِ اکرم فریضۂ حج کی ادائیگی کے بعد جب مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی طرف واپسی کے لئے روانہ ہوئے، تو راستہ میں "غدیرِ خم" نامی جگہ پر جبرئیل امین یہ حکم پروردگار لے کر نازل ہوئے۔

یَا اَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ

(اے پیغمبرؐ آپ پر جو حکم آپؐ کے پروردگار کی طرف سے نازل کیا جاچکا ہے اُسے پہونچا دیجئے ـــــ اور اگر آپؐ نے ایسا نہ کیا، تو گویا، اُس کی رسالت ہی نہیں پہونچائی ـــــ اور خداوندِ عالم آپؐ کو لوگوں کے شر سے محفوظ رکھے گا)

(ملاحظہ فرمائیے سورۂ مبارکہ المائدہ)

چنانچہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی سواری کو اُسی جگہ ٹھہرایا ـــــ جو لوگ آگے بڑھ چکے تھے، انھیں واپس بلایا گیا، اور جو پیچھے رہ گئے تھے، اُن کا انتظار کیا گیا، پھر اونٹوں پر سے پالان اُتار کر، ایک بلند منبر بنایا گیا ـــــ حضورِ اکرم نے منبر پر تشریف لے جانے کے بعد، اپنی تیئیس ۲۳ سالہ خدمات کا خلاصہ پیش کیا۔ پھر لوگوں سے سوال کیا کہ :

اَلَسْتُ اَوْلٰى بِكُمْ مِنْ اَنْفُسِكُمْ

(کیا میں تمہارے نفسوں پر تم سے اولیٰ نہیں ہوں)

یہ سن کر سب لوگوں نے کہا کہ : بیشک (آپ ہم سب سے اولیٰ ہیں)

جس کے بعد آپؐ نے حضرت علیؑ کو اپنے ہاتھوں سے بلند کر کے فرمایا کہ :

مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَهٰذَا عَلِيٌّ مَوْلَاهُ

(تو جس کا میں مولیٰ ہوں، اُس کے یہ علیؑ مولا ہیں)

اور جبرئیل امین نے یہ پیغامِ الٰہی سنایا کہ :

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا

(آج میں نے تمہارے لئے دین کو کامل کیا، تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لئے دینِ اسلام سے راضی ہوا)

اور حضورِ اکرم کے منبر سے تشریف لانے کے بعد، لوگوں نے حضرت علی ابنِ ابی طالب علیہ السلام کو یہ کہتے ہوئے مبارک باد پیش کی کہ :

Contact: jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

بَخٍ بَخٍ لَكَ یَا ابْنَ اَبِیْ طَالِبٍ، لَقَدْ اَصْبَحْتَ مَوْلَایَ وَ مَوْلٰی کُلِّ مُؤمِنٍ وَ مُؤمِنَةٍ۔

(مبارک ہو ــــ مبارک ہو، ــــ اے ابو طالبؑ کے فرزند کہ آپ میرے، اور ہر مومن اور ہر مومنہ کے مولا ہو گئے)

○ ۱۱ھ ہجری کی ۲۸ صفر کو سرکارِ خاتم الانبیاء احمدِ مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس دارِ فانی سے عالمِ جاودانی کی طرف رحلت فرمائی، جس کے بعد زمین پر، وحی کے نزول کا سلسلہ قیامت تک کے لئے ختم ہو گیا۔

اور حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سانحۂ ارتحال کے ساتھ ہی، حضراتِ اہلبیتِ طاہرینؑ پر ان مصائب و آلام کا آغاز ہو گیا جن کی انتہا کربلا میں نظر آئی، اور بقول شاعر ؎

"حسینؑ کشتہ شد اندر سقیفہ"

۱۱ھ سے ۱۳ھ تک بنی تیم، ۱۳ھ سے ۲۳ھ تک بنی عدی، اور ۲۳ھ سے ۳۵ھ ہجری تک بنی امیہ اسلامی سلطنت میں سیاہ و سفید کے مالک بنے رہے، اور جس خاندان کو خالقِ کائنات نے اپنی کتابِ مقدس میں "شجرِ ملعونہ" کے نام سے یاد کیا ہے، اُس کے اوباش جوانوں نے مسلمانوں کی زندگی کا رُخ تبدیل کرنے کے لئے ایسے ہتھکنڈے استعمال کئے، کہ مولانا مودودی صاحب کے بقول:

"پورا عالمِ اسلام سراپا فریادِ بن کر رہ گیا تھا"

(تفصیل کیلئے ملاحظہ فرمائیے: خلافت و ملوکیت)

٭

یہ فریاد احتجاج تک پہونچی، دور دراز کے شہروں سے آنے والوں نے مدینہ منورہ کا محاصرہ کرکے خلیفۂ وقت کو گھر کی چہار دیواری میں محدود کر دیا اور انہوں نے اہلبیت طاہرین علیہم السلام سے مدد کی درخواست کی، تو یہ حضرت امام حسن اور امام حسین علیہما السلام جیسی کریم النفس ہستیاں تھیں جو انکے گھر کھانے پینے کا سامان پہونچاتے رہے اور دنیا بھر کے انسانوں پر یہ واضح کرتے رہے کہ:

ہم اپنے دشمنوں پر بھی بندشِ آب گوارا نہیں کرسکتے۔

لیکن افسوس ــــ صد افسوس!

اُن ہی (خلیفۂ وقت) کے رشتہ داروں نے کربلا کے میدان میں حضرت امام حسینؑ، ان کی اولاد، بھائیوں، بھتیجوں، بھانجوں، ساتھیوں اور آپکے چاہنے والوں کو تین دن بھر کا پیاسہ رکھ کر شہید کیا۔

٭

۳۵ھ ہجری کی ۱۸ ذی الحجہ کو امیر المومنین حضرت علی ابن ابیطالب علیہ السلام نے لوگوں کے بے پناہ اصرار کی بنا پر، زمامِ اقتدار سنبھالی۔

گویا آج سے ۲۵ برس قبل ۱۰ھ ہجری میں حجۃ الوداع سے واپسی کے موقع پر جس دن اللہ کے آخری رسول حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غدیر خم کے میدان میں، مولاؑ کی جانشینی اور ولایت کا اعلان کیا تھا، ۳۵ھ میں اسی تاریخ کو پورے عالمِ اسلام کے کلمہ گو افراد، امیر المومنین حضرت علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام سے یہ درخواست کر رہے تھے کہ:

"خدا کے لئے ہمیں ڈوبنے سے بچائیے، اسلام کی کشتی منجدھار سے نکالئے، اور ہمیں ہدایت کے راستے پر چلائیے۔"

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

چنانچہ اُمتِ مسلمہ کے بلند مرتبہ مورخین نے اس صورتِ حال کو بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

"... تمام مسلمان، حضرت علیؑ بن ابی طالب علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے، جن کی سلامت روی، اُصول پرستی اور سیاسی بصیرت کا، اس طویل مدت میں، انھیں بڑی حد تک تجربہ ہوچکا تھا ـــــ

جس کے بعد (تمام مسلمان) متفقہ طور پر، آپ کے دستِ حق پرست پر، بیعت کرنے کے لئے اس طرح ٹوٹ پڑے، جس طرح بھوکے بھٹکے مسافر، دُور سے منزل کی جھلک دیکھ کر، اس کی سمت لپک پڑتے ہیں۔

جیساکہ مورخ طبری نے لکھا ہے کہ:

فغشی الناس علیًا، فقالوا نبایعك، فقد تری ما نزل بالاسلام، وما ابتلینا به، من ذوی القربٰی۔

(لوگ (امیرالمومنین، حضرت) علیؑ بن ابی طالبؑ پر، ہجوم کرکے ٹوٹ پڑے، اور کہنے لگے کہ:

ہم آپ کی بیعت کرنا چاہتے ہیں، اور آپ دیکھ رہے ہیں کہ اسلام پر کیا کیا مصیبتیں ٹوٹ رہی ہیں اور ہم لوگ ..... کیسی آزمائش میں ڈالے گئے)

(ملاحظہ فرمایئے: تاریخ طبری جلد ۵، ص۱۵۶

بحوالہ: کتاب "مولودِ کعبہ" ص۲۰۲، ص۲۰۳)

جس کے بعد، آپؑ نے منصبِ خلافت کو قبول کرنے پر آمادگی ظاہر کی، اور مدینہ اور اطراف و اکنافِ عالم سے آئے ہوئے لوگوں نے آپؑ کے دستِ مبارک پر بیعت کرکے آپ کی اطاعت و فرماں برداری کا عہد و پیمان کیا۔

http://fb.com/ranajabirabbas

ولی

سنہ ۳۶ ہجری میں جنگِ جمل برپا ہوئی جس میں سرکارِ سیّد الشہداءؑ نے اپنے پدرِ بزرگوار امیرالمومنینؑ کے ساتھ، حق کی سربلندی کے لئے میدانِ کارزار میں قدم رکھا، اور دادِ شجاعت دیتے ہوئے کشتوں کے پُشتے لگا دیئے، اور بیس ہزار سے زیادہ کی تعداد پر مشتمل وہ دشمنانِ دین جنھوں نے گذشتہ ۷، ۸ مہینے سے مسلمانوں پر عرصۂ حیات تنگ کر رکھا تھا، چند گھنٹے بھی ذوالفقارِ حیدریؑ کی کاٹ برداشت نہ کرسکے، اور دوپہر کے وقت شروع ہونے والی جنگ شام تک اختتام کو پہونچ چکی تھی۔

○ سنہ ۳۷ اور سنہ ۳۸ ہجری میں شام کے قزاقوں کی طرف سے بلادِ اسلامی پر ایسی غارت گری شروع ہوئی جس کی سرکوبی کیلئے امیرالمومنین حضرت علیؑ بن ابی طالب علیہ السلام کو ایک بار پھر تلوار اٹھانی پڑی۔

اس جنگ میں باپ کے دوش بدوش ایک طرف امام حسنؑ و امام حسینؑ جیسے جوان تھے تو دوسری طرف ۱۱ سال کے نونہال، قمرِ بنی ہاشم جناب عباسؑ علمدار، جوانمردی و شجاعت کے جوہر دکھا رہے تھے، جس کی منظر کشی کرتے ہوئے سالک لکھنوی مرحوم نے لکھا ہے کہ:

صفین پہلی منزل، پھر کربلا بنے گی!
عباس جنگ کر لو حیدرؑ کی زندگی میں

○ سنہ ۳۹ ہجری میں خوارج نے بغداد سے ۱۲ میل کے فاصلے پر، نہر کے کنارے نشیبی حصے میں "نہروان" نامی جگہ پر پڑاؤ ڈال کر وہاں سے اپنی مجرمانہ کارروائیوں کا دائرہ وسیع کرنا شروع کردیا۔ اور اطراف و جوانب میں ایسی غارت گری کی کہ اہلِ ایمان پناہ مانگنے لگے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب ان لوگوں کے جرائم حد سے بڑھ گئے تو امیر المومنینؑ کو اقدام کرنا پڑا —— اس جنگ میں بھی حضرت امام حسنؑ و امام حسینؑ اور دیگر فرزندانِ علیؑ باپ کے ساتھ ساتھ رہے، اور ایک دوپہر میں دشمنوں کا ایسا صفایا کیا کہ خوارج کو اپنی طاقت کا جو غرور تھا وہ خاک میں مل گیا مقابلے پر آنے والے تمام خوارج مارے گئے، سوا ان ۸، ۹، افراد کے، جنھوں نے بھاگ کر کسی طرح جان بچائی۔ جیسا کہ امیر المومنین حضرت علیؑ بن ابی طالبؑ نے جنگ شروع ہونے سے پہلے، خوارج کے بارے میں، اپنے لشکر کے لوگوں سے فرمایا تھا کہ:

واللّٰہ لا یفلت منھم عشرۃ ولا یھلک منکم عشرۃ۔

(خدا کی قسم اُن میں سے دس آدمی بھی بچ کر نہیں جا سکتے، اور تم میں سے دس آدمی بھی ہلاک نہیں ہوں گے)

اور یہ تاریخی حقیقت ہے کہ مولاؑ کے ساتھیوں میں سے صرف ۸ شہید ہوئے اور خوارج میں سے ۹ نے کسی طرح بھاگ کر جان بچائی۔

(نہج البلاغہ)

○ سنہ۴۰ ہجری میں ۱۹ ر ماہِ رمضان کو صبح کے وقت حضرت امیر المومنینؑ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں، مسجدِ کوفہ میں سربسجود تھے کہ آپؑ کے سرِ اقدس پر ابنِ ملجم نے تلوار کا ایسا وار کیا، کہ دو روز بعد ۲۱ ر رمضان کو آپ کی شہادت واقع ہوگئی۔

جس کے بعد امام حسنِ مجتبیٰ علیہ السلام منصبِ امامت و خلافت پر فائز ہوئے۔

○ سنہ۴۱ ہجری میں امیرِ شام نے حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کی خدمت میں صلح کا پیغام بھیجا جسے آپؑ نے دین کی حفاظت، اہلِ ایمان

کی سلامتی کے پیشِ نظر اور اُس دور کے مسلمانوں کی زبوں حالی کی وجہ سے قبول کر لیا —— اور امام حسینؑ کے ساتھ مدینہ منورہ واپس آگئے، اور اپنے پدرِ بزرگوار کی طرح گوشہ نشینی کی زندگی اختیار کر لی۔

○ سنہ۵۰ ہجری میں، زہر کے ذریعے سے امام حسن مجتبیٰؑ کو شہید کر دیا گیا، حضرت امام حسینؑ نے اپنے برادرِ بزرگ کو، اپنے نانا کے پہلو میں دفن کرنا چاہا، لیکن جب وقت کے حکمرانوں نے پیغمبرِ اکرمؐ کی ایک زوجہ کو ورغلا کر فتنہ و فساد برپا کیا تو مسلمانوں کو خونریزی سے بچانے کے لئے اور اپنے بڑے بھائی کی وصیت پر عمل کرتے ہوئے، آپؑ نے انھیں جنت البقیع میں دفن کیا۔

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کی شہادت کے بعد، اب دین اور اہلِ دین کی رہنمائی کی ذمہ داری مکمل طور سے حضرت امام حسین علیہ السلام کی طرف منتقل ہوگئی۔

دشمنوں کے شدید مظالم، اور بدترین عہد شکنی کے باوجود آپؑ نے اپنے برادرِ مکرم کی صلح کا احترام باقی رکھا، بھائی کے جنازے پر تیروں کی بارش بھی ہوئی تو بنی ہاشم کے بہادروں کو تلوار اٹھانے کی اجازت نہ دی —— اور اس کے بعد بھی، اہلِ ایمان پر، دشمنانِ دین کی طرف سے جو ظلم و ستم ڈھائے جاتے رہے، ان پر اپنے والدِ محترم اور برادرِ بزرگ کی طرح صبر فرمایا۔

○ سنہ۶۰ ہجری، رجب کے مہینے میں امیرِ شام اس دنیا سے رخصت ہوا، اور اس کا فاسق و فاجر بیٹا یزید لعین تختِ حکومت پر بیٹھا، اور اس نے حاکمِ مدینہ کو خط لکھا کہ:

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(نواسہ رسولؐ) حسینؑ ابنِ علیؑ سے بیعت لو، اگر انکار کریں تو سر قلم کر کے میرے پاس بھیج دو۔

چنانچہ مشہور مورخ علی بن عیسٰی بن ابی الفتح الاربلی نے اپنی کتاب میں تحریر فرمایا ہے کہ:

ان معاویہ لما استخلف ولدہ یزید ثم مات، کتب یزید کتابا الی ولید بن عتبہ بن ابی سفیان وھو یومئذ والی المدینۃ یحثہ فیہ علی اخذ البیعۃ من الحسینؑ۔

(جب امیرِ شام اپنے بیٹے یزید کو، اپنا جانشین بنانے کے بعد، دنیا سے رخصت ہو گیا تو یزید نے (اپنے چچازاد بھائی) ولید بن عتبہ بن ابوسفیان کو، جو اُن دنوں مدینہ کا گورنر تھا، خط لکھا، جس میں اس کو تاکید کی کہ وہ فرزندِ رسول الثقلین حضرت امام حسین (علیہ السلام) سے بیعت لے) ——————

(ملاحظہ فرمایئے کتاب علی بن عیسٰی)

اور ابن واضح یعقوبی نے یہ تصریح بھی کی ہے کہ یزید نے مطالبۂ بیعت کے لئے جو خط مدینہ کے گورنر کے نام لکھا اس میں انکارِ بیعت کی صورت میں آپؑ کا سر قلم کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔

چنانچہ وہ تحریر فرماتے ہیں کہ:

۔۔ کتب الی الولید بن عتبہ بن ابی سفیان وھو عامل المدینۃ: اذا اتاک کتابی ھذا فاحضر الحسینؑ بن علیؑ و عبد اللہ ابن الزبیر فخذھما بالبیعۃ، فان امتنعا فاضرب اعناقھما، وابعث الی برؤوسھما، وخذ الناس بالبیعۃ، فمن امتنع فانفذ فیہ الحکم، وفی الحسین۔

ابنِ علیؑ۔

(یزید نے تختِ حکومت پر بیٹھنے کے بعد) ولید بن عتبہ بن ابوسفیان کو جو مدینہ کا گورنر تھا، خط لکھا اور اُسے یہ حکم دیا کہ:

"جب میرا یہ خط تمہارے پاس پہنچے تو (فرزندِ رسولؐ) حسینؑ بن علیؑ، اور عبداللہ بن زبیر کو اپنے پاس بلاؤ، اور اُن سے میری بیعت لو، اگر وہ انکار کریں، تو انھیں قتل کر کے ان کے سر میرے پاس بھیج دو۔ اور لوگوں سے بھی میری بیعت لو، پھر جو شخص انکار کرے اُس کے بارے میں (میرا حکم نافذ کر دو اس کا فیصلہ کر دو) اور حسینؑ بن علیؑ کے بارے میں (میرا فیصلہ نافذ کر دو)

(حوالہ کیلئے ملاحظہ فرمایئے: تاریخ یعقوبی)

اور جب مدینہ کے گورنر نے اس حکم کی تعمیل میں بیعت کا مطالبہ کیا، تو سرکار سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام نے گورنر کے دربار میں اعلان کر دیا کہ:

"میں فرزندِ رسول ہوں، اور یزید شارب الخمر، جواری اور زناکار ہے، اور مجھ جیسا شخص، اس جیسے شخص کی بیعت نہیں کر سکتا۔"

(نقل بالمعنی)

جس کے بعد ہی مصائب و آلام کے ایک نئے دور کا آغاز ہو گیا۔

○ ۲۸ رجب ۶۰ھ ہجری کو حضرت امام حسین علیہ السلام نے رختِ سفر باندھا، نانا کے مزار اور ماںؑ کی قبرِ مبارک پر آخری سلام کیا، اور اپنے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(نواسہ رسولؐ) حسینؑ ابنِ علیؑ سے بیعت لو، اگر انکار کریں تو سر قلم کر کے میرے پاس بھیج دو۔

چنانچہ مشہور مورخ علی بن عیسیٰ بن ابی الفتح الاربلی نے اپنی کتاب میں تحریر فرمایا ہے کہ:

ان معاویہ لما استخلف ولدہ یزیدؔ ثم مات، کتب یزید کتابا الی ولید بن عتبہ بن ابی سفیان وھو یومئذ والی المدینۃ یحثہ فیہ علی اخذ البیعۃ من الحسینؑ۔

(جب امیرِ شامؔ اپنے بیٹے یزیدؔ کو، اپنا جانشین بنانے کے بعد، دنیا سے رخصت ہوگیا تو یزیدؔ نے (اپنے چچازاد بھائی) ولید بن عتبہ بن ابوسفیان کو، جو اُن دنوں مدینے کا گورنر تھا، خط لکھا، جس میں اس کو تاکید کی کہ وہ فرزندِ رسول الثقلین حضرت امام حسینؑ (علیہ السلام) سے بیعت لے) ———— (ملاحظہ فرمایئے کتاب علی بن عیسٰی)

اور ابن واضح یعقوبی نے یہ تصریح بھی کی ہے کہ یزیدؔ نے مطالبۂ بیعت کے لئے جو خط مدینہ کے گورنر کے نام لکھا، اس میں انکارِ بیعت کی صورت میں آپؑ کا سر قلم کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔

چنانچہ وہ تحریر فرماتے ہیں کہ:

... کتب الی الولید بن عتبہ بن ابی سفیان وھو عامل المدینۃ؛ اذا اتاك کتابی ھذا فاحضر الحسینؑ بن علیؑ، وعبد اللہ ابن الزبیر، فخذھما بالبیعۃ، فان امتنعا فاضرب اعناقھما، وابعث الی برؤوسھما، وخذ الناس بالبیعۃ، فمن امتنع فانفذ فیہ الحکم، وفی الحسینؑ...

ابنِ علیؑ۔

(یزیدؔ نے تختِ حکومت پر بیٹھنے کے بعد) ولید بن عتبہ بن ابوسفیان کو جو مدینہ کا گورنر تھا، خط لکھا اور اُسے یہ حکم دیا کہ:

"جب میرا یہ خط تمہارے پاس پہنچے تو (فرزندِ رسولؐ) حسینؑ بن علیؑ، اور عبداللہ بن زبیر کو اپنے پاس بلاؤ، اور اُن سے میری بیعت لو، اگر وہ انکار کریں، تو انھیں قتل کر کے ان کے سر میرے پاس بھیج دو۔ اور لوگوں سے بھی میری بیعت لو، پھر جو شخص انکار کرے، اُس کے بارے میں (میرا حکم نافذ کر دو اس کا فیصلہ کر دو) اور حسینؑ بن علیؑ کے بارے میں (میرا فیصلہ نافذ کر دو)

(حوالہ کیلئے ملاحظہ فرمایئے: تاریخ یعقوبی)

اور جب مدینہ کے گورنر نے اس حکم کی تعمیل میں بیعت کا مطالبہ کیا، تو سرکار سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام نے گورنر کے دربار میں اعلان کر دیا کہ:

"میں فرزندِ رسول ہوں، اور یزیدؔ شارب الخمر، جواری اور زناکار ہے، اور مجھ جیسا شخص، اس جیسے شخص کی بیعت نہیں کر سکتا۔"

(نقل بالمعنی)

جس کے بعد ہی مصائب و آلام کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگیا۔

○ ۲۸ رجب ۶۰ھ ہجری کو حضرت امام حسین علیہ السلام نے رختِ سفر باندھا، نانا کے مزار اور ماںؑ کی قبرِ مبارک پر آخری سلام کیا، اور اپنے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اہلِ خاندان کے ساتھ مدینہ منوّرہ سے روانہ ہو گئے۔

○ تیسری شعبان کو مکّہ مکرمہ پہونچے، اور حرمِ الٰہی کے جوار میں زندگی گذارنے لگے۔

لیکن جب حج بیت اللہ کے زمانہ میں، یزیدیؑ سپاہیوں نے یہ منصوبہ بنایا کہ اپنے لباس میں خنجر چھپا کر حرم کے اندر موجود رہیں، اور حضرت امام حسین علیہ السلام کو عین طواف یا سعی کے موقع پر جہاں بہت اژدہام ہوتا ہے اس طرح سے قتل کر دیں کہ لوگوں کو اصل قاتل کی شناخت نہ ہو سکے۔ ——— تو امام علیہ السلام نے مکّہ مکرمہ کا قیام ترک کر دیا، اور اپنی منزلِ شہادت کی طرف روانہ ہو گئے۔

○ ۲ محرم ۶۱ھ ہجری کو آپؑ اپنے فرزندان، برادران، بھتیجوں، بھانجوں، اور اعوان و انصار کے ساتھ کربلائے معلّٰی کی سرزمین پر وارد ہوئے۔

○ تیسری محرّم سے یزیدیؑ افواج کی آمد شروع ہوئی۔

○ چوتھی محرّم کو، یزیدی فوج کا جو دستہ آیا، اُس نے حضرت امام حسینؑ اور اُن کے ساتھیوں سے مطالبہ کیا کہ اپنے خیمے فرات سے دور نصب کریں۔

○ پانچویں محرّم سے فرات پر یزیدیؑ افواج کا مکمّل قبضہ ہو گیا۔

○ ساتویں محرّم سے حضرت امام حسینؑ اور ان کے اہل خاندان پر پانی بند کر دیا گیا، اور خیموں میں قحطِ آب کی کیفیت پیدا ہو گئی۔

○ نویں محرّم کو سرکارِ سیّد الشہدا ہر طرف سے نرغۂ اعدا میں گھر گئے جس کے بارے میں شیخ عبّاس قمّی نے تحریر فرمایا ہے کہ :

از حضرت (امام جعفر) صادق علیہ السلام روایت

کہ فرمود :

"تاسوعا روزی بود کہ جنابِ امام حسینؑ و اصحابش را در کربلا محاصرہ کردند سپاہِ شام بر قتال آں حضرت اجتماع کردند و ابنِ مرجانہ و عمرِ سعدؔ خوشحال شدند بسبب کثرتِ سپاہ، و بسیاری لشکر کہ برای آنہا جمع شدہ بود ——— و جناب امام حسینؑ و اصحابش را ضعیف شمردند و یقین کردند کہ یاوری از برای آں حضرت نخواہد آمد، و اہلِ عراق او را مدد نخواہند نمود"

پس فرمود :

"پدرم فدای آن ضعیف و غریب"

(منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: "نویں محرّم وہ دن تھا جب حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کا، کربلا کی سرزمین پر، ہر طرف سے محاصرہ کر لیا گیا، اور شام کی افواج نے امام عالی مقام علیہ السلام کو شہید کرنے کا تہیہ کر لیا۔

ابنِ مرجانہ کی اولاد، اور عمر سعدؔ وغیرہ اپنے سپاہیوں کی کثرت اور ان کی مدد کے لئے جو لشکر جمع ہوئے تھے، ان کی تعداد دیکھ دیکھ کر خوش ہو رہے تھے، حضرت امام حسین علیہ السلام اور آپؑ کے ساتھیوں کی قلّت دیکھ کر (دشمن خوشی کے شادیانے بجا رہے تھے)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور انھیں اطمینان تھا کہ اب کسی طرف سے بھی امام علیہ السلام کی مدد کیلئے کوئی پہونچ نہیں سکتا، اور اہلِ عراق (جو عہد شکنی پر کمربستہ ہیں) امام اور اُن کے ساتھیوں کی نصرت نہیں کرینگے۔"

پھر آپؑ نے فرمایا کہ:

"میرے ماں باپ قربان اُس غریب (و مظلوم امام) پر...!

(بحوالہ مفاتیح الجنان ص۵۲۳)

۷

○ دسویں محرم ۶۱ہجری کی صبح کو حضرت امام حسین علیہ السلام نے اپنے جواں سال فرزند، شبیہ پیغمبرؐ شہزادہ علی اکبرؑ کو اذانِ صبح کا حکم دیا، جس کے بعد امام عالی مقام نے اپنے تمام ساتھیوں کے ساتھ صبح کی نماز، باجماعت ادا کی۔

ابھی نماز تمام ہی ہوئی تھی کہ دشمنوں کی طرف سے ایسی ہولناک تیروں کی بارش ہوئی کہ امام علیہ السلام کے متعدد جاں نثار شہید ہو گئے، اور باقاعدہ جنگ کا آغاز ہو گیا۔

امام عالی مقام کے ساتھیوں نے بے مثال جرأت و استقامت کا مظاہرہ کیا "۷۲" کی مختصر جماعت نے تین دن کی بھوک و پیاس میں ٹڈی دل افواج کا مردانہ وار مقابلہ کیا، اور امام عالی مقام کی حفاظت میں انصارانِ حسینیؑ اس طرح سے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن گئے کہ جب تک اصحابِ حسینؑ میں سے ایک فرد بھی زندہ رہا امامؑ اور آپؑ کے اہل خاندان کو کوئی زخم نہ لگا۔

لیکن یہ مختصر سی جماعت، اُس پُر شور لشکر کا کب تک مقابلہ کرتی — چنانچہ آپؑ کے یہ جاں نثار ایک ایک کر کے درجۂ شہادت پر فائز ہوتے گئے۔

اور جب انصار و اعوان میں کوئی باقی نہ رہا تو آپ کے بیٹوں، بھتیجوں، بھانجوں اور بھائیوں نے آپ کی حفاظت میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔

سب سے آخر میں ۶ ماہ کا بچہ ——— شہزادہ علی اصغرؑ بھی درجۂ شہادت پر فائز ہو گیا۔

اور دشمنوں نے ہر طرف سے امام عالی مقام کا محاصرہ کر لیا، کوئی تلوار کے زخم لگاتا، کوئی نیزہ مارتا، کوئی تیر چلاتا، اور کوئی دور سے پتھر پھینک رہا تھا جس کے نتیجے میں امام علیہ السلام زخمی ہو کر زمین پر گر پڑے، اور شمر ملعون خنجر خونخوار لے کر آگے بڑھا۔

جنابِ زینبؑ (جیسی بہن) نے پسِ خیمہ سے جب یہ منظر دیکھا تو عمر سعد کو پکار کر فریاد کی:

یابن سعد انتظر ویقتل ابو عبد اللہ

(اے سعد کے بیٹے! تو دیکھ رہا ہے، اور فرزندِ رسولؐ شہید کیا جا رہا ہے؟)

لیکن شہزادی کی فریاد کا کوئی اثر نہ ہوا اور امام عالی مقام کو شہید کر کے ان کا سر نوکِ نیزہ پر بلند کر دیا گیا اور آسمان و زمین کے درمیان یہ آواز گونجی کہ

اَلاَ قُتِلَ الْحُسَیْنُ بِکَرْبَلَا   اَلاَ ذُبِحَ الْحُسَیْنُ بِکَرْبَلَا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قرآن اور حسینؑ

یوں تو قرآن مجید کے پاروں میں کون سا ایسا پارہ ہوگا جس میں جا بجا اہلبیت طاہرین علیہم السلام کا ذکر موجود نہ ہو۔

لیکن مندرجہ ذیل سوروں میں حضرات اہلبیتؑ کے فضائل، ان کی امامت اور ان کی اقتداء کرنے کا خاص طور سے تذکرہ ہے۔

سورۂ مبارکہ البقرہ : آیت نمبر ۳۷، ۴۳، ۵۸، ۱۴۳۔
سورۂ " آلِ عمران : آیت نمبر ۳۳، ۳۶، ۶۱، ۱۰۳، ۱۰۷، ۱۱۰۔
" " النساء : آیت نمبر ۲۹، ۵۴، ۵۹، ۶۹۔
" " انعام : آیت نمبر ۱۵۳، ۱۶۰۔
" " الاعراف : آیت نمبر ۱۸۱۔
" " انفال : آیت نمبر ۳۳۔
" " التوبہ : آیت نمبر ۳۳۔
" " یونسؑ : آیت نمبر ۶۱، ۶۲، ۶۳، ۶۴۔
" " ھودؑ : آیت نمبر ۸۶۔
" " رعد : آیت نمبر ۲۹۔
" " ابراھیمؑ : آیت نمبر ۲۴، ۲۵۔
" " الحجر : آیت نمبر ۴۷

http://fb.com/ranajabirabbas

سورۂ مبارکہ النحل : آیت ۴۳، ۸۳۔
" " بنی اسرائیل : آیت نمبر ۷۱۔
" " طٰہٰ : آیت نمبر ۸۵۔
" " انبیاء : آیت نمبر ۷۔
" " حج : آیت نمبر ۳۵
" " النور: آیت نمبر ۳۵۔ ۵۵۔
" " سجدہ : آیت نمبر ۲۴۔
" " احزاب : آیت نمبر ۳۳، ۵۶۔
" " فاطر : آیت نمبر ۲۹، ۳۲
" " صافات : آیت نمبر ۱۳۰۔
" " الشوریٰ : آیت نمبر ۲۳، ۲۴، ۲۵۔
" " الزخرف : آیت نمبر ۶۱۔
" " ھل اتیٰ

اور انکے علاوہ وہ سینکڑوں آیات، جو مولائے کائنات امیرالمومنین حضرت علی ابن ابیطالب علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئیں۔

و

البتہ سرکار سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام اور واقعہ کربلا کی طرف بعض آیات میں ایسی نشاندھی پائی جاتی ہے، جو صاحبان فکر و نظر سے مخفی نہیں رہ سکتی —— ہم نمونہ کے طور پر صرف چند آیتوں کا ذکر کرتے ہیں :

۱۔ سورۂ مبارکہ رحمٰن میں حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؑ کو موتی و مرجان سے تشبیہ دی گئی ہے، چنانچہ ارشاد قدرت ہے :

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

مرج البحرین یلتقیان۔ بینھما برزخ لا یبغیان۔ فبای
آلاء ربکما تکذبان۔ یخرج منھما اللؤلؤ والمرجان۔

(اس نے دو دریاؤں کو جاری کیا، جو باہم مل جاتے ہیں۔ اُن کے درمیان ایک حدِ فاصل ہے جس سے وہ تجاوز نہیں کرتے تو اے گروہِ جن و انس) تم دونوں اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ اُن دونوں دریاؤں سے موتی و مرجان نکلتے ہیں)

(سورۂ رحمٰن ۔ آیت نمبر ۱۹ تا ۲۲)

جس کے بارے میں علامہ مردویہ نے جناب ابنِ عباس، اور انس بن مالک سے روایت کی ہے کہ:

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ:

"علیؑ و فاطمہؑ (بھی اُن) دو دریاؤں (کے مانند) ہیں، حدِ فاصل اللہ کے رسولؐ ہیں اور موتی و مرجان: حسنؑ و حسینؑ ہیں۔"

حوالہ کیلئے ملاحظہ فرمایئے:

تفسیر درمنثور (علامہ جلال الدین سیوطی جلد …)

٭

۲۔ سورۂ مبارکہ "الدھر" ___ جس کا دوسرا نام سورہ "ہل اتیٰ" بھی ہے۔

یوں تو اس سورہ کی بیشتر آیات کے بارے میں مفسرین نے لکھا ہے کہ یہ اہلبیت طاہرین علیہم السلام سے تعلق رکھتی ہیں۔

البتہ آیت ۸ میں جس واقعہ کی نشاندہی کی گئی ہے اُس میں حضرت علیؑ و فاطمہؑ کے ساتھ حضرت حسنؑ اور حسینؑ کا خاص ذکر ہے۔

ارشادِ قدرت ہے:

ویطعمون الطعام علی حبّہ مسکینا ویتیما واسیرا۔

(وہ لوگ اُس (خدا) کی محبت میں مسکین، یتیم اور اسیر کو کھانا کھلاتے ہیں)

٭

اس آیت کی تفسیر میں جناب ابنِ عباسؓ سے منقول ہے کہ:

ایک دفعہ حضرت حسنؑ و حسینؑ علیہما السلام بیمار ہو گئے تو حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کچھ لوگوں کے ساتھ عیادت کو تشریف لائے اور جناب امیرؑ سے فرمایا کہ:

"بہتر ہوتا اگر تم اپنے لڑکوں کی صحت کے واسطے نذر مانتے۔"

یہ سنتے ہی جناب امیرؑ، جناب فاطمہؑ زہرا، اور فضہؓ نے تین تین دن روزہ رکھنے کی نذر مانی۔

٭

جب دونوں صاحبزادے صحت یاب ہوئے اور نذر کو پورا کرنے کا وقت آیا (اور ان حضرات نے روزے رکھے) تو افطار کیلئے گھر میں کچھ نہ تھا۔

جناب امیرؑ نے شمعون یہودی سے "تین صاع جو" قرض لیا۔ جناب سیدہ نے اُس میں سے ایک صاع جو پیسا اور پانچ روٹیاں تیار کیں۔

شام کو یہ لوگ کھانا، کھانا ہی چاہتے تھے کہ ایک سائل نے آواز دی:

السّلام علیکم! اے اہلبیت پیغمبرؐ، میں ایک مسلمان مسکین ہوں، مجھے کھانا دو، خدا تمہیں جنت کے خوان عطا کرے گا۔

یہ سن کر اُن سب لوگوں (حضرت علیؑ، جناب فاطمہؑ، امام حسنؑ، امام حسینؑ، اور فضہ) نے اپنی اپنی روٹیاں اُس مسکین کو دے دیں اور

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صرف پانی سے افطار کیا۔

دوسرے دن بھی سب نے روزہ رکھا، شام کو جناب سیدہؑ نے افطار کے لئے ۵ روٹیاں پکائیں، اور جب کھانے بیٹھے تو ایک یتیم نے اسی طرح آواز دی، (جس طرح اس سے ایک روز قبل، ایک مسکین نے فریاد کی تھی) چنانچہ آج بھی سب نے اپنی اپنی روٹیاں، اس یتیم کو دے دیں۔

تیسرے دن ـــــ بھی سب نے روزہ رکھا۔ اور جب افطار کا وقت آیا تو آج ایک قیدی نے صدا بلند کی، جسے سُن کر سب نے اپنی اپنی روٹیاں اُسے مرحمت فرمادیں۔

جب چوتھے دن، صبح کے وقت جناب امیرؑ، اپنے دونوں صاحبزادوں کے ساتھ حضرت رسولِ خداؐ کی خدمت میں پہونچے، اور حضورؐ کی نظر شہزادوں پر پڑی تو آپ نے دیکھا کہ دونوں کے جسم پر بھوک کی شدت سے کپکپی طاری ہے۔

حضورِ اکرمؐ نے یہ منظر دیکھ کر فرمایا کہ:

"میں تم لوگوں کو کس قدر تکلیف کی حالت میں دیکھ رہا ہوں۔

پھر آپؐ اٹھے اور اُن کے ساتھ جناب سیدہؑ کے مکان میں آئے تو حضرت فاطمہ زہراؑ کو محرابِ عبادت میں دیکھا، جسم پر انتہائی نقاہت کا عالم تھا۔ یہ دیکھ کر حضورِ اکرمؐ بہت رنجیدہ ہوئے۔ (اور بارگاہِ معبود میں دستِ دعا بلند فرمائے)

اُسی وقت جناب جبرئیلِ امین تشریف لائے (خوانِ نعمت کے ساتھ یہ سورہ بھی پیش کیا) اور کہا: "اے خدا کے رسولؐ، مبارک ہو۔ خدا نے یہ سورہ آپؐ کے اہلبیتؑ کی شان میں نازل کیا ہے۔

(یہ کہہ کر) سورہ مبارکہ دہر کی تلاوت فرمائی۔

حوالہ کیلئے ملاحظہ فرمایئے تفسیر کشاف جلد ۳، تفسیر بیضاوی وغیرہ

۳۔ سورہ مبارکہ کوثر، جس کے بارے میں مفسرین نے لکھا ہے کہ:

چونکہ کفار و مشرکینِ مکہ، حضرت رسولؐ کو یہ طعنہ دیا کرتے تھے کہ اللہ نے آپؐ کو بیٹا نہیں دیا ہے...

اس کے جواب میں خالقِ دو جہاں نے یہ آیت نازل فرمائی کہ:

انا اعطیناك الکوثر ـــــ (ہم نے تمہیں کوثر عطا کیا)

جس کا ترجمہ کرتے ہوئے بعض مترجمین نے لکھا ہے کہ:

"اے رسولؐ ہم نے آپ کو کثرتِ نسل عطا کی"

اور یہ حسنؑ و حسینؑ ہی ہیں جن کے ذریعہ سے نسلِ رسولؐ دنیا میں پھیلی۔

چنانچہ بکثرت علمائے اہلسنت نے بھی اپنی اپنی کتابوں میں حضورِ اکرمؐ کے اس فرمانِ مقدس کو نقل کیا ہے کہ:

"خدا نے ہر نبیؑ کی اولاد اُس کے صلب میں قرار دی، اور میری اولاد علیؑ کے صلب میں قرار دی۔"

حوالہ کیلئے ملاحظہ فرمایئے:

(شرح مسلم، مُلّا مبین۔ بحث آل)

۴:۔ سورہ مبارکہ حج میں ارشادِ قدرت ہے۔

یا ایھا الذین آمنوا ارکعوا واسجدوا واعبدوا ربکم، وافعلوا الخیر لعلکم تفلحون۔ وجاھدوا فی اللہ حق جہادہ، ھو اجتباکم...

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(اے ایمان والو! رکوع و سجود کرو، اور اپنے پروردگار کی عبادت کرو ـــــ اور نیک اعمال بجالاؤ تاکہ فلاح پاؤ۔
اور خدا کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ جہاد کا حق ہے، اسی نے تمہیں برگزیدہ کیا ہے ...)

(سورۃ الحج۔ پارہ ۱۷۔ آیت نمبر ۷۷،۷۸)

اور تاریخ شاہد ہے کہ جیسا جہاد حضرت امام حسینؑ نے کیا، اُس کی مثال نہ اس سے قبل نظر آتی ہے نہ اُس کے بعد۔

اور مذکورہ بالا آیت میں جن امور کا تذکرہ ہے، یعنی:

رکوع و سجود۔

عبادتِ پروردگار

اعمالِ خیر کی انجام دہی ـــــ اور

ان کے علاوہ، خدا کی راہ میں بھرپور جہاد ـــــ ان تمام باتوں کا جیسا شاندار عملی مظاہرہ کربلا میں نظر آتا ہے وہ سب سے منفرد، اور سب سے ممتاز ہے۔

حضرت امام حسینؑ اور ان کے ساتھیوں نے، شبِ عاشور، ساری رات رکوع و سجود، اور پروردگارِ عالم کی عبادت میں بسر کی، ایک دوسرے کو عملِ خیر اور حق و صبر کی تلقین کرتے رہے، اور جب صبحِ عاشور نمودار ہوئی تو ایسا عظیم الشان جہاد کیا، جس نے دینِ خدا کو قیامت تک کے لئے ایسا دوام و استحکام عطا کیا کہ بقولِ شاعرِ مشرق ؎

تاقیامت قطعِ استبداد کرد
خونِ او تازہ چمن ایجاد کرد

بعض مفسرین کرام نے، مذکورہ بالا آیت کی تفسیر میں، تحریر فرمایا ہے کہ:

آیت میں جس عظیم الشان جہاد کا ذکر ہے، جس کے بارے میں کہا گیا ہے کہ: ایسا جہاد کرو، جو حق ہے جہاد کرنے کا۔"

اُس کی سب سے شاندار تمثیل، کربلا کے میدان میں جہادِ حسینیؑ میں نظر آتی ہے۔

اور یہ بات تو تمام صاحبانِ فکر و دانش جانتے ہیں کہ قرآن کی آیات قیامت تک زندہ و پائندہ ہیں، اس لئے اس اعتراض کی کوئی گنجائش باقی نہیں کہ: یہ آیت ۱۱؁ ہجری سے قبل نازل ہوئی ہے، اور کربلا کا واقعہ ۶۱؁ھ میں پیش آیا ہے۔

۵

۵: سورۂ مبارکہ "الفجر" جس میں دس راتوں، اور ایک خاص ـــ صبح کی قسم کھائی گئی ہے۔

جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے:

والفجر. ولیال عشر

(اور صبح کی قسم، اور دس راتوں کی قسم)

غور کرنے کی بات ہے کہ:

وہ کون سی صبح ہے، اور وہ کون سی راتیں ہیں جن کی خداوندِ عالم نے قسم کھائی ہے؟

یقیناً وہ دنیا کی بے مثل و نظیر صبح ہوگی، اور راتیں بھی ایسی ہونگی، جن کی عزت و حرمت خداوندِ عالم کے نزدیک اس قدر ہے کہ اُس نے اُنکی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

قسم کھائی:

متعدد مفسرین کرام نے لکھا ہے کہ اس سے محرم کی دس راتیں اور صبح (عاشور) مراد ہے، چنانچہ علامہ فخر الدین رازی نے لکھا ہے کہ:

المُراد فجر المحرّم ـــــ (یعنی "والفجر" سے خدا کی مراد محرم کی صبح ہے)

ملاحظہ فرمائیے: تفسیر کبیر جلد ۲ آخر)

اور علامہ سیوطی نے تحریر فرمایا ہے کہ:

عن ابن عبّاس فی قوله: "والفجر" قال: هو المحرّم.

(یعنی جناب ابنِ عبّاسؓ سے منقول ہے کہ خداوند عالم نے جس صبح کی قسم کھائی ہے، وہ محرم کی صبح ہے)

(ملاحظہ فرمائیے: تفسیر در منثور جلد ۶)

و

اسی طرح دس راتوں کے بارے میں بھی مفسرین نے لکھا ہے کہ اس سے محرم کی دس راتیں مراد ہیں۔

چنانچہ علامہ فخر الدین رازی نے لکھا ہے کہ:

... انما عشرة المحرّم من اوله الی آخره، وهو تنبیه علی شرف تلك الایام، وفیها یوم عاشوراء.

(یعنی دس راتیں، محرم کے پہلے عشرہ کی ہیں، پہلی سے دسویں تک ـــ اور خداوند عالم نے ان دس کی قسم اس لئے کھائی ہے کہ لوگوں کو یاد رہے کہ: یہ دس ایام، اپنے شرفِ بزرگی میں، خاص درجہ رکھتے ہیں، کیونکہ ان ہی میں عاشورا بھی ہے ـــ (ملاحظہ فرمائیے: تفسیر کبیر جلد آخر)

اور منتخب کنز العمال میں ہے کہ: حضور اکرمؐ نے فرمایا ہے:

المحرّم شهر الله، تاب الله فیه علی قوم ویتوب فیه علی قوم.

(محرم خدا کا مہینہ ہے، پہلے بھی خداوند عالم، اس مہینے میں ایک قوم کی توبہ قبول کر چکا ہے، اور آئندہ بھی، ایک قوم کی توبہ، اس میں قبول کرے گا)

ملاحظہ فرمائیے: منتخب کنز العمال جلد ۵ ص ۳۸۱)

و

محرّم الحرام کی دس راتیں، حضرت امام حسین علیہ السلام آپ کے اہلِ خاندان، اور انصار و اعوان پر ایسے مصائب و آلام سے پُر گزری ہیں، جن کی مثال دنیا کی تاریخ میں کہیں اور نہیں ملتی۔

اور "فجر" بھی ویسی ہی تھی ـــــ کہ رات بھر حضرت امام حسین علیہ السلام کے ساتھی عبادتِ خدا کرتے رہے، اور صبح ہوتے ہی، دینِ اسلام کی حمایت میں جان دینے پر کمربستہ ہو گئے۔

نہ ویسی صبح کبھی ہوئی، اور نہ ویسی دس راتیں کبھی آئیں!!

و

۶: سورۂ صافات۔ جس میں "ذبحِ عظیم" کا تذکرہ ہے۔

ارشادِ قدرت ہے:

ونادیناه ان: یا ابراهیم، قد صدقت الرؤیا، انا کذلك نجزی المحسنین، ان هذا لهو البلاء المبین وفدیناه بذبحٍ عظیم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور ہم نے آواز دی کہ: اے ابراہیمؑ لقیناً تم نے (اپنے) خواب کو سچ کر دکھایا، بیشک ہم نیکوکاروں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں۔
درحقیقت یہ ایک کھلا ہوا امتحان تھا، اور ہم نے اس کا فدیہ ایک "ذبحِ عظیم" کو قرار دیا)

(ملاحظہ فرمائیے سورۃ الصافات آیت ۱۰۲ تا ۱۰۷)

(۲)

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس جگہ برادرانِ اسلامی کے ایک جلیل القدر مصنف جناب خان بہادر خلیفہ محمد حسن صاحب (آف پٹیالہ) کی ایک تحریر پیش کی جائے۔ جنھوں نے:

"قرآن مجید کی پیشین گوئیاں"

کے عنوان سے، اپنی کتاب میں "دوسری پیشین گوئی" واقعہ کربلا کو قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ:

"دوسری پیشین گوئی" ــــ اُس امام مظلوم کی شہادت کی خبر ہے جس کو خود اُس کے نانا حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمت کے بعض بدبخت لوگوں نے تین دن کا بھوکا پیاسہ مع دوستوں، عزیزوں، بھائیوں، بھتیجوں (اور بیٹوں) کے، صرف اس بنا پر شہید کر دیا کہ وہ حق بات کہتا تھا، اور ناحق کو تسلیم کرنے پر آمادہ نہ تھا۔ عین سجدے کی حالت میں اس کا سر کاٹا، اور اس کے بعد تمام شہیدوں کے سروں کو نیزوں پر بلند کیا، اور ان کی لاشوں کو گھوڑوں کی ٹاپوں سے پامال کیا (اُن کے اہلِ حرم کا) مال اسباب لوٹا، خیموں کو جلایا۔ اور (خاندانِ رسالتؐ کی مخدرات عصمت و طہارت کو

قید کر کے بے مقنع و چادر ــــ بے کجاوہ اونٹوں پر بٹھایا گیا، ساتھ میں ایک بیمار و ناتواں (حضرت سید سجادؑ) جن کے گلے میں طوق (ہاتھوں میں ہتھکڑیاں) پیروں میں بیڑیاں...
کربلا سے کوفہ، و دمشق لے گئے ــــ اور (امام حسینؑ) اور ان کے دوستوں اور عزیزوں کی لاشیں خاک و خون میں غلطاں کربلا کی گرم زمین پر، کئی دن تک بے گور و کفن پڑی رہیں۔
یہ ایک ایسا درد انگیز و حسرت خیز، عظیم واقعہ ہے جس کی نظیر تاریخ عالم میں (نہ اس کے قبل کہیں ملتی ہے نہ اُس کے بعد)...
قرآن مجید میں ارشادِ قدرت ہے کہ: جناب ابراہیمؑ نے اپنے فرزند ارجمند سے کہا:

یا بُنی انی اری فی المنام: انی اذبحك، فانظر ماذا تری،
قال: یاابت افعل ما تؤمر، ستجدنی ان شاء اللہ من الصابرین
فلما اسلما وتله للجبین، وناديناه ان يا ابراهيم قد صدقت
الرؤیا، ان کذلك نجزی المحسنین، ان هذا لهو البلاء المبین،
وفدیناہ بذبح عظیم، وترکنا علیه فی الاخرین

(اے میرے بیٹے! میں خواب میں یہ (منظر) دیکھ رہا ہوں کہ تمہیں (اپنے ہاتھوں سے) ذبح کر رہا ہوں، اب تم غور کرو تمہاری کیا رائے ہے؟ انہوں نے کہا: آپ کو جو حکم دیا جا رہا ہے اُسے انجام دیجئے، انشاء اللہ آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے۔
پھر جب وہ دونوں، ہمہ تن اطاعت پر تیار ہو گئے اور (باپ) نے (بیٹے) کو پیشانی کے بل لٹا دیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور ہم نے آواز دی کہ: اے ابراہیمؑ! — تم نے (اپنے) خواب کو سچ کر دکھایا۔

بیشک، ہم نیکوکاروں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں — اور درحقیقت یہ ایک کھلی ہوئی آزمائش تھی، اور ہم نے اُن کا فدیہ ایک ذبحِ عظیم کو قرار دیا۔

اور ہم نے بعد والوں میں، اُن کی یاد باقی رکھی)۔

(ملاحظہ فرمایئے سورۃ الصافات ۱۰۲ تا ۱۰۸)

ک

آیت میں جو "ذِبحِ عظیم" آیا ہے، مفسّرین نے اس کی نسبت طرح طرح کی توجیہیں کی ہیں:

کسی نے کہا: حضرت ابراہیمؑ نے (اپنے بیٹے) کے عوض مینڈھا جو ذبح کیا تھا، بڑا اور موٹا تازہ ہونے کی وجہ سے اُس کو عظیم کہا گیا ہے۔

کسی کا قول ہے کہ: اِس سبب سے عظیم کہا گیا کہ اُس نے خریف کی چالیس فصلیں، بہشت میں چری تھیں۔

کسی نے یہ وجہ بیان کی ہے کہ: وہ وہی مینڈھا تھا جس کو جناب ہابیل علیہ السلام نے پہلے پہل قربان کیا تھا، اور جناب جبرئیل اس کو بہشت سے لے آئے تھے۔

کسی نے لکھا ہے کہ: (حضرت) ابراہیمؑ کے بیٹے کا فدیہ ہونے کی وجہ سے اُس پر لفظ عظیم کا اطلاق ہوا۔

—— مگر ——

ظاہر ہے کہ:

یہ سب توجیہیں نہایت رکیک ہیں —— کیونکہ ایک جانور کو خواہ وہ بہشت ہی کی گھاس سے کیوں نہ پلا ہو، ایک انسانؑ اور انسان بھی کیسا، جو نبیؑ بھی ہو، اور نبیؑ زادہ بھی — عظیم قرار نہیں دیا جاسکتا، (اور) ناقص چیز، کامل کا عوض نہیں ہوسکتی، اور نہ قرآن مجید کی معجزانہ بلاغت کا یہ مقتضا ہے کہ ایک ناچیز جانور پر (ایک نبیؑ و پیغمبر کے مقابلے میں) عظیم کا اطلاق ہو۔

اس لئے ضروری ہے کہ ابراہیمؑ کے بیٹے کا فدیہ، کوئی ویسا ہی مقبولِ خدا اور عظیم المرتبت (بندہ) ہو!

لہٰذا —— حق یہ ہے کہ وہ بڑی قربانی جس کے بدلے خدا نے حضرت ابراہیمؑ کے بیٹے کو بچا لیا، وہ تھی، جو ۶۱ھ ہجری کے ماہِ محرم کی دسویں تاریخ کو جمعہ کے روز، دوپہر ڈھلنے کے بعد، کربلا کے قیامت خیز میدان میں پیش کی گئی، اور (اُس عظیم المرتبت شخصیت کو) اس طرح ذبح کیا گیا، جس طرح.. ابراہیمؑ کے بیٹے کی قربانی وقوع میں آنے والی تھی۔

یعنی سجدہ کی حالت میں، بالکل اسی طرح اُن کو ذبح کیا گیا جس ابراہیمؑ نے اپنے بیٹے کو ذبح کرنا چاہا تھا۔

البتّہ یہ فرق ضرور ہوا کہ:

حضرت ابراہیمؑ کا بیٹا کمسن تھا، اور باپؑ نے ہاتھ پاؤں میں رسّی باندھ کر اُسے پیشانی کے بل لٹا کر ذبح کرنا چاہا تھا، مگر حضرت علیؑ کے فرزند (امام حسینؑ) کی عمر ۵۷ سال کے قریب تھی، اور انہوں نے اپنی مرضی و اختیار سے، سجدے کے لئے اپنی پیشانی زمین پر رکھی تھی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت ابراہیمؑ کا بیٹا تین دن بھوکا پیاسا نہ تھا، مگر حضرت علیؑ کے بیٹے کو تین دن سے پانی کا ایک قطرہ بھی نصیب نہیں ہوا تھا۔

(میدانِ منیٰ سے واپسی پر) حضرت ابراہیمؑ... بیٹے کو زندہ وسلامت، اس کی غم زدہ اور اُداس ماں کے پاس لے گئے، مگر حضرت علیؑ کے بیٹے کے سر کو دشمن، اس کی روتی بیٹی، سر برہنہ بہنوں اور بیٹیوں کے ساتھ (درباروں اور بازاروں میں لئے پھرے اور) ایک بدبخت ترین شخص کو خوش کرنے کے لئے (جوانانِ جنت کے سردار کا سر) اس کے تخت کے سامنے لے گئے!

حضرت ابراہیمؑ کے بیٹے کی قربانی کا دن، اُس کی جان بچ جانے کی خوشی منانے کے لئے عید قرار پایا ــــ مگر حضرت علیؑ کے بیٹے کی قربانی کا دن (خاندانِ رسالت پر ٹوٹنے والے مظالم کی وجہ سے) رونے، پیٹنے اور سوگ منانے کا دن مقرر ہوا۔

ؤ

(مصنفؒ فرماتے ہیں کہ):

اس بیان کو پڑھ کر ناظرین غالباً یہ خیال کریں گے کہ یہ ایک بالکل نئی بات ہے جسے عام طور سے مفسرین نے بیان نہیں کیا ہے۔

لیکن ملاّ معین واعظ کاشفی نے اپنی کتاب "معارج النبوۃ" میں یہی لکھا ہے ــــ اور (یہ مضمون حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے گویا) قرآن، جن کے گھر میں اُترا ہے اور جن کو احد الثقلین کہا گیا ہے، انہوں نے اس آیۂ شریفہ کی تفسیر میں یہی فرمایا ہے، اور یہی حق ہے..

اولادِ ابراہیمؑ کی نسل شریف میں سے حضرت امام حسین علیہ السلام

شہادتِ عظمیٰ کے مرتبۂ عالیہ پر فائز ہوئے۔

جس کا ذکر غم واندوہ کے ساتھ) دنیا کے تقریباً تمام حصّوں میں ہوا ہے، اور ہوتا رہے گا جو اس وعدہ کی صداقت کی دلیل ہے، جو خداوندِ عالم نے آپ کے حق میں فرمایا ہے کہ:

وترکنا علیہ فی الاخرین (اور ہم نے بعد والوں میں انکی یاد باقی رکھی)

ؤ

اس میں کوئی شک نہیں کہ حضرت ابراہیمؑ کے اس انتہائی درجے کے مخلصانہ اور صابرانہ فعل کا، کہ خدا کی خوشنودی) کے لئے اپنے لختِ جگر کو (ذبح کرنے سے) دریغ نہیں کیا ــــ ہمیشہ تعریف کے ساتھ ذکر ہوتا رہا، اور ہوتا رہے گا۔

لیکن اس زور وشور سے نہیں.... جیسا کہ حضرت علیؑ کے عظیم المرتبت فرزند (حضرت امام حسینؑ) کی قربانی کا ذکرِ خیر ہوتا ہے، اور ہوتا رہے گا۔"

(ملاحظہ فرمایئے: کتاب "اعجاز التنزیل" صفحہ ۴۹)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ذِبح — یا — ذبیح

یہاں یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ آیت میں ذبح کو عظیم نہیں کہا گیا ہے بلکہ "ذبح" کو عظیم کہا گیا ہے، "ذِبح" ایک عمل ہے اور ذِبح" وہ شے یا وہ شخص جسے ذبح کیا جائے، اسی مناسبت سے ذبح شدہ جانور کو "ذبیحہ" کہا جاتا ہے۔

خداوندِ عالم نے حضرت اسمٰعیلؑ کا فدیہ ایک ایسی "ذِبح" کو قرار دیا، جو اُس کی نگاہ میں باعظمت ہے، اسی لئے فرمایا کہ: ہم نے انکا فدیہ "ذبحِ عظیم" کو قرار دیا۔

غور کرنے کی بات ہے کہ اُس فدیہ کے ذبح ہونے میں کون سی ایسی بات تھی جس کی بنا پر اُس کا ذبح ہونا حضرت اسمٰعیل کے مقابلے میں عظیم قرار پایا ——

اگر کوئی "ذبحِ عظیم" سے بہشت کا دنبہ مراد لے تو (کلام کی بلاغت پر حرف آتا ہے کیونکہ) .. جنابِ اسمٰعیلؑ حضرت ابراہیمؑ کے فرزند تھے، اور وہ دنبہ، بہر حال ایک جانور تھا۔

جانور کو ذبح کرنا کسی پر شاق نہیں ہوتا.. اس کے برخلاف .....

باپ کے لئے اپنے پیارے فرزند کو ذبح کرنا، ایک قیامت ہے۔

ایسی صورت میں تو حضرت اسمٰعیلؑ ہی کا ذبح ہونا ذبحِ عظیم ہونا چاہیئے، مگر خداوندِ عالم نے اس کے برعکس اُس فدیے کے ذبح کے ہونے کو

ذبحِ عظیم قرار دیا —— جس سے یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ:

وہ فدیہ بہشت کا دنبہ نہیں تھا بلکہ کوئی ایسا تھا جس کے ذبح کی شان حضرت اسمٰعیلؑ کے ذبح سے کہیں بڑھی ہوئی ہو اور جس کا اثر سب کے دلوں کو بے چین کر دینے والا ہو۔ گویا:

وہی "ذبحِ عظیم" ہو سکتا ہے جس کے ذبح کی داستان سُن کر سینکڑوں برس کے بعد کے لوگ بھی تڑپ جائیں۔

وہی "ذبحِ عظیم" قرار پاتا ہے جو ہزار برس کے بعد بھی لوگوں کو اپنی عظمت کی بنا پر رُلاتا ہے۔

وہی "ذبحِ عظیم" ہو سکتا ہے کہ اپنے تو اپنے، غیروں بلکہ دشمنوں کو بھی اس کے شہید کئے جانے پر رونا آجائے۔

اور اسی کو ذبحِ عظیم کہا جا سکتا ہے، جسے جس دن ذبح کیا گیا اس دن کی آمد کے ساتھ ہی دنیا بھر کے کروڑوں اہلِ ایمان کے دلوں پر رنج و غم کے بادل چھا جائیں، دلوں میں ہمدردی کا جذبہ جوش مارنے لگے اور جس کی یاد تمام دنیا میں انقلاب پیدا کر دے۔

اور جب حضرت امام حسینؑ کے جیسا "ذبح" دنیا کی تاریخ پیش نہیں کر سکتی، تو آپ کے سوا کوئی اور "ذبحِ عظیم" بھی نہیں ہو سکتا۔

جو لوگ بہشت کے ایک دُنبہ کو حضرت اسمٰعیلؑ کا فدیہ قرار دے کر اس جانور کے ذبح کو حضرت اسمٰعیلؑ کے ذبح کے مقابلے میں عظیم کہتے ہیں، ان کو نہ حضرت ابراہیمؑ کی معرفت ہے، نہ حضرت اسمٰعیلؑ کی اور نہ وہ نبوت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی عظمت و جلالت سے باخبر ہیں۔

اسی لئے تو جناب اسمٰعیل جیسے پیغمبرؑ کے ذبح کے مقابلے میں دُنبے کے ذبح کئے جانے کو ذبحِ عظیم کہتے ہیں! حالانکہ، معتبر روایات کے علاوہ، عقل و دانش کا بھی تقاضہ ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے واقعہ کو ہی "ذبحِ عظیم" قرار دیا جائے ـــــ کیونکہ حضرت امام حسینؑ کا ذبح کیا جانا، حضرت اسمٰعیلؑ کے ذبح کئے جانے کی بہ نسبت کئی وجہوں سے عظیم ہے:

۱۔ حضرت اسمٰعیلؑ اپنے ہی وطن میں ذبح کئے جا رہے تھے جبکہ حضرت امام حسین علیہ السلام اپنے شہر، بلکہ اپنے ملک سے بہت دور، عالمِ مسافرت میں ذبح کیے گئے۔

۲: حضرت اسمٰعیلؑ کو حکمِ خدا کے مطابق جناب ابراہیمؑ، ذبح کرنے کے لیے منیٰ کے میدان میں لے گئے) تھے، جو باپ تھے، جو کسی قسم کی سختی، جنابِ اسمٰعیلؑ کے ساتھ نہیں کر سکتے تھے، مگر حضرت امام حسینؑ کو آپ کے سخت ترین دشمنوں نے، نہایت بے رحمی سے ذبح کیا۔

۳: حضرت اسمٰعیل کے ذبح کی تیاری یہ کی گئی کہ آپ کو زمین پر لٹایا گیا جس کے بعد چھری پھیر دی جاتی، مگر حضرت امام حسینؑ اس طرح ذبح کئے گئے کہ آپ پر ہزاروں تلواروں، نیزوں، بلکہ پتھروں سے زخم پہلے لگائے گئے، پھر گردن کے پیچھے سے آپ کا سر جدا کیا گیا۔

۴: حضرت اسمٰعیلؑ جب ذبح کے لئے لے جائے گئے تو اُن پر

کھانا، پانی بند نہیں کیا گیا، لیکن حضرت امام حسین علیہ السلام کو تین دن بھوکا پیاسا رکھ کر ذبح کیا گیا)

۵: حضرت اسمٰعیلؑ کے ذبح کا جب ارادہ کیا گیا تو آپ کا دل و دماغ آپ کے دوستوں، ساتھیوں، بھتیجوں، بھانجوں، بھائیوں اور بیٹوں کے داغ سے زخمی نہیں ہوا تھا۔ مگر حضرت امام حسینؑ کو ذبح کرنے سے پہلے، یہ سب ستم بھی آپ پر ڈھائے گئے۔

و

اور آیت میں جب "ذِبح" کو عظیم کہا گیا ہے، جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے:

"وَفَدَيْنَاهُ بِذِبْحٍ عَظِيمٍ"

(ہم نے اُن کا فدیہ ایک ذِبحِ عظیم کو قرار دیا)

تو مقام "ذِبح" ـــــ میں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا "ذبح" ـــــ اپنی خصوصیات کے اعتبار سے اتنا عظیم نہ ہوتا، جیسا کہ سرکار سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ کا میدانِ کربلا میں، تین دن کی بھوک و پیاس میں ذبح کیا جانا، عظیم نظر آتا ہے۔

اب اگر، خاندانِ رسالت سے موصول ہونے والی احادیث میں سرکارِ سید الشہداء حضرت امام حسینؑ کی شہادت کو "ذبحِ عظیم" سے تعبیر کیا گیا ہے تو اس میں اعتراض کی کیا گنجائش ہے؟

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabirabbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ذکرِ حسینؑ یورپ کے محققین اور دیگر غیر مسلم مصنفین کی زبان پر

لہٰذا عالی مقام، خامسِ آلِ عبا، سرورِ شہیداں، حضرت امام حسینؑ دینِ خدا اور عالمِ انسانیت کے وہ عظیم الشان محسن ہیں، جن کا ذکر، ہر دور کے صاحبانِ فکر و دانش کی زبان پر جاری و ساری رہا ہے۔

ان میں اپنے بھی ہیں، غیر بھی، اہلبیتِ کرام سے وابستہ افراد بھی، اُن سے لاتعلق رہنے والے افراد بھی، پیغمبرِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کلمہ پڑھنے والے بھی، اور اُن کے لائے ہوئے دین و شریعت کا انکار کرنے والے بھی۔

یہاں تک کہ یورپ اور مغربی دنیا کے وہ صاحبانِ قلم جنھوں نے انسانی زندگی میں پیش آنے والے اہم واقعات پر قلم اٹھایا، انہوں نے بھی کربلا کے واقعات پر سیر حاصل گفتگو کی، اور سرکار سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام کی مظلومیت، اور آپؑ کے صبر و استقامت کو نہایت شاندار الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔

حوالہ کے طور پر، ہم ذیل میں چند غیر مسلم محققین کی نگارشات سے مختصر اقتباسات پیش کرتے ہیں:

مسٹر جیمس کارکرن نے لکھا ہے کہ:

دنیا میں رستم کا نام بہادری میں مشہور ہے۔ لیکن کئی اشخاص ایسے گذرے ہیں کہ اُن کے سامنے رستم کا نام لینے کے قابل نہیں ہے۔

چنانچہ اوّل درجہ میں حُسین بن علیؑ کا نام بہادری میں ہے، کیونکہ میدانِ کربلا میں ریت پر تشنگی اور گرسنگی میں جس شخص نے ایسا کارنامہ انجام دیا ہو، اُس کے سامنے رستم کا نام وہی شخص لے سکتا ہے جو تاریخ سے واقف نہیں ہے۔

کس کے قلم کو قدرت ہے کہ: امام حُسینؑ کا حال لکھے۔؟

کس کی زبان میں یہ بلاغت ہے کہ اُن بہتر بزرگوں کی ثابت قدمی اور شجاعت کے باب میں مدح، جیسا کہ چاہیئے، کر سکے!

کس کے خیال کی رسائی ہے کہ: اُن لوگوں کے دل کے حال کا تصور کر سکے کہ، اُن پر اُس وقت کیا گذری جب عمر سعدؑ (کے لشکر) نے.. اُن کو گھیر لیا، اس وقت تک کہ جب شمر ملعون نے (آپؑ کا سر کاٹ لیا)

مبالغہ کی حد یہی ہے کہ جب کسی کے حال میں یہ کہا جاتا ہے کہ (اُسے) دشمن نے چاروں طرف سے گھیر لیا (تھا)

لیکن (حضرت امام) حسینؑ اور (اُن کے) بہتر (ساتھیوں) کو آٹھ قسم کے دشمنوں نے (محاصرہ میں لے لیا تھا) اور اس پر بھی (آپؑ کا) قدم نہ ہٹا۔

(آپ کے) چار طرف تو... فوجِ یزید تھی۔ جن کے تیروں اور نیزوں کی بوچھاڑ، مثل آندھیوں کے آتی تھی۔

اور پانچواں دشمن: عرب کی دھوپ تھی، جس کی مثال کسی جگہ زیرِ فلک نہیں ملتی، اور یہی کہنا ہوتا ہے کہ: عرب کی دھوپ اپنی مثال آپ ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چھٹا دشمن : وہ ریت کا میدان تھا جو آفتاب کی تمازت میں شعلہ زن، اور تنور کی خاکستر سے زیادہ پُرسوز تھا...

اور دو دشمن، سب سے زیادہ اذیت ناک، بھوک و پیاس تھی (جس کا امامؑ اور اُن کے ساتھیوں کو، ساتویں محرم سے سامنا تھا)...

پس، جن لوگوں (یعنی شہدائے کربلا) نے ایسے معرکے میں ہزارہا دشمنوں کا مقابلہ کیا ہو، اُن پر بہادری (و شجاعت) کی انتہا ہے۔"

(حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے: تاریخ چین، مصنفہ مسٹر جیمس کارکرن)
جلد ۲، صفحہ ۱۱۱، مطبوعہ نول کشور پریس لکھنؤ ۱۹۲۴ء)

(۵)

اسی طرح مسٹر واشنگٹن ایرونگ نے بھی واقعہ کربلا اور اس کے اسباب و علل، اور شامی حکومت کی بداعمالیوں کے بارے میں تفصیلی گفتگو کرنے کے بعد لکھا ہے کہ یہ وہ موقع تھا جب حضرت امام حسینؑ نے یہ فیصلہ فرمایا کہ اپنی، اپنے اہلِ خاندان اور اعوان و انصار کی شہادت کے ذریعہ سے دینِ خدا کی سربلندی کا سامان کریں، چنانچہ وہ لکھتا ہے کہ:

"ان کا یہ مقدس خیال تھا کہ:

"جان دو، اور یزیدِ اموی کے ہاتھ سے بندگانِ خدا کا ایمان بچاؤ۔"

جب الہام، یا خود اپنی، حق پسند طبیعت نے یہ فیصلہ کر دیا، تو اب زمانہ کی کوئی طاقت، یا دنیا کی کوئی مصیبت، ان کو اس ارادہ سے باز رکھنے میں کامیاب نہیں ہوئی۔

آخر شدتِ گرما میں... عراق کا سفر اختیار کیا... جہاں ہزاروں (دشمنوں) کے مقابلے میں (آپؑ کے) فقط "۷۲" (ساتھی تھے) جن کی تعداد

پوری کرنے میں، چھ ماہ کا ایک بچہ بھی (شامل) تھا۔

یہی لوگ، درحقیقت، ایک سچے مذہب کے نمونے تھے، جنھوں نے قصد کر لیا تھا کہ جان دیں گے، مگر یہ ثابت کر کے رہیں گے کہ:

اگر اموی طریقہ سچا ہوتا تو (خاندانِ رسالتؐ کی برگزیدہ ہستیاں، یوں جان کی بازی نہ لگاتیں)

...محرم کی دسویں تاریخ، ۶۱ سنہ ہجری... اس بیمثال جنگ کا دن ہے، (جس کے قبل والی شب، امام علیہ السلام کے ساتھیوں نے) ساری رات عبادتِ خدا میں بسر کی..

اور نہایت سخت مصیبت، اور تکلیف پر بے مثل صبر و استقلال کے ساتھ قائم رہے۔

اولاد کا، سامنے قتل ہونا۔
چھوٹے بچوں کا، مارا جانا۔
زخموں کی تکلیف۔
عرب کی دھوپ ——— پھر اس دھوپ میں سختی کی پیاس!
(یہ ایسی تکلیفیں تھیں جنھیں کوئی عام انسان برداشت نہیں کر سکتا)

(حوالہ کیلئے: ملاحظہ فرمایئے، ایرونگ کی تاریخ)

(۶)

فرانسیسی مؤرخ، ڈاکٹر جوزف نے اپنی کتاب میں جس کا نام اس نے

"اسلام اور اسلامیان"

رکھا ہے، اسلامی فرقوں میں سے ہر ایک کا حال مدلل اور مشرح لکھا ہے اس میں نہایت تفصیل سے، واقعاتِ کربلا پر رائے زنی کی ہے کہ:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"یہ شہادت، اسلام صحیح کی ترقی کا ایک اعلیٰ ذریعہ ہے جو دم بہ دم اثر اثر دکھا رہا ہے۔

مجالسِ غم جو برپا ہوتی ہیں، ان میں خدائی تاثیر نمایاں ہے، واقعاتِ کربلا سننے سے، لوگوں کے طبائع کا میلان اس طرف ہوتا ہے اور اس واقعہ کی سچائی (انسان کی) قوتِ ذہنی کو مدد دینے کے لئے موجود ہوتی ہے۔

میری رائے میں: ایک زمانہ ایسا آنے والا ہے کہ: یہ واقعہ تمام دنیا کی طبیعت پر، اپنا قبضہ کر کے، سب کو رعایا بنا لے گا۔"

(ملاحظہ فرمایئے، کتاب "اسلام اور اسلامیان" از ڈاکٹر جوزف)

٭

اسی طرح جرمنی کے "ڈاکٹر" میسو رازمین "نے واقعۂ شہادت پر نہایت تفصیل کے ساتھ اپنا خیال ظاہر کیا ہے، اور اس نے جس غائر نظر سے، شہادتِ امام حسین علیہ السلام کو دیکھا ہے وہ خود اس کی کمالِ قوت تحقیق اور منتہائے قدرت تنقید کی نشاندہی کرتی ہے۔

اُس کے مضمون کا خلاصہ یہ ہے کہ:

"خاندانِ بنی امیہ، بنی ہاشم کا قطعی دشمن تھا۔ ان لوگوں کی عین تمنا یہ تھی کہ خاندانِ بنی ہاشم میں سے کوئی متنفس، صفحۂ عالم پر باقی نہ رہے۔

جب حضرت، محمدؐ نے مکہ پر غلبہ حاصل کر لیا تو سرکشانِ بنی امیہ پر بھی آن کا دبدبہ قائم ہو گیا، اور وہ دب کر مسلمان ہو گئے تھے، مگر آتشِ حسد اُن کے دلوں میں شعلہ زن رہتی تھی، وہ ہمیشہ اسی تاک میں لگے رہتے تھے کہ بنی ہاشم کا زور گھٹے۔

تا آنکہ (حضرت) محمدؐ وفات پا گئے...

رفتہ رفتہ ——— محمدؐ کا تیسرا خلیفہ: آلِ اُمیہ سے قرار پا گیا، (جس کے بعد) امورِ اسلامی میں، عام طور پر ان کا اقتدار بڑھتا گیا۔

یہ لوگ صرف ظاہری طور پر مسلمان تھے، ورنہ حقیقتِ اسلام، انکی طبائع میں جاگزیں نہیں ہوئی تھی۔

جب پوری طرح زور پکڑ گئے، اور اپنے جاہ و جلال کی بنیادوں کو مستحکم دیکھ لیا، تو اس دین کا مذاق اڑانے لگے، جس نے بنی ہاشم کے گھر سے رواج پایا تھا۔

اسی بنیاد پر یزید نے اس امرِ عظیم کے پورا کرنے کا مصمم ارادہ کر لیا جس کے ذکر سے، قلم، صفحۂ کاغذ پر، سر پٹکتا ہے۔

جو شخص اس زمانہ کے حالات، اور بنی اُمیہ کے طرزِ معاشرت کو جانتا وہ بے تامل اس بات کی تصدیق کرے گا کہ:

حسینؑ نے اپنی جان دے کر، نانا کے دین کو زندہ کر دیا...

حسینؑ نے وہ کارہائے نمایاں جس (کی انسانی تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملتی)...

حسینؑ اپنی جان پر کھیل کر بازی لے گئے، دین کو بچا لیا، اور بنی امیہ (کی سازش کو بھی ناکام کیا اور اُن) کی نسل کو دنیا سے مٹا دیا۔

حسینؑ کی شہادت نے، عام طبائع پر ایسا اثر ڈالا کہ قوم بنی امیہ نفرت بھری نگاہوں سے دیکھی جانے لگی...

جو لوگ غلط فہمی سے، واقعۂ کربلا کو، سلطنت کا جھگڑا کہتے ہیں، وہ بالکل غلط راستہ پر چل رہے ہیں ——— واقعۂ کربلا کا ملکی نزاع سے متعلق نہ ہونا،

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایسا صاف معاملہ ہے، کہ جس میں کسی عقلِ سلیم کو لغزش نہیں ہو سکتی۔

آپؑ جب مدینہ سے روانہ ہوئے، تو برابر کہتے جاتے تھے کہ میں۔ قتل کیا جاؤں گا، اگر کسی کو طمع (یا لالچ) ہو تو وہ میرے ساتھ نہ آئے۔

اگر وہ بقصدِ ملک گیری، آمادۂ سفرِ عراق ہوتے، تو ہرگز لوگوں کو اپنے قتل کی خبر دے کر پریشان نہ کرتے، بلکہ اپنے لشکر کی تعداد میں اضافہ کی کوشش کرتے، کیونکہ جب کوئی بادشاہ، ملک و دولت (و سلطنت) کی طمع میں جنگ کرتا ہے، تو اس کی توجہ (لشکر) سپاہ کی ترقی اور بھیڑ بھاڑ کی فراہمی میں ہوتی ہے۔

(جبکہ حضرت امام حسینؑ برابر اپنے ساتھیوں کو بتا رہے تھے کہ میں شہید ہونے جا رہا ہوں، جسے دُنیا کی طمع ہو وہ واپس چلا جائے، اور جو دین کی خاطر جان دینا چاہتا ہوں، وہ میرے ساتھ رہے)

حقیقت میں، اگر بغور نظر کی جائے، تو امام علیہ السلام نے تھوڑی سی فوج سے فتح حاصل کی، اپنے نانا کے لائے ہوئے دین کو ہمیشہ کے لئے مستحکم کر دیا۔

لوگوں نے آپؑ کو سفر کرنے سے منع کیا، لیکن آپؑ، سب کو یہی جواب دیتے رہے کہ:

"میں قتل ہونے جا رہا ہوں"

اس وقت کہا جاتا تھا کہ:

"پھر عورتوں کو نہ لے جائیے۔"

جواب ملتا تھا کہ: خُدا کی مشیت یہی ہے کہ میں قتل ہوں اور یہ لوگ اسیر ہوں۔

یہ واقعہ بتا رہا ہے کہ:

امام حسینؑ نے تمام مصائب، نہ تو سلطنت کے لئے گوارا کئے تھے نہ اپنے نفس کو مہلکہ میں ڈالا تھا بلکہ ایک بلند مقصد (پیشِ نظر تھا)۔ جو قبولِ شہادت کے بغیر ممکن نہ تھا۔

حسینؑ نے، نہایت مضبوط ارادہ سے صرف اپنی جان ہی نہیں دی، بلکہ جان سے زیادہ عزیز چیزوں کو نذرِ خدا کیا۔

اسی وجہ سے، اُن کے غم میں قدرت نے وہ اثر پیدا کیا کہ کوئی واقعہ، کوئی حادثہ، جو کہ بے دردی سے پیش آیا ہو، خلائق کی طبیعت میں ایسا مؤثر نہیں ہوا (جیسا کہ کربلا کے واقعے نے اثر ڈالا)

جس شہر جس محلہ میں دیکھو: "حسینؑ حسینؑ" کی آواز آ رہی ہے۔

اسلام کی ترقی، اس کی حقانیت و وقعت کا قوی سبب، یہی شہادت ہے!

(حوالہ کیلئے ملاحظہ فرمائیے: روزنامہ مقدس اخبار حبل المتین (کلکتہ)

اشاعت ۲۰ نومبر ۱۹۱۱ء / محرم ۱۳۲۹ھ)

۶

نامناسب نہ ہوگا، اگر اس جگہ ایک اور جرمن مصنّف کی تحریر سے، ایک مختصر اقتباس پیش کیا جائے جس میں لکھا ہے کہ:

"میں بس اس قدر کہنا چاہتا ہوں کہ:

اگر واقعۂ شہادت (حضرت امام حسینؑ) اسلام کی تاریخ میں نہ ہوتا تو غیر مسلم دنیا کو اسلام کی تاریخ، اور اس کی حقانیت سے دلچسپی بھی نہ ہوتی۔

(غور کیجئے): ایک شخص یک و تنہا، ریت کے چٹیل میدان میں کھڑا ہے، تھوڑے سے رفقاء اُس کے ساتھ ہیں، زمین و آسمان تک، اس وقت، کسی آنے والے طوفان کے لئے ساکت ہیں، اور تمام

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انسانی ہمدردی کی اعانت کا چشمہ بند ہے۔

ایک انسان ——— جو اس وقت بالکل تنہا ہے ——— (اگر وہ کوئی عام انسان ہوتو) ایسی حالت میں، بہت آسانی سے، ایک ذرا سی بات مان لینے سے اپنی جان بچا سکتا ہے۔

لیکن وہ دنیا کی ناپائیدار زندگی کو نہایت حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے وہ اس میدان میں، جان دینے کو، دائمی زندگی سے بہتر جانتا ہے۔

اس کے آگے خدا کا وہ کلام پیش نظر ہے، جس میں خدائے برتر نے فرمایا ہے کہ:

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا، بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ۔

(جو لوگ ہماری راہ میں قتل کئے جائیں، انھیں مُردہ خیال نہ کرنا، بلکہ وہ زندہ ہیں، اپنے پروردگار سے رزق پاتے ہیں)

اس ربانی کلام پر جان و دل سے یقین کے ساتھ، خدا کا وہ مظلوم بندہ سرِ نیاز خم کر دیتا ہے۔

وہ جانتا ہے کہ میرے مخالفین، زیادہ سے زیادہ جان طلب کریں گے اور وہ شخص تسلیم و رضا کی راہ میں اپنی جان نذر کرتا ہے، تاکہ کلام خدا کی حقانیت (نمایاں) ہو اور اس کی مخلوق کے درمیان سے سچائی اور روشنی مٹنے نہ پائے۔

۶

اور کارلائیل نے اپنی کتاب "ہیروز ورشپ" میں ایک مفصل مضمون لکھا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ:

بہادرانہ کارنامے، محض ایک قوم یا ایک ملک تک محدود نہیں رہتے بلکہ تمام انسانی برادری کی میراث بن جاتے ہیں، اُن کی وجہ سے آنے والی نسلوں میں سلسلۂ شجاعت و استقامت باقی رہتا ہے۔

اس لحاظ سے واقعۂ شہادت (مظلوم کربلا) پر جس درجہ غور و فکر کیا جائے گا اسی قدر اس کے اعلیٰ اور عمیق مطالب روشن ہوتے جائیں گے۔

دنیا میں (بکثرت جنگیں ہوئی ہیں) لیکن مظالم، بے رحمیاں اور ناانصافیاں جس حد تک شامی افواج کی طرف سے) واقعہ کربلا میں ہوئیں، ان کا عشرِ عشیر بھی کسی معرکہ میں نہ ہوا۔

یہ ہوتا رہا ہے کہ: آدمی زیادہ مارے گئے۔

یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ: خون زیادہ بہا۔

لیکن یہ نہیں دیکھا گیا کہ: دل اور روح کے پاک اور عزیز ترین جذبات رکھنے والوں کے ساتھ ایسی بے رحمی، جیسی کربلا میں ہوئی، واقع ہوئی ہو ———

ہٹ دھرمی، ناانصافی، جور و ستم، اور ہر طرح کی سختی جو اس میدان میں مظلومین کے ساتھ برتی گئی اس کی دوسری مثال کہیں نہیں ملتی۔

آج، قوموں اور ملکوں کے تشدد اور ظلم کا رونا رویا جاتا ہے۔

آج، توپ و تفنگ (بہادری دکھائی جاتی ہے) ...

ایسی حالت میں، انصاف سفارش کر رہا ہے کہ:

مظلومینِ کربلا کی بہادری اور حق پرستی پر سب سے پہلے نگاہ ڈالی جائے اس کے بعد کوئی فیصلہ کیا جائے۔

۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آگے چل کر وہ لکھتا ہے کہ:

آیئے۔ ہم دیکھیں کہ واقعۂ کربلا سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

سب سے بڑا سبق یہ ہے کہ: شہیدانِ کربلا کو خدا پر کامل اعتماد تھا، اور وہ اپنی آنکھوں سے اُس (اگلی دنیا کو) کو دیکھ رہے تھے جو اس دنیا سے بہت اچھی ہے۔

اس کے علاوہ: قومی غیرت اور حمیّت کا بہترین سبق ملتا ہے، جو (اس کے علاوہ) کسی اور تاریخی (واقعہ) سے نہیں ملتا۔

ایک نتیجہ اور بھی حاصل ہوتا ہے۔ اور وہ یہ کہ:

جب دنیا میں معصیت اور نافرمانی وغیرہ بہت ہو جاتی ہے، تو خدا کا قانون قربانی مانگتا ہے، اس کے بعد تمام راہیں صاف ہو جاتی ہیں۔"

حوالہ کیلئے ملاحظہ فرمایئے:

(جیمس کارلائل کی کتاب: ہیروز ورشپ)

❁

مذکورہ بالا کتابوں کے علاوہ، متعدد یورپین محققین نے اپنی اپنی گرانقدر تصانیف میں واقعۂ کربلا کا تذکرہ، تفصیل سے کیا ہے، اور اس کے اسباب و علل کے ساتھ اس کے نتائج بھی گفتگو کی ہے، جیسے:

اوکلی نے اپنی تاریخ: "ہسٹری آف سارسنس" میں

سرکوس پلے نے: "ڈرامیٹک پیلے" میں

ادمیلون نے "تاریخِ اسلام" میں

ڈاکٹر اوقت نے "ایتھسٹسن برھمن اینڈ محمڈنس آف انڈیا" میں

کوسنس لی پریول اپنی کتاب میں۔

ویلاسٹن نے اپنی کتاب میں۔

میکولے نے اپنی کتاب "لارڈ کلایو الیف" میں

اسی طرح دیگر مورخین نے تفصیل کے ساتھ حضرت امام حسین علیہ السلام، اور اُن کے باوفا ساتھیوں کے جذبۂ شہادت، اور راہِ خدا میں استقامت کا تذکرہ کرتے ہوئے، اس واقعے کے دوررس اثرات و نتائج پر بھی گفتگو کی ہے۔ ملاحظہ فرمایئے:

STUDIES IN MOHAMMADENISM	By John J. Pool.
A TRAVELLERS NARRATES	By E.G. Brown.
ISLAM AND ITS FOUNDER	By W.H. Stabbart.
MOHAMMAD AND MOHAMMADENISM	By R. Base worth.
THE EARLY DEVELOPMENT OF MOHAMMADENISM	By D.S. Margobiouth.
ISLAM AND THE PSYCHOLOGY OF THE MOHAMMADENISM	By A.S. Mass Blundell.
THE SWORD OF ISLAM	By A.N. Wollastan.
THE MIRACLE PLAY OF HUSSAIN	By Sir Hewin.

(بحوالہ تصویر عزا - از مولانا سید علی حیدر صاحب مرحوم)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(ب)

امام عالی مقام علیہ السلام کے خطبات و ارشادات

خاندانِ رسالت کی عظمت و جلالت

روایت ہے کہ حضرت امام حسینؑ نے حمد و ثنائے پروردگار کے بعد رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود و سلام بھیجا تو آپؑ کے اندازِ فصاحت و بلاغت کو دیکھتے ہوئے ایک اجنبی شخص نے بے اختیار پوچھا کہ: یہ کون صاحب خطبہ دے رہے ہیں۔؟

تو امام علیہ السلام نے فرمایا:

نَحْنُ حِزْبُ اللّٰہِ الْغَالِبُوْنَ، وَعِتْرَۃُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللّٰہ علیہ وآلِہٖ الْاَقْرَبُوْنَ وَاَھْلُ بَیْتِہِ الطَّیِّبُوْنَ، وَاَحَدُ الثَّقَلَیْنِ۔

اَلَّذِیْ جَعَلَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ ثَانِیَ کِتَابِ اللّٰہِ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی، الَّذِیْ فِیْہِ تَفْصِیْلُ کُلِّ شَیْءٍ، لَا یَاْتِیْہِ الْبَاطِلُ مِنْ بَیْنِ یَدَیْہِ وَلَا مِنْ خَلْفِہٖ۔

وَالْمُعَوَّلُ عَلَیْنَا فِیْ تَفْسِیْرِہٖ، وَلَا یُبْطِئُنَا تَاوِیْلُہٗ، بَلْ نَتَّبِعُ حَقَائِقَہٗ فَاَطِیْعُوْنَا فَاِنَّ طَاعَتَنَا مَفْرُوْضَۃٌ اِذْ کَانَتْ بِطَاعَۃِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ مَقْرُوْنَۃً، قَالَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ:

اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ...

وَاُحَذِّرُکُمُ الْاِصْغَاءَ اِلٰی ھُتُوْفِ الشَّیْطَانِ بِکُمْ، فَاِنَّہٗ لَکُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ۔

(ہم (اہلبیت پیغمبرؐ) اللہ کا گروہ ہیں، جو غالب آنے والا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہم اہلبیت، رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریبی لوگ، ان کے پاک و پاکیزہ اہلِ خاندان، اور ثقلین میں سے ایک ہیں

حضرت رسولِ خدا نے ہم لوگوں کو، خدا کی کتاب (قرآن مجید) کا ثانی قرار دیا ہے، وہ (کتاب جس کے بارے میں ارشادِ قدرت ہے کہ):

"اُس میں ہر چیز کی تفصیل موجود ہے۔"

"باطل نہ اُس کے سامنے سے آسکتا ہے، نہ پیچھے سے۔"

اُس (کتابِ الٰہی) کی تفسیر کے لئے ہم پر ہی اعتماد کیا گیا ہے۔

ہم اُس کی تاویل (و تشریح) سے دور نہیں ہیں۔ بلکہ اُس کے حقائق (و معارف) کا اتباع کرنے والے ہیں۔

تم لوگ ہماری بات مانو، ہماری اطاعت فرض ہے۔ کیونکہ (یہی وہ چیز ہے جو) خدا اور رسولؐ کی اطاعت سے ہم آہنگ، اور مربوط ہوتی ہے جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے:

"خدا کی اطاعت کرو، رسولؐ کی اطاعت کرو، اور صاحبانِ امر کی۔"

اور میں تم لوگوں کو باخبر کرتا ہوں کہ (خبردار) شیطان کی آواز پر کان (مت) دھرنا کیونکہ وہ تمہارا کھلا ہوا دشمن ہے۔

تقویٰ و پرہیزگاری کے بارے میں

آپؑ کی نصیحت

قرآن مجید میں خالقِ دوجہاں کا ارشاد ہے کہ:

یَا اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَّ اُنْثٰى وَ جَعَلْنَاكُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ.

(اے لوگو! ہم نے تمہیں ایک مرد و عورت سے پیدا کیا اور تمہارے قبیلے اور خاندان قرار دیئے تاکہ تم لوگ ایک دوسرے کی شناخت کر سکو، بیشک تم میں سے خدا کے نزدیک زیادہ معزز وہ ہے جو زیادہ پرہیزگار ہو، یقیناً خداوندِ عالم خوب جاننے والا، باخبر ہے)

۱

سرکارِ سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام کے اصحابِ باوفا، اگرچہ دیانت داری و خلوصِ عمل کے نہایت بلند درجے پر فائز تھے، اسکے باوجود آپؑ نے دورانِ راہ، اور کربلا کے میدان میں، اپنے خطبوں کے دوران انھیں تقویٰ و پرہیزگاری کی مسلسل نصیحت فرمائی، چنانچہ راوی کا بیان ہے کہ

قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالثَّنَاءِ:

عِبَادَ اللّٰهِ- اِتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مِنَ الدُّنْيَا عَلٰى حَذَرٍ فَاِنَّ الدُّنْيَا لَوْ بَقِيَتْ لِاَحَدٍ وَلَبَقِيَ عَلَيْهَا اَحَدٌ لَكَانَتِ الْاَنْبِيَاءُ اَحَقَّ بِالْبَقَاءِ وَاَوْلٰى بِالرِّضَاءِ وَاَرْضٰى بِالْقَضَاءِ غَيْرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الدُّنْيَا لِلْبَلَاءِ وَخَلَقَ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

أَهْلَهَا لِلْفَنَاءِ۔

فَجَدِيدُهَا بَالٍ، وَنَعِيمُهَا مُضْمَحِلٌّ، وَسُرُورُهَا مُكْفَهِرٌّ، وَالْمَنْزِلُ بُلْغَةٌ، وَالدَّارُ قُلْعَةٌ، فَتَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوَىٰ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ

(امام عالی مقامؑ نے حمد و ثنائے پروردگار کے بعد فرمایا:

"اے اللہ کے بندو، اللہ سے ڈرو۔

دنیا کی طرف سے ہوشیار رہو، کیونکہ یہ دنیا (اور اس کی زندگانی) اگر کسی کے لئے باقی رہتی تو انبیائے کرام (اس دنیا میں) باقی رہنے کے زیادہ حقدار تھے، وہ رضائے پروردگار سے بہت نزدیک اور اس کے فیصلوں پر زیادہ راضی رہنے والے تھے۔

لیکن دنیا تو پیدا ہی آزمائش کے لئے ہوئی ہے اور اس کے باشندوں کے لئے (موت و) فنا مقرر ہے!

یہاں کی نئی چیزیں بوسیدہ ہونے والی۔

یہاں کی نعمتیں (زوال و) اضمحلال کا شکار ہونے والی۔

اور یہاں کا سرور، نامشکور ہے۔

منزل (آخرت) تک (سب کو) پہونچنا ہے اور (یہ) گھر خالی ہونے والا ہے۔

لہٰذا، زادِ راہ مہیا کرلو، بیشک بہترین زادِ راہ تقویٰ ہے

اللہ سے ڈرو، تاکہ فلاح پاؤ۔

امر بالمعروف و نہی عن المنکر

کے بارے میں

آپؑ کا ارشادِ گرامی

اِعْتَبِرُوا أَيُّهَا النَّاسُ بِمَا وَعَظَ اللّٰهُ بِهِ أَوْلِيَاءَهُ مِنْ سُوءِ ثَنَائِهِ عَلَى الْأَحْبَارِ، إِذْ يَقُولُ:

"لَوْلَا يَنْهَاهُمُ الرَّبَّانِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْإِثْمَ..."

وَإِنَّمَا عَابَ اللّٰهُ ذَٰلِكَ عَلَيْهِمْ لِأَنَّهُمْ كَانُوا يَرَوْنَ مِنَ الظَّلَمَةِ الَّذِينَ بَيْنَ أَظْهُرِهِمُ الْمُنْكَرَ وَالْفَسَادَ فَلَا يَنْهَوْنَهُمْ عَنْ ذَٰلِكَ رَغْبَةً فِيمَا كَانُوا يَنَالُونَ مِنْهُمْ، وَرَهْبَةً مِمَّا يَحْذَرُونَ وَاللّٰهُ يَقُولُ:

"فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ"

وَقَالَ (سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ):

(وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيعُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ)..

فَبَدَأَ اللّٰهُ بِالْأَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ فَرِيضَةً مِنْهُ، لِعِلْمِهِ بِأَنَّهَا إِذَا أُدِّيَتْ وَأُقِيمَتْ، اسْتَقَامَتِ الْفَرَائِضُ كُلُّهَا هَيِّنُهَا وَصَعْبُهَا۔

وَذَٰلِكَ أَنَّ الْأَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ دُعَاءٌ إِلَى الْإِسْلَامِ مَعَ رَدِّ الْمَظَالِمِ وَمُخَالَفَةِ الظَّالِمِ وَقِسْمَةِ الْفَيْءِ وَالْغَنَائِمِ وَأَخْذِ الصَّدَقَاتِ مِنْ مَوَاضِعِهَا وَوَضْعِهَا فِي حَقِّهَا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(اے لوگو ــــــ

عبرت حاصل کرو، اُس نصیحت سے جو خداوندِ عالم نے اپنے پیارے بندوں سے فرمائی ہے (جس میں اُن) راہبوں کی مذمت کی ہے (جو اپنے فریضۂ مذہبی کو ادا نہیں کرتے تھے) جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے:

"ایسا کیوں نہیں ہوتا کہ خدا پرست لوگ اور پادری انھیں جھوٹ بولنے سے روکیں..."

(مذکورہ بالا آیت میں) اُن لوگوں کی سرزنش اس لئے کی گئی ہے کہ:

جو ظالم، اُن کے سامنے برائی اور فساد کے مرتکب ہوتے تھے وہ (سب کچھ) اُن کی نگاہوں کے سامنے تھا (پھر بھی) وہ اُن لوگوں کو منع نہیں کرتے تھے۔

اُن (مفادات کی لالچ میں، جو وہ، اُن لوگوں سے حاصل کرتے تھے اور اُن باتوں کے ڈر سے جن کا انھیں اندیشہ لاحق تھا۔

جب کہ خداوندِ عالم فرماتا ہے کہ:

"لوگوں سے مت ڈرو بلکہ مجھ سے ڈرو۔"

اور سورۂ توبہ میں، خداوندِ عالم نے فرمایا ہے کہ:

"مومن مرد اور مومن عورتیں، ایک دوسرے کے حامی ہیں نیکی کا حکم دیتے ہیں، بُرائی سے منع کرتے ہیں (نماز قائم کرتے ہیں، زکواۃ ادا کرتے ہیں اور خدا ورسولؐ کی اطاعت کرتے ہیں)

خداوندِ عالم نے (اس آیت میں) سب سے پہلے "امر بالمعروف نہی عن المنکر" کے فریضہ کا ذکر فرمایا ہے)، کیونکہ یہ معلوم ہے کہ اگر اسے ادا کر دیا جائے اور اس کی (پوری) پابندی کی جائے تو تمام فرائض، چاہے وہ آسان ہوں یا مشکل، ان کی پابندی کی جانے لگی۔

یہ "امر بالمعروف ونہی عن المنکر" (درحقیقت)

اسلام کی طرف دعوت۔

لوگوں کے دبے ہوئے حقوق کی واپسی۔

ظالم کی مخالفت۔

فئ اور غنائم کی (صحیح اور درست) تقسیم۔

صدقات کو اُن کے (اصلی) مراکز سے حاصل کرنے اور حقدار تک پہونچانے (کا راستہ) ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

انسانی طبائع کے بارے میں آپؑ کا ارشادِ گرامی

انسان اپنی طینت و سرشت کے لحاظ سے مختلف عناصر کا مجموعہ ہونے کی بنا پر، گوناگوں صفات کا حامل ہوتا ہے۔ کسی میں جرأت و استقامت زیادہ ہوتی ہے، اور کوئی حالات کے مقابلے پر بہت جلد سپر انداختہ ہو جاتا ہے۔

کسی میں وفاداری انتہا کو نظر آتی ہے تو کوئی وقت کی رفتار کو ہی اہمیت دیتا نظر آتا ہے۔

کسی میں تحمل و بردباری کی شان نمایاں نظر آتی ہے تو کوئی بہت جلد مشتعل ہو جاتا ہے۔

کسی کی عقلمندی و دانشوری ہر ایک کو متاثر کرتی ہے اور کسی کی نادانی خود اس کی ذات کے لئے بھی وبال بن جاتی ہے۔

سرکار سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام نے ایک مختصر خطبہ میں بنی نوعِ انسان کی گوناگوں صفات پر گفتگو کرتے ہوئے فرمایا۔

اِنَّ الْحِلْمَ زِیْنَۃٌ، وَالْوَفَاءَ مُرُوَّۃٌ، وَالصِّلَۃَ نِعْمَۃٌ وَالْاِسْتِکْبَارَ تَکَلُّفٌ، وَالْعَجَلَۃَ سَفَہٌ، وَالسَّفَہَ ضَعْفٌ وَالْغُلُوَّ وَرْطَۃٌ، وَمُجَالَسَۃَ اَھْلِ الدَّنَاءَۃِ شَرٌّ، وَمُجَالَسَۃَ اَھْلِ الْفُسُوْقِ رِیْبَۃٌ۔

(بے شک حلم (و بردباری) باعثِ زینت ہے۔

وفاداری (میں) مروت ہے۔

صلۂ رحم نعمت ہے۔

تکبر، (مذموم اور قابلِ نفرت) صفت ہے۔

جلد بازی، کم عقلی ہے۔

حماقت (میں) کمزوری ہے۔

برائی (خود کو) مہلکہ (میں) ڈالنا ہے۔

پست لوگوں کی ہم نشینی، برائی ہے۔

اور بدکار لوگوں کے ساتھ بیٹھنے سے (انسان) مشکوک (قرار پاتا ہے)۔

حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمائیے:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امامِ حسنِ مجتبیٰؑ کی تدفین کے موقع پر امام حسینؑ کا ارشادِ گرامی

۲۸ صفر ۵۰ ہجری کو، سردارِ جوانانِ جناں، امامِ معصوم حضرت امام حسنؑ کی امیرِ شام کے بھیجے ہوئے زہر کے نتیجے میں شہادت واقع ہوئی۔

چونکہ آپؑ نے اپنے چھوٹے بھائی حضرت امام حسین علیہ السلام سے فرمایا تھا، کہ میری آرزو ہے کہ مجھے نانا کے پہلو میں دفن کیا جائے، لیکن اگر لوگ مزاحمت کریں، تو مجھے جنت البقیع میں دفن کر دینا۔

چنانچہ طبری کی روایت ہے کہ:

امام حسین علیہ السلام نے اپنے برادرِ بزرگ حضرت امام حسنِ مجتبیٰؑ کی تجہیز و تکفین فرمائی، اور ان کی نمازِ جنازہ ادا کرنے کے بعد اُن کے جسدِ اقدس کو لیکر قبرِ پیغمبرِ اکرمؐ کی طرف چلے تاکہ نانا کے پہلو میں انھیں دفن کر دیں۔

لیکن جیسے ہی مروان بن الحکم کو اطلاع ملی، وہ ایک خچر پر سوار ہو کر تیزی سے امّ المومنین کے پاس پہنچا، اور اُن سے کہا کہ:

... امام حسینؑ اپنے بھائی (حضرت امام حسنؑ کو اپنے نانا کے پہلو میں دفن کرنا چاہتے ہیں ... اگر وہ اس میں کامیاب ہو گئے تو آپ کے والد اور اُن کے ساتھی کو (پہلوئے رسولؐ میں دفن ہونے کا جو منفرد) اعزاز ملا ہے وہ ختم ہو جائیگا۔

"محترمہ" نے کہا "پھر مجھے کیا کرنا چاہیئے۔؟"

تو وہ بولا کہ: آگے بڑھیں، اور انھیں وہاں دفن نہ ہونے دیں۔

پوچھا: کیسے آگے بڑھوں۔؟

کہنے لگا کہ: یہ لیجئے، میرا خچر حاضر ہے، اس پر بیٹھ کر آجایئے۔ اور لوگوں کو روکئے۔

یہ کہہ کر وہ خود تو اُتر گیا، اور اُن بی بی کو سوار کرا دیا۔

تاریخی اعتبار سے یہ پہلی خاتون تھیں، جو اس طرح (اونٹ یا خچر وغیرہ) پر سوار ہوئیں !!۔

جب یہ روانہ ہوئیں، اُس وقت تک لوگ، امام حسن علیہ السلام کے جنازہ کے ساتھ حضورِ اکرمؐ کی قبرِ مبارک کے قریب پہنچ چکے تھے۔

زوجۂ پیغمبرؐ، خچر کو ایڑ لگاتی ہوئی، تیزی سے روانہ ہوئیں، اور قبر کے پاس کھڑی ہو کر کہنے لگیں کہ:

"خدا کی قسم (امام حسنؑ) کو یہاں دفن نہیں ہونے دیا جائے گا، چاہے تم لوگ اس کے لئے میرا سر مونڈ دو، یہ کہہ کر اپنے ہاتھوں سے اپنا سر پکڑ لیا۔

اس دوران، زوجۂ رسولؐ کو خچر پر سوار کرنے کے بعد، مروان، خاندانِ بنی امیہ کے اوباشوں کو جمع کر چکا تھا، اور ان سب کو اس بات پر ورغلا رہا تھا کہ نواسۂ رسولؐ پہلوئے رسولؐ میں دفن نہ ہونے پائیں، وہ اُن لوگوں سے کہہ رہا تھا کہ:

"یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ" ہمارے خاندان کے بزرگ" تو جنت البقیع سے بھی دور دفن کئے جائیں، اور نواسۂ رسولؐ کو حضور کے پہلو میں دفن کیا جائے!

نہیں! ـــــ خدا کی قسم، ہم لوگ ایسا نہ ہونے دینگے، تلواریں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نکل آئیں گی!

اُس نے اس قدر اشتعال انگیز باتیں کیں کہ فتنہ و فساد کا اندیشہ پیدا ہوگیا تھا کیونکہ بنی ہاشم کے نوجوانوں کی غیرت بھی جاگ اٹھی تھی۔

مگر، حضرت امام حسینؑ علیہ نے اُن لوگوں کو، امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کی وصیت یاد دلاتے ہوئے فرمایا کہ:

اَللّٰہَ ــــ اللّٰہ ــــ اَنْ تَفْعَلُوْا وَ تُضَیِّعُوْا وَصِیَّۃَ اَخِیْ۔

(خدا کے لئے، کوئی ایسا اقدام نہ کرنا کہ میرے بھائی (امام حسنؑ) کی وصیت کی خلاف ورزی ہو جائے)

پھر زوجۂ پیغمبرؐ کو مخاطب کر کے فرمایا:

"واللّٰہ ــ لَوْلَا اَنَّ اَبَا مُحَمَّدٍ اَوْصٰی اِلَیَّ اَنْ لَا اُھَرِیْقَ مِحْجَمَۃَ دَمٍ، لَدَفَنْتُہٗ ھَاھُنَا، وَلَوْ رَغِمَ اَنْفُکِ۔"

(خدا کی قسم! ــــ

اگر میرے برادرِ محترم نے یہ وصیت نہ فرمادی ہوتی کہ میرے دفن کے سلسلہ میں، اگر اختلاف کی صورت پیدا ہو تو دیکھو: "خون کا ایک قطرہ بھی نہ بہنے" پائے ــــ تو میں .... لوگوں کی مخالفت کے باوجود، انھیں اسی جگہ دفن کر کے رہتا)

(ملاحظہ فرمائیے: تاریخ طبری، بحوالہ دلائل الامامت)

اس کے بعد آپؑ اپنے بھائیؑ کے جنازہ کو لے کر جنت البقیع تشریف لے گئے، اور وہاں جنابِ فاطمہؑ کے پہلو میں دفن کیا۔

اور بھائیؑ کو سپردِ لحد کرتے ہوئے فرمایا:

رحمك الله يا ابا محمد، ان كنت لناصر الحق

مظانه، وتوثر الله عند تداحض الباطل في مواطن التقية بحسن الروية، وتستشف جليل معاظم الدنيا بعين لها حاقرة، وتقبض عليها يدا طاهرة الاطراف، نقية الاسرة وتردع بادرة غرب اعدائك، بالسير المؤنة عليك.

ولاغرو وانت ابن سلالة النبوة ورضيع لبان الحكمة فالى روح وريحان وجنة نعيم.

اعظم الله لنا ولكم الاجر عليه، وهب لنا ولكم السلوة وحسن الاسى عنه.

(اے ابو محمدؑ (میرے برادرِ بزرگ)!۔

خداوندِ عالم آپ پر رحمتوں کا نزول فرمائے۔

آپ وہ تھے، جو حق کے موقع محل کو اپنی بصیرت سے ملاحظہ فرما رہے تھے۔

جن مواقع پر باطل کی یلغار ہو رہی تھی، آپ نے حسنِ عمل کو مدِ نظر رکھا، اور رضائے پروردگار کو ہر چیز پر مقدم قرار دیا۔ اور دنیا کے بڑے بڑے (عہدے اور منصب) کو آپ نے نہایت حقارت کی نگاہ سے دیکھا۔

... پاک و پاکیزہ ہاتھوں اور عالی مرتبت خاندان (کے ساتھ)۔

آپ نے اپنے دشمن کی دسیسہ کاریوں کا اس طرح دفاع کیا (جو آپ کے شایانِ شان تھا)

آسان (انداز سے) جس کا بوجھ ہلکا تھا)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور اس میں کوئی تعجب اس لئے نہیں، کہ:
آپ معدنِ رسالتؐ کے نورِ نظر اور
سرچشمۂ حکمت سے شکم سیر ہونے والے ہیں۔
(اور اب جب کہ آپ اس دارِ فانی سے رخصت ہو کر،
عالمِ جاودانی کی طرف تشریف لیے جا رہے ہیں، تو درحقیقت)
روح و ریحان، اور جنّت الفردوس (کی عظیم الشان نعمتوں) کی طرف
تشریف لئے جا رہے ہیں)۔
آپ کی رحلت کے سانحۂ جانکاہ پر خداوند عالم ہم سب لوگوں
کو صبرِ جمیل کرامت فرمائے) ہمیں اور آپ کو اجرِ عظیم عطا کرے)۔

(حوالے کیلئے ملاحظہ فرمایئے:
عیون الاخبار جلد ۲، صفحہ ۳۱۴، تاریخ ابن عساکر
احقاق الحق جلد ۱۱ ص ۵۹۷)
بحوالہ: موسوعۃ کلمات الامام الحسینؑ
(معہد تحقیقات باقر العلوم)

(۶)

اور جب، حضرت امام حسنِ مجتبیٰ علیہ السلام کو سپردِ لحد کر دیا گیا، تو حضرت امام حسین علیہ السلام نے ان کی جدائی کے سلسلے میں ایک مرثیہ پڑھا جس کے کچھ اشعار یہ ہیں۔

أأدهن رأسي أم أطيب محاسني
ورأسك معفور وأنت سليب
أو أستمتع الدنيا بشيء أحبه
ألى كل ما أدنى إليك حبيب

فلا زلت أبكي ما تغنت حمامة
عليك وما هبت صبا وجنوب
وما هملت عيني من الدمع قطرة
وما اخضر في روح الحجاز قضيب
بكائي طويل، والدموع غزيرة
وأنت بعيد والمزار قريب
غريب وأطراف البيوت تحوطه
ألا كل من تحت التراب غريب
ولا يفرح الباقي خلاف الذي مضى
وكل فتى للموت فيه نصيب
فليس حريب من أصيب بماله
ولكن من وارى أخاه حريب
نسيبك من أمسى يناجيك طيفه
وليس لمن تحت التراب نسيب

(۶)

(کیا یہ ہو سکتا ہے کہ) میں اب اپنے سر میں تیل لگاؤں، یا زینت کا کوئی کام کروں، جبکہ آپ کا سرِ اقدس کفن میں لپٹا ہوا ہے ....
یا، (کیا یہ ممکن ہے کہ) میں دنیا کی پسندیدہ چیزوں سے کوئی حظ حاصل کروں (جبکہ آپ ہماری نگاہوں سے دور ہیں)
(اب تو میری حالت یہ ہے کہ) میں مسلسل گریہ و بکا کرتا رہوں گا،
جب تک (چرند و پرند) بول رہے ہیں، اور جب تک شمال و جنوب

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی ہوائیں چل رہی ہیں، میں آپ (کی جُدائی) پر روتا رہوں گا۔
(اور میرا یہ گریہ اُس وقت تک جاری رہے گا) جب تک آنکھوں میں آنسو کا ایک قطرہ بھی باقی ہے، اور جب تک زمین میں پودے اُگ رہے ہیں۔

میرا رونا بہت طویل ہے، میرے آنسو بہتے رہیں گے۔
(اے برادرِ بزرگ) آپ تو ہم سے دُور (چلے گئے) (البتہ آپکا مزار (ہم سے) نزدیک ہے۔
گھروں کے اطراف نے اُس کا احاطہ کر رکھا ہے۔
لیکن (حقیقت یہ ہے کہ) جو لوگ زیرِ زمین سو رہے ہیں، وہ رُوئے زمین پر چلنے پھرنے والوں کے لئے) اجنبی ہو چکے ہیں۔
جانے والوں کے پیچھے، باقی رہ جانے والوں کے لئے ــــ کوئی فرحت نہیں ہے۔
(لیکن یہ بھی برحق ہے کہ) ہر جوان کی زندگی میں موت کا ایک حصّہ ہے۔
غمزدہ و پریشان وہ نہیں ہے جس کے اسباب لُوٹ لئے گئے ہوں
بلکہ حقیقتاً غمزدہ وہ ہے جو اپنے (ہاتھوں سے) اپنے بھائی کو قبر کی آغوش میں چھپا دے۔
آہ ــــ آپ کا بھائی، جس سے کل تک آپ سرگوشی کر رہے تھے، اب زیرِ زمین جانے کے بعد (کس سے سرگوشی کرے)...!

ملاحظہ فرمائیے: مناقب ابنِ شہر آشوب
بحار الانوار جلد ۴۴، ص ۱۶۱
بحوالہ: موسوعہ کلمات الامام الحسینؑ

ہم نے اس جگہ سرکارِ سیدالشہداء امام حسین علیہ السلام کے صرف ایک مرثیہ کے چند اشعار کو ترجمہ کے ساتھ پیش کرنے کی سعادت حاصل کی ہے، جس کا تذکرہ ہمارے متعدد بلند مرتبہ علمائے کرام اور محققین نے اپنی اپنی مستند تصنیفات میں کیا ہے، جو فصاحت و بلاغت کے شاہکار کی حیثیت رکھتا ہے۔

البتہ بعض مورخین کرام نے، حضرت امام حسن مجتبیٰؑ کی شہادت کے سلسلے میں سرکارِ سیدالشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام کے کچھ اور مرثیوں کا بھی، اپنی کتابوں میں تذکرہ کیا ہے۔

اس سلسلہ میں علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے "بحار الانوار" میں جس مرثیہ کا تذکرہ کیا ہے اس میں یہ شعر بھی ہے۔

ان لم امت اسفا علیك فقد
اصبحتُ مشتاقا الى الموت

(اے میرے برادرِ محترم، آپ کی جُدائی پر حسرت و اندوہ کرتے ہوئے اگرچہ مجھے موت تو نہیں آئی، لیکن حقیقت یہ ہے کہ میں موت کا مشتاق (اور آرزومند ضرور ہوں)

حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمائیے:
مناقب ابن شہر آشوب اور بحار الانوار جلد ۴۴ صفحہ ۱۶۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گذشتگان کے حالات سے عبرت حاصل کرو

دنیا کی بے ثباتی، اور صاحبانِ اختیار و اقتدار کی بے بسی کی حالت میں دنیا سے روانگی کا ذکر کرتے ہوئے امام علیہ السلام نے بنی نوع انسان کو توجہ دلائی کہ، اس دارِ فانی کے بجائے باقی رہنے والی زندگی کے بارے میں فکر کریں۔ چنانچہ ارشاد فرمایا:

یَا ابْنَ آدَمَ — تَفَکَّرْ وَ قُلْ:

اَیْنَ مُلُوْکُ الدُّنْیَا وَ اَرْبَابُهَا، اَلَّذِیْنَ عَمَرُوْا خَرَابَهَا وَ احْتَفَرُوْا اَنْهَارَهَا، وَ غَرَسُوْا اَشْجَارَهَا، وَ مَدَنُوْا مَدَائِنَهَا، فَارَقُوْهَا وَ هُمْ کَارِهُوْنَ وَ وَرِثَهَا قَوْمٌ آخَرُوْنَ، وَ نَحْنُ بِهِمْ عَمَّا قَلِیْلٍ لَاحِقُوْنَ۔

یَا ابْنَ آدَمَ — اُذْکُرْ مَصْرَعَكَ وَ فِیْ قَبْرِكَ مَضْجَعَكَ بَیْنَ یَدَیِ اللّٰهِ، تَشْهَدُ جَوَارِحُكَ عَلَیْكَ، یَوْمَ تَزِلُّ فِیْهِ الْاَقْدَامُ وَ تَبْلُغُ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَ تَبْیَضُّ وُجُوْهٌ وَ تَبْدُو السَّرَائِرُ وَ یُوْضَعُ الْمِیْزَانُ الْقِسْطُ۔

یَا ابْنَ آدَمَ — اُذْکُرْ مَصَارِعَ آبَائِكَ وَ اَبْنَائِكَ کَیْفَ کَانُوْا وَ حَیْثُ حَلُّوْا، وَ کَاَنَّكَ عَنْ قَلِیْلٍ قَدْ حَلَلْتَ مَحَلَّهُمْ وَ صِرْتَ عِبْرَةَ الْمُعْتَبِرِ۔

(اے آدم کی — سوچو اور بتاؤ:

دنیا کے وہ بادشاہان اور سربراہان کہاں ہیں جنھوں نے اس کے

ویرانوں کو آباد کیا تھا، اس میں نہریں کھودی تھیں، اس میں درخت لگائے تھے، اور اس کے شہروں کو آباد کیا تھا۔

ان لوگوں کو، یہ ساری چیزیں چھوڑنی (پڑیں)، حالانکہ (وہ ان چیزوں کو چھوڑنا) نہیں چاہتے تھے — پھر دوسرے لوگ انکے جانشین بن گئے۔

(ہم لوگ بھی جو اس دنیا میں موجود ہیں) جلد ہی گذر جانے والوں کے ساتھ) مل جائیں گے۔

اے اولادِ آدم —

اپنی (آخری) آرام گاہ کو یاد رکھو (اور اس بات کو کبھی فراموش نہ کرنا) کہ قبر ہی تمہاری خواب گاہ ہے۔

(پھر قیامت میں) خداوندِ عالم کے سامنے تمہارے اعضاء و جوارح تمہارے خلاف گواہی دینگے جس دن، قدموں میں لغزش ہوگی۔ دلوں (میں ایسا اضطراب ہوگا گویا وہ) حلقوم کے اندر پہنچ جائیں گے

(اس دن) چہرے سفید ہو جائیں گے، اسرار کھل جائیں گے اور عدل و انصاف کی ترازو نصب کر دی جائے گی۔

اے اولادِ آدم —

اپنے آباد و اجداد اور اپنی اولاد کی (آخری) آرام گاہ کو یاد رکھو۔

(غور کرو کہ جو لوگ دنیا سے گذر گئے) وہ کہاں تھے اور اب کہاں پہنچے؟

عنقریب تم بھی تو گویا، ان ہی کی منزل میں اُترنے والے ہو (جسکے بعد تم خود بھی) نصیحت حاصل کرنے والوں کیلئے عبرت (کا سامان) بن جاؤ گے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دُنیا کے زوال کے بارے میں آپؑ کا ارشادِ گرامی

حمد وثنائے پروردگار کے بعد آپؑ نے فرمایا۔

إِنَّهُ قَدْ نَزَلَ بِنَا الْأَمْرُ مَا قَدْ تَرَوْنَ وَإِنَّ الدُّنْيَا تَغَيَّرَتْ وَتَنَكَّرَتْ وَأَدْبَرَ مَعْرُوفُهَا وَاسْتَمَرَّتْ حَذَّاءَ وَلَمْ يَبْقَ مِنْهَا إِلَّا صُبَابَةٌ كَصُبَابَةِ الْإِنَاءِ وَخَسِيسُ عَيْشٍ كَالْمَرْعَى الْوَبِيلِ.

أَلَا تَرَوْنَ إِلَى الْحَقِّ لَا يُعْمَلُ بِهِ وَإِلَى الْبَاطِلِ لَا يُتَنَاهَى عَنْهُ لِيَرْغَبِ الْمُؤْمِنُ فِي لِقَاءِ رَبِّهِ مُحِقًّا.

فَإِنِّي لَا أَرَى الْمَوْتَ إِلَّا سَعَادَةً وَالْحَيَاةَ مَعَ الظَّالِمِينَ إِلَّا بَرَماً.

(جو (مصائب وآلام) ہم پر نازل ہوئے ہیں، وہ تم لوگ دیکھ ہی رہے ہو۔ دنیا بدل گئی ہے۔ (اس کا چہرہ) ناپسندیدہ ہوگیا ہے، اس کی نیکیاں پس پشت چلی گئی ہیں، اور یہ (پوری طرح) اُلٹ گئی ہے۔

اب کچھ باقی نہ رہا، سوائے (ایک معمولی) مقدار کے، جیسے (کسی) برتن میں تلچھٹ باقی رہ جائے، اور پست زندگانی جیسے بدمزہ چارہ۔

کیا تم لوگ حق کی طرف نہیں دیکھ رہے ہو، جس پر عمل نہیں کیا جا رہا ہے۔ اور (نہ) باطل (کی طرف نظر کر رہے ہو) جس سے اجتناب (ہی) نہیں کیا جا رہا ہے۔

مومن، لقائے پروردگار کی رغبت کرنے میں، برحق ہے۔

میں تو موت کو محض سعادت، اور ظالموں کے ساتھ زندگی (گزارنے) کو ناپسندیدہ سمجھتا ہوں)"!

(نوٹ)

تاریخ سے واقفیت رکھنے والے کس شخص کو اس بات میں شک ہو سکتا ہے کہ وفاتِ پیغمبر اکرمؐ کے بعد دنیا کا چہرہ کس قدر تبدیل ہو گیا، کہ سیدہ عالمینؑ کا وہ دروازہ جس پر حبیبِ کبریاؐ ہر نماز سے پہلے آ کر سلام بھی کرتے تھے، آیۂ تطہیر کی تلاوت بھی فرماتے تھے، اسی دروازے پر حضورِ اکرمؐ کا کلمہ پڑھنے والے لوگ ... آگ اور لکڑی لے کر پہنچ گئے۔

اور پھر یہ حالات اتنے خطرناک ہوتے چلے گئے کہ نواسۂ رسولؐ حضرت امام حسینؑ جو کبھی دوشِ رسولؐ پر تھے، کربلا کے میدان میں تین دن کی بھوک و پیاس کے عالم میں اپنے اہلِ خاندان کے ساتھ شہید کر دیئے گئے۔

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

روضۂ رسولؐ پر

نواسے کی فریاد

مورخین کا بیان ہے کہ:

حضرت امام حسین علیہ السلام رات کے وقت گھر سے نکلے، روضۂ رسولؐ پر تشریف لائے، اور اپنے جدِ بزرگوار کو مخاطب کر کے فرمایا:

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللہِ —— اَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ فَاطِمَه

اَنَا فَرْخُكَ وَابْنُ فَرْخَتِكَ، وَسِبْطُكَ فِی الْخَلَفِ الَّذِی خَلَفْتَ

عَلٰی اُمَّتِكَ، فَاشْهَدْ عَلَیْهِمْ یَا نَبِیَّ اللہِ۔

اِنَّهُمْ قَدْ خَذَلُوْنِیْ وَضَیَّعُوْنِیْ وَاِنَّهُمْ لَمْ یَحْفَظُوْنِیْ۔

وَهٰذَا شَكْوَایَ اِلَیْكَ حَتّٰی اَلْقَاكَ۔

اے اللہ کے رسولؐ آپ پر سلام ہو۔

میں آپ کا فرزند، آپؐ کی بیٹی کا بیٹا حسینؑ ہوں)

جن لوگوں کو آپ نے اپنی امت کے درمیان چھوڑا، ان میں آپؐ کا نواسہ (اب میں ہی تو رہ گیا ہوں)

اے خدا کے پیغمبر گواہ رہیئے گا کہ:

ان لوگوں نے میرا ساتھ چھوڑ دیا۔

میرے (حق کو) ضائع کیا —— اور

ہماری حفاظت نہیں کی۔

آپ کی بارگاہ میں میری یہ فریاد (جاری رہے گی) یہاں تک کہ میں آپ سے ملاقات کے لئے آپ کی خدمت میں حاضری دوں۔)

حوالہ کیلئے ملاحظہ فرمائیے،

الفتوح جلد۵ صفحہ ۱۹۔ مقتل خوارزمی جلد ۱ صفحہ ۱۸۶

عوالم جلد ۱۷ صفحہ ۱۷۷ اعداد موسوعۃ کلمات الامام الحسینؑ ۲۸۳)

ایک اور روایت میں ہے کہ:

دوسری رات بھی آپ بیت الشرف سے نکلے، قبر مبارک کے پاس جاکر، دو رکعت نماز پڑھی، اور نماز کے بعد بارگاہِ معبود میں عرض کیا:

اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا قَبْرُ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ، وَاَنَا ابْنُ بِنْتِ مُحَمَّدٍ وَقَدْ

حَضَرَنِیْ مِنَ الْاَمْرِ مَا قَدْ عَلِمْتَ۔

اَللّٰهُمَّ وَاِنِّیْ اُحِبُّ الْمَعْرُوْفَ وَاَكْرَهُ الْمُنْكَرَ۔

وَ اَنَا اَسْاَلُكَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِحَقِّ هٰذَا الْقَبْرِ

وَمَنْ فِیْهِ۔

مَا اخْتَرْتَ مِنْ اَمْرِیْ هٰذَا، مَا هُوَ لَكَ رِضًی۔

(خداوندا یہ تیرے پیغمبر (حضرت) محمد (مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

کی قبر ہے۔ اور میں آنحضرتؐ کا نواسہ ہوں۔

اب جو معاملہ درپیش ہے، وہ تیرے علم میں ہے۔

خداوندا —— میں نیکی سے محبت کرتا ہوں اور برائی کو ناپسند کرتا ہوں۔

اے ذوالجلال والاکرام —— میں تجھ کو اس قبرِ مبارک، اور جو عظیم المرتبت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہستی) اس قبر کے اندر ہے، اُس کا واسطہ دیتا ہوں کہ :
میرے اس معاملے میں، میرے لئے وہی بات اختیار فرما جس میں
تیری خوشنودی ہو)

(ملاحظہ فرمائیے: الفتوح، مقتل خوارزمی بحار الانوار جلد ۴۴
عوالم جلد ۱۷ اور العیون العبری ص ۲۰)

جس کے بعد آپؑ نے گریہ فرمایا...
صبح نمودار ہوئی تو اپنا سرِ اقدس قبر مبارک پر رکھ دیا۔
تھوڑی دیر کے لئے نیند آ گئی تو خواب میں حضورِ اکرمؐ کو دیکھا جن کے
داہنے بائیں، آگے پیچھے ہر طرف ملائکہ مقربین تھے۔
اور آنحضرتؐ نے نواسے کو شہادت کی خبر سنائی۔

(" " " " ")

محمد بن حنفیہ کے نام وصیت

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے روضۂ اقدس پر حاضری اور بارگاہِ معبود میں مناجات کے بعد، جب خواب میں آپؑ نے حضورِ اکرمؐ کو دیکھا جو فرما رہے تھے کہ :

يَا بُنَيَّ يَا حُسَينُ، كأنك عن قريب اراك مقتولا مذبوحا بارض كرب وبلا...

(اے میرے نورِ نظر ——— اے حسینؑ۔
میں دیکھ رہا ہوں کہ بہت جلد تمہیں کرب و بلا کی سرزمین پر ذبح کر کے شہید کر دیا جائے گا)...

جس کے بعد امامِ عالی مقامؑ نے رختِ سفر باندھا ——— اور روانگی سے قبل اپنے بھائی محمدؐ بن حنفیہ سے یوں وصیت فرمائی۔

هٰذَا مَا اَوْصٰى بِهِ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ اِلٰى اَخِيْهِ مُحَمَّدِ الْمَعْرُوْفِ بِابْنِ الْحَنَفِيَّةِ۔

اِنَّ الْحُسَيْنَ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ جَاءَ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِ الْحَقِّ۔

وَاَنَّ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ حَقٌّ۔
وَاَنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ لَا رَيْبَ فِيْهَا۔
وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وَاِنِّیْ لَمْ اَخْرُجْ اَشِرًا وَّلَا بَطِرًا وَّلَا مُفْسِدًا وَّلَا ظَالِمًا۔
وَاِنَّمَا خَرَجْتُ بِطَلَبِ الْاِصْلَاحِ فِیْ اُمَّۃِ جَدِّیْ
اُرِیْدُ اَنْ آمُرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَنْھٰی عَنِ الْمُنْکَرِ وَاَسِیْرَ بِسِیْرَۃِ
جَدِّیْ وَاَبِیْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ
فَمَنْ قَبِلَنِیْ بِقَبُوْلِ الْحَقِّ فَاللّٰہُ اَوْلٰی بِالْحَقِّ
وَمَنْ رَدَّ عَلَیَّ اَصْبِرُ حَتّٰی یَقْضِیَ اللّٰہُ بَیْنِیْ وَبَیْنَ الْقَوْمِ بِالْحَقِّ
وَھُوَ خَیْرُ الْحَاکِمِیْنَ۔
وَھٰذِہٖ وَصِیَّتِیْ یَا اَخِیْ اِلَیْكَ۔
وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ۔

(شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے)
یہ وصیت نامہ حسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ کی طرف سے اپنے بھائی محمد بن حنفیہ کے نام ہے۔
حسینؑ گواہی دیتے ہیں کہ: خدا کے علاوہ کوئی معبود نہیں، وہ وحدہٗ لاشریک ہے، اور (حضرت) محمدؐ اُس کے بندے اور رسولؐ ہیں جو خداوند عالم کی طرف سے حق کے ساتھ تشریف لائے۔
جنّت اور جہنّم برحق ہیں۔
قیامت آنے والی ہے، جس میں کوئی شک نہیں ہے۔
جو لوگ قبروں میں ہیں، خداوندِ عالم اُن سب کو محشور کرے گا۔)

(یاد رکھو —
میں کسی بُرائی یا بڑائی کے لئے نہیں نکلا ہوں، نہ فساد اور

ظلم سے میرا کوئی تعلق ہے۔
بلکہ میں اپنے نانا کی امت کی اصلاح کے ارادہ سے نکلا ہوں۔
میں چاہتا ہوں کہ نیکی کا حکم دوں۔
بُرائی سے روکوں۔
اپنے جد (حضرت محمد مصطفےٰؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور اپنے پدر بزرگوار حضرت علیؑ بن ابی طالب علیہ السلام کے راستے پر چلوں۔
جو شخص حق کے ساتھ مجھے قبول کرے تو (یقین رکھے) کہ اللہ ہی حق کا زیادہ سزاوار ہے۔
اور اگر کوئی شخص میری (بات کو) رد کرے گا تو میں صبر کروں گا۔
یہاں تک کہ خداوندِ عالم میرے، اور ان لوگوں کے درمیان، حق کا فیصلہ کر دے، اور وہی سب سے بہتر حکم دینے والا ہے۔
اے برادر — یہ ہے تمہارے نام میری وصیت۔
خداوندِ عالم (ہی کی طرف سے عطا کردہ) توفیق (میری رفیق ہے) —
اسی پر میں بھروسہ کرتا ہوں اور اُسی کی طرف رجوع کرتا ہوں)۔

(والسلام)

ملاحظہ فرمایئے:

بحار الانوار جلد ۴۴ صفحہ ۳۲۹، مناقب ابن شہر آشوب، جلد ۴، الفتوح جلد ۵: ۲۳، عوالم جلد ۱۷: ۱۷۹، وغیرہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

مکۂ مکرمہ میں جناب ابنِ عباسؓ سے گفتگو

منقول ہے کہ: جب مدینہ منورہ سے روانگی کے بعد حضرت امام حسینؑ نے مکۂ مکرمہ میں قیام فرمایا، جہاں اطراف و جوانب سے آنے والے عازمین نے آپ کی خدمت میں حاضری دی اور جیسے جیسے حج کا زمانہ قریب آتا گیا، ویسے ویسے وفود کی آمد میں اضافہ ہوتا گیا، اس موقع پر جناب ابنِ عباس اور عبداللہ بن عمر بھی امام علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ——— امام علیہ السلام سے آپؑ کے عزم و ارادہ کے بارے میں گفتگو کی ——— اور امام عالی مقامؑ نے ان لوگوں سے سوال کیا کہ:

"کیا میں یزید (جیسے فاسق و فاجر) کی بیعت کروں؟"

تو جناب ابنِ عباس کو حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ایک حدیث یاد آئی جس میں آنحضرتؐ نے فرمایا تھا کہ:

مَالِیْ وَلِیَزِیْدَ، لَابَارَکَ اللّٰہُ فِیْ یَزِیْدَ وَاِنَّہٗ یَقْتُلُ وَلَدِیْ وَ وَلَدَ اِبْنَتِیْ الْحُسَیْنَ.

(افسوس!) میں نے یزید کا کیا بگاڑا ہے؟
خداوندِ عالم اُس سے اپنی برکت سلب کرلے.
وہ میرے نورِ نظر، میرے نواسے حسینؑ کو قتل کرے گا"———

....

یہ حدیث بیان کرنے کے بعد ابنِ عباسؓ رونے لگے اور امام عالی مقام پر بھی گریہ طاری ہوا، پھر آپؑ نے فرمایا:

"اے ابنِ عباس ——— تمہیں یہ تو معلوم ہے کہ میں حضرت رسولِ خدا کا نواسہ ہوں؟"

ابنِ عباسؓ نے کہا: بیشک! اور یہ بھی جانتا ہوں کہ پوری دنیا میں، آپ کے سوا کوئی اور نواسۂ رسولؐ موجود نہیں ہے.

اور آپؑ کی مدد و نصرت، اُمت کے لوگوں پر فرض ہے جس طرح کہ نماز و زکواۃ فرض ہے.

اور یہ سوچا بھی نہیں جا سکتا کہ ایک کے بغیر دوسری چیز قبول کی جا سکتی ہے!

یہ سُن امام حسین علیہ السلام نے فرمایا:

یَا ابْنَ عَبَّاس! ——— فَمَا تَقُوْلُ فِیْ قَوْمٍ اَخْرَجُوا ابْنَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ مِنْ دَارِہٖ وَقَرَارِہٖ وَمَوْلِدِہٖ، وَحَرَمِ رَسُوْلِہٖ وَمُجَاوَرَۃِ قَبْرِہٖ وَمَوْلِدِہٖ وَمَسْجِدِہٖ. وَمَوْضَعِ مُهَاجَرِہٖ.

فَتَرَکُوْہُ خَائِفًا مَرْعُوْبًا لَا یَسْتَقِرُّ فِیْ قَرَارٍ وَلَا یَاوِیْ فِیْ مَوْطِنٍ.

یُرِیْدُوْنَ فِیْ ذٰلِکَ قَتْلَہٗ وَسَفْکَ دَمِہٖ.
وَھُوَ لَمْ یُشْرِکْ بِاللّٰہِ شَیْئًا.
وَلَا اتَّخَذَ مِنْ دُوْنِہٖ وَلِیًّا.
وَلَمْ یَتَغَیَّرْ عَمَّا کَانَ عَلَیْہِ رَسُوْلُ اللّٰہِ؟

"اے ابنِ عباسؓ!———
آپ اُن لوگوں کے بارے میں کیا کہیں گے:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنھوں نے نواسۂ رسولؐ کو اس کے دیار اور اس کی جائے ولادت سے نکالا۔

(حضرت) رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے حرم اُن کے روضۂ (اقدس) کی مجاوری، اُن کی مسجد اور جس جگہ انہوں نے ہجرت کی تھی ——— وہاں سے دُور کر دیا۔

اُسے خوفزدہ کیا...

کہ اب وہ کسی جگہ ٹھہر نہیں سکتا، نہ کسی گھر میں پناہ لے سکتا ہے۔

وہ لوگ اُسے قتل کرنا، اور اس کا خون بہانا چاہتے ہیں ——— جبکہ اس نے نہ تو (کوئی مشرکانہ عمل انجام دیا) نہ خدا کے علاوہ کسی کو اپنا ولی و سرپرست بنایا ہے اور نہ اس روش میں کوئی تبدیلی کی ہے جو خدا کے رسولؐ کی تھی)

ابنِ عباسؓ نے کہا کہ:

میں تو ان لوگوں کے بارے میں (قرآن مجید کی یہ آیت ہی) پڑھوں گا کہ:

إِنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللَّهِ وَبِرَسُولِهِ ...

(ان لوگوں نے خدا و رسولؐ کا انکار کیا)...

اس کے بعد جناب ابنِ عباسؓ نے قرآن مجید کی ایک اور آیت پڑھی جو منافقین کے بارے میں نازل ہوئی تھی) اور کہا کہ:

ایسے ہی لوگوں پر خداوندِ عالم کا سخت ترین عذاب نازل ہوگا۔

اور اے نواسۂ رسولؐ! ———

جہاں تک آپؐ کا تعلق ہے تو آپ رسولؐ و بتولؑ کی بنا پر شرف و فضیلت کے تاجدار ہیں..."

میں گواہی دیتا ہوں کہ جو شخص آپ کے پہلو سے روگردانی اختیار کرے اور آپ سے اور حضورِ اکرمؐ سے نبرد آزما ہو (وہ واصلِ جہنم ہوگا)

یہ سُن کر امام علیہ السلام نے فرمایا:

خداوندا ——— تو گواہ رہنا....

حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے:

الفتوح ۵:۲۶، مقتلِ خوارزمی ۱:۱۹۰

مثیر الاحزان ۱۰، بحوالہ موسوعہ کلمات الامام الحسین ص ۳۰۵، ۳۰۷

و

اور بعض روایتوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ جناب ابنِ عباسؓ نے حضرت امام حسین علیہ السلام سے جو گفتگو کی اس میں اس بات کی طرف بھی اشارہ کیا کہ: آپ صلح کا راستہ اختیار کریں، اسی میں بہتری ہے، جس کے جواب میں امام علیہ السلام نے فرمایا کہ:

هَيْهَاتَ، هَيْهَاتَ، يَا ابْنَ عَبَّاسٍ ——— إِنَّ الْقَوْمَ لَنْ يَتْرُكُونِي وَإِنَّهُمْ يَطْلُبُونِي أَيْنَ كُنْتُ حَتَّى أُبَايِعَهُمْ كُرْهًا وَيَقْتُلُونِي. وَاللَّهِ إِنَّهُمْ لَيَعْتَدُونَ عَلَيَّ كَمَا اعْتَدَتِ الْيَهُودُ فِي يَوْمِ السَّبْتِ وَإِنِّي مَاضٍ فِي أَمْرِ رَسُولِ اللَّهِ حَيْثُ أَمَرَنِي إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

(ہیہات، ——— افسوس، اے ابنِ عباسؓ!

یہ لوگ مجھے ہرگز نہیں چھوڑیں گے۔

میں جہاں بھی رہوں گا، یہ لوگ میری تلاش میں رہیں گے یہاں تک کہ مجھے بیعت پر مجبور کریں۔

یہ مجھے قتل کرتے رہیں گے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور جس طرح یہودیوں نے "سبت" کے معاملے میں حکم خدا کی خلاف ورزی کی یہ لوگ بھی، اسی طرح مجھ پر ظلم ڈھائیں گے۔

اور میں حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کے نفاذ کے لئے جا رہا ہوں۔ جیسا کہ حضورِ اکرم نے مجھے حکم دیا ہے۔

(اس کے بعد امام علیہ السلام نے قرآن مجید کی اس آیت کی تلاوت فرمائی کہ):

"ہم سب اللہ کی ملکیت ہیں، اور اُسی کی طرف ہم واپس جانے والے ہیں۔"

(ملاحظہ فرمائیے:

موسوعۃ کلمات الامام الحسینؑ ص۳۲۱)

اور طبری کی روایت ہے ابنِ عباسؓ کہتے ہیں کہ:

جس وقت حضرت امام حسین علیہ السلام عراق کے لئے عازمِ سفر تھے، میں نے ان کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا:

"اے فرزندِ رسولؐ۔ آپ تشریف نہ لے جائیں۔

تو امام علیہ السلام نے فرمایا:

يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، اَمَا عَلِمْتَ اِنْ مَنَعْتَنِيْ مِنْ هُنَاكَ فَاِنَّ مَصَارِعَ اَصْحَابِيْ هُنَاكَ.

(اے ابنِ عباس!۔

کیا آپ کو معلوم نہیں ہے کہ:

جس جگہ جانے سے آپ مجھے روک رہے ہیں، میرے ساتھیوں کی (آخری) آرام گاہ وہیں پر ہے)

اور جب ابنِ عباسؓ نے یہ دریافت کیا کہ آپ کو اس آخری آرام گاہ کے بارے میں کس نے خبر دی؟۔ تو امام علیہ السلام نے فرمایا۔

بِسِرٍّ مَحَرَّةٍ لِيْ وَعِلْمٍ اُعْطِيْتُهٗ

(یہ ایک راز ہے جو میرے سپرد کیا گیا ہے اور (خداوند عالم کی طرف سے) مجھے اس کا علم عطا کیا گیا ہے)

حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمائیے:

دلائل الامامۃ: ۴، بحوالہ موسوعۃ کلمات الامام الحسینؑ

(صفحہ ۳۲۰ - ۳۲۱)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

خبرِ شہادت

کسی مومن کو اس بات میں شبہ نہیں ہو سکتا کہ سید الشہداء حضرت امام حسینؑ کو اپنی اور اپنے ساتھیوں کی شہادت کے بارے میں مکمل علم تھا۔ اور بعض مورخین کی پھیلائی ہوئی اس غلط فہمی کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے کہ امام علیہ السلام کسی اور ارادے سے نکلے تھے، اتفاقاً ایسے حالات پیش آئے کہ: آپ شہید کر دیئے گئے۔

بلکہ امام علیہ السلام نے دینِ خدا کی سربلندی کے لئے علم و بصیرت کے ساتھ منزلِ شہادت کو قبول کیا تھا، اور اپنے ساتھیوں کو ہر منزل پر باخبر فرماتے رہے کہ جسے شہادت مطلوب ہو صرف وہی میرے ساتھ آئے جو دنیاوی طمع رکھتا ہے وہ واپس چلا جائے۔

بلکہ مدینہ سے روانگی کے وقت آپؑ نے خاندانِ بنی ہاشم کے تمام لوگوں کو بھی مطلع کر دیا تھا کہ جو بھی آپؑ کے ساتھ جائے گا وہ شہادت کیلئے آمادہ رہے۔

چنانچہ حمزہ بن حمران کہتے ہیں کہ ہم لوگوں نے امام جعفر صادقؑ سے جناب محمد بن الحنفیہ کے بارے میں دریافت کیا کہ وہ کربلا کیوں نہیں گئے تھے، تو امام علیہ السلام نے فرمایا: اے حمزہ! میں تمہیں ایک بات بتاتا ہوں لیکن یاد رکھو کہ اسوقت کے بعد اسکے بارے میں کوئی سوال نہ کرنا (حقیقت یہ ہے کہ حضرت امام حسینؑ نے مدینہ منورہ سے روانگی کے وقت کاغذ منگوا کر تمام اہلِ خاندان کے نام ایک خط لکھا جسکی عبارت یہ تھی):

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مِنَ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ اِلٰی بَنِیْ ھَاشِم:

اَمَّا بَعْدُ! — فَاِنَّ مَنْ لَحِقَ بِیْ مِنْکُمْ اسْتُشْهِدَ وَمَنْ تَخَلَّفَ لَمْ یَبْلُغِ الْفَتْحَ۔ وَالسَّلَامُ۔

(شروع خدا کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے)

حسین بن علی بن ابیطالبؑ کیطرف سے خاندانِ بنی ہاشم (کے لوگوں) کے نام:

حمد و ثنائے پروردگار کے بعد!

(اے لوگو) تم میں سے جو میرے ساتھ چلے گا وہ درجۂ شہادت پر فائز ہوگا، اور جو (یہیں) پیچھے رہ جائے گا وہ فتح و کامیابی (کی منزل) تک نہیں پہونچ سکے گا۔ والسلام)

(حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے: بصائر الدرجات ص ۴۸۱
لہوف ص ۴۳، مناقب ابن شہر آشوب جلد ۴ ص ۷۶، مثیر الاحزان ص ۳۹
الخرائج والجرائح جلد ۲ ص ۷۷۱، بحار الانوار جلد ۴۴ ص ۳۳۰
العوالم جلد ۱۷ ص ۱۷۹ بحوالہ موسوعۃ کلمات الامام الحسینؑ)

اس سلسلہ میں "عوالم" کی یہ روایت بھی قابلِ توجہ ہے کہ:

جنوں میں سے جو صاحبانِ ایمان ہیں، اُن کی بہت سی افواج نے حضرت امام حسینؑ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ:

"اے ہمارے آقا۔ ہم آپؑ کے شیعہ و انصار ہیں ہمیں آپ جو حکم دیں اگر آپ فرمائیں تو ہم لوگ آپکے تمام دشمنوں کو قتل کر دیں اور آپ اپنی جگہ تشریف رکھیں۔

یہ سُن کر امام علیہ السلام نے اُن لوگوں کو دُعائے خیر دی اور فرمایا:

اَوَمَا قَرَأْتُمْ کِتَابَ اللّٰہِ الْمُنَزَّلَ عَلٰی جَدِّیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یُدْرِکْکُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ کُنْتُمْ فِیْ بُرُوْجٍ مُّشَیَّدَۃٍ "
وَقَالَ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی :
"لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْھِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِھِمْ"
وَاِذَا اَقَمْتُ بِمَکَانِیْ فِیْمَا ذَا یَبْتَلِیْ ھٰذَا الْخَلْقُ الْمَتَعُوْسُ ؟
وَبِمَاذَا یُخْتَبَرُوْنَ ؟ — وَمَنْ ذَا یَکُوْنُ سَاکِنَ حُفْرَتِیْ
بِکَرْبَلَا ؟ وَقَدْ اِخْتَارَھَا اللّٰہُ تَعَالٰی یَوْمَ دَحْیِ الْاَرْضِ
وَجَعَلَھَا مُعْقِلًا لِشِیْعَتِنَا، وَیَکُوْنُ لَھُمْ اَمَانًا
فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَۃِ۔
وَلٰکِنْ تَحْضُرُوْنَ یَوْمَ السَّبْتِ، وَھُوَ یَوْمُ عَاشُوْرَاءَ
الَّذِیْ فِیْ آخِرِہٖ اُقْتَلُ وَلَا یَبْقٰی بَعْدِیْ مَطْلُوْبٌ مِنْ اَھْلِیْ
وَنَسَبِیْ، وَاِخْوَتِیْ وَاَھْلِ بَیْتِیْ، وَیُسَارُ بِرَاْسِیْ اِلٰی
یَزِیْدَ لَعَنَہُ اللّٰہُ۔

(کیا تم لوگوں نے خداوندِ عالم کی اس کتاب میں، جو میرے نانا رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی (یہ آیت) نہیں پڑھی کہ :

"تم لوگ جہاں کہیں بھی ہوگے، موت تمہیں اپنی گرفت میں لے لیگی، چاہے تم (نہایت) مضبوط قلعے میں ہو"

اور خداوندِ بزرگ و برتر نے یہ بھی فرمایا ہے کہ :

"جن لوگوں کے لئے قتل (و شہادت) لکھی جاچکی ہے، وہ وہ اپنی خوابگاہ (آخری آرام گاہ) کی طرف نکل پڑیں گے۔"

اور پھر اس بات پر بھی تو غور کرو کہ) :

اگر میں اپنی جگہ ٹھہرا رہوں تو یہ پریشان حال مخلوق، کیوں آزمائش میں پڑے، اور کس طرح ان کا امتحان لیا جائے گا۔

(اور یہ بتاؤ کہ) کربلا میں، جو میری قبر ہے، اس میں کون آرام کرے گا؟ — جبکہ خداوندِ عالم نے جس دن زمین بچھائی تھی، اسی دن اسے (میرے لئے) منتخب کرلیا تھا، اسے میرے شیعوں کا مرکز قرار دیا ہے اور دنیا و آخرت میں امان (کی جگہ) بنایا ہے۔

(اے گروہِ جنات، آج تم لوگ واپس جاؤ)
لیکن... عاشورہ کے دن (دسویں محرم کو) آنا۔
اُس دن کے آخری حصہ میں مجھے شہید کیا جائے گا۔

میرے بعد، میرے گھر والوں، میرے قرابت داروں، بھائیوں اور اہلِ خاندان میں، کوئی ایسا شخص باقی نہیں رہے گا جس کی (ان دشمنوں کو) طلب ہو۔

(کیونکہ ان لوگوں کو صرف میرے سر کی طلب ہے، جب میرا سر قلم کرنے میں کامیاب ہوجائیں تو ان کا مقصد پورا ہوجائے گا)

اور میرا سر یہ لوگ یزیدِ ملعون کے پاس لے جائیں گے)

یہ سُن کر جنوں نے عرض کیا کہ :

"اے اللہ کے پیارے، اور اس کے حبیبؐ کے نواسے۔ خدا کی قسم، اگر آپؑ کے فرمان کی اطاعت لازم، اور اس کی مخالفت حرام نہ ہوتی، تو ہم آپؑ کے تمام دشمنوں کو آپ تک پہنچنے سے پہلے ہی قتل کردیتے۔

امام علیہ السلام نے فرمایا کہ :

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نَحۡنُ وَاللّٰهِ اَقۡدَرُ عَلَيۡهِمۡ مِنۡكُمۡ، وَلٰكِنۡ:
لِيَهۡلِكَ مَنۡ هَلَكَ عَنۡ بَيِّنَةٍ وَيَحۡيٰى مَنۡ حَيَّ عَنۡ بَيِّنَةٍ

(قسم بخدا ——— ہم اس بات پر تم لوگوں سے زیادہ قدرت رکھتے ہیں۔

لیکن (ایسا کرینگے نہیں، بلکہ لوگوں کو مہلت دی جائیگی) تاکہ جو شخص ہلاکت کو اختیار کرے وہ اتمام حجت کے بعد اور جو زندہ رہے وہ دلیل و برہان کے ساتھ)۔

ملاحظہ فرمائیے: عوالم جلد ۱۷، ص ۱۷۹، لہوف ص ۲۵
بحار الانوار جلد ۴۴ ص ۳۲۲ بحوالہ موسوعۃ کلمات الامام الحسینؑ ص ۳۱۰

۵)

اور جناب مسلم بن عقیلؑ جنھیں امام علیہ السلام نے اپنا نمائندہ بنا کر "کوفہ" کی طرف روانہ کیا تھا۔ اُن پر یہ بھی واضح کر دیا تھا کہ وہ شہادت کے لئے کمربستہ رہیں۔

چنانچہ مورخین نے امام علیہ السلام کے اُس خط کا بھی تذکرہ کیا ہے جو آپ نے جناب مسلمؑ کو بھیجتے وقت اُن کے نام لکھا تھا، جس میں امام علیہ السلام نے فرمایا تھا کہ:

اِنِّيۡ مُوَجِّهُكَ اِلٰى اَهۡلِ الۡكُوۡفَةِ وَ هٰذِهٖ كُتُبُهُمۡ اِلَيَّ، وَسَيَقۡضِي اللّٰهُ مِنۡ اَمۡرِكَ مَا يُحِبُّ وَيَرۡضٰى، وَاَنَا اَرۡجُوۡ اَنۡ اَكُوۡنَ اَنَا وَاَنۡتَ فِيۡ دَرَجَةِ الشُّهَدَاءِ...

(میں تمہیں کوفہ کے لوگوں کی طرف بھیج رہا ہوں۔

اُن لوگوں کی طرف سے جو خط موصول ہوتے ہیں (وہ سب میرے پاس موجود ہیں)

عنقریب خداوندِ عالم تمہارے معاملے میں وہ فیصلہ کرے گا جو اُس کی رضا اور خوشنودی کے مطابق ہوگا۔

اور مجھے امید ہے کہ: میں اور تم شہیدوں کے درجے میں ہونگے)

حوالہ کے لئے ملاحظہ فرمائیے:

الفتوح ۵: ۳۶، مقتل خوارزمی ۱: ۱۹۶

بحوالہ موسوعۃ کلمات الامام حسینؑ ص ۳۱۳

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنابِ یحییٰؑ سے تمثیل

مالکِ کارِ سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام نے کربلا کے سفر میں، متعدد مقامات پر جناب یحییٰ علیہ السلام کی شہادت کا ذکر فرمایا ہے جن کو ایک فاسق و فاجر بادشاہ کے حکم سے قتل کر کے، ان کا سر اس بادشاہ کے پاس پیش کیا گیا۔

چنانچہ جب سرزمینِ حجاز کی ایک معروف شخصیت نے امام عالی مقامؑ کو کربلا کے سفر سے باز رہنے کا اشارہ کیا، تو امام علیہ السلام نے فرمایا:

یَا اَبَا عَبْدِ الرَّحمانِ ــــ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ مِنْ هَوَانِ الدُّنْيَا عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى اَنَّ رَاْسَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا اُهْدِيَ اِلٰى بَغِيٍّ مِنْ بَغَايَا بَنِي اِسْرَائِيلَ۔

اَمَا تَعْلَمُ اِنَّ بَنِي اِسْرَائِيلَ كَانُوْا يَقْتُلُوْنَ مَا بَيْنَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ اِلٰى طُلُوْعِ الشَّمْسِ سَبْعِيْنَ نَبِيًّا، ثُمَّ يَجْلِسُوْنَ فِيْ اَسْوَاقِهِمْ يَبِيْعُوْنَ وَيَشْتَرُوْنَ كَاَنَّهُمْ لَمْ يَصْنَعُوْا شَيْئًا ــــ فَلَمْ يُعَجِّلِ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ بَلْ اَمْهَلَهُمْ وَاَخَذَهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ اَخْذَ عَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ۔

اِتَّقِ اللّٰهَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَلَا تَدَعْ نُصْرَتِيْ۔

اے ابو عبد الرحمان۔

"کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ خداوندِ عالم کے نزدیک یہ دنیا (کس قدر) پست ہے! کہ جناب زکریاؑ کے بیٹے (حضرت) یحییٰؑ (جیسے پیغمبر) کو شہید کرنے کے بعد) اُن کا سر بنی اسرائیل کی ایک فاحشہ عورت کو بطورِ تحفہ پیش کیا گیا۔!

(اور) کیا تم نہیں جانتے کہ: بنی اسرائیل (کی حالت یہ تھی کہ): صبحِ صادق سے طلوعِ آفتاب تک کے درمیانی وقفہ میں ستر انبیا کو قتل کرنے کے بعد اپنے بازار میں بیٹھ کر اسطرح (سکون و اطمینان سے) خرید و فروخت کرتے تھے، گویا انہوں نے کچھ کیا ہی نہیں ہے!!

پھر بھی خداوندِ عالم نے اُن پر (عذاب نازل کرنے میں) جلدی نہیں کی، بلکہ اُن کو مہلت دی، اور بعد میں پوری طاقت کے ساتھ، انتقام لینے (کے لئے) انھیں اپنی گرفت میں لے لیا۔

اے ابو عبد الرحمٰن ــــ خدا سے ڈرو اور میری مدد و نصرت سے ہاتھ نہ اٹھاؤ)

(موسوعۃ کلمات الامام الحسینؑ ص۳۲۵)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عراق روانگی کے وقت
آپؑ کا خطبہ

سرکارِ سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام، ۲۸ رجب ۶۰ھ کو مدینہ سے روانہ ہونے کے بعد، مشہور قول کے مطابق ۳ شعبان کو مکہ مکرمہ پہونچے تھے، جہاں آپؑ نے تقریباً چار ماہ کچھ دن قیام فرمایا۔

۸ ذی الحجہ کو مکہ مکرمہ سے عراق کی سرزمین کے لئے آپ نے سفر کا آغاز کیا اور یکم محرم ۶۱ھ کو کربلائے معلیٰ پہنچے۔

مورخین کا بیان ہے کہ مکہ مکرمہ چھوڑنے سے قبل آپ نے ایک مفصل خطبہ دیا اختصار کے پیش نظر اُس خطبے کے کچھ اقتباسات پیش کئے جاتے ہیں۔

راوی کا بیان ہے کہ جب آپؑ نے عراق کی طرف روانگی کا عزم کر لیا تو لوگوں کے درمیان کھڑے ہو کر (مجمع عام کو مخاطب کر کے) فرمایا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، مَاشَاءَ اللّٰهُ، وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّم)۔

خُطَّ الْمَوْتُ عَلٰى وُلْدِ آدَمَ مَخَطَّ الْقَلَادَةِ عَلٰى جِيْدِ الْفَتَاةِ۔ وَمَا اَوْلَهَنِيْ اِلٰى اَسْلَافِيْ اشْتِيَاقَ يَعْقُوْبَ اِلٰى يُوْسُفَ۔

وَخُيِّرَ لِيْ مَصْرَعٌ اَنَا لَاقِيْهِ...

لَا مَحِيْصَ عَنْ يَوْمٍ خُطَّ بِالْقَلَمِ۔

رِضَى اللّٰهِ رِضَانَا اَهْلَ الْبَيْتِ۔
نَصْبِرُ عَلٰى بَلَائِهٖ وَيُوَفِّيْنَا اَجْرَ الصَّابِرِيْنَ۔
لَنْ تَشُذَّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لُحْمَتُهٗ، وَهِيَ مَجْمُوْعَةٌ لَهٗ فِيْ حَظِيْرَةِ الْقُدْسِ، تَقَرُّ بِهِمْ عَيْنُهٗ، وَيُنْجَزُ بِهِمْ وَعْدُهٗ۔

مَنْ كَانَ بَاذِلًا فِيْنَا مُهْجَتَهٗ وَمُوَطِّنًا عَلٰى لِقَاءِ اللّٰهِ نَفْسَهٗ فَلْيَرْحَلْ مَعَنَا۔

فَاِنِّيْ رَاحِلٌ مُصْبِحًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

تمام تعریفیں خداوندِ عالم کے لئے ہیں۔

جو کچھ اللہ چاہے (اسی میں سب کے لئے بہتری ہے)۔ اور کوئی طاقت (حقیقی) نہیں سوائے اللہ کے!۔ اور درود و سلام ہو، اُس کے پیغمبر (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر

اولادِ آدمؑ (کی پیشانی پر) موت کا جھومر) اس طرح آویزاں کر دیا گیا ہے جیسے (کسی) دلہن کے گلے میں ہار آویزاں کر دیا جائے۔

جس قدر جناب یعقوبؑ کو حضرت یوسفؑ سے ملاقات) کا اشتیاق تھا، اُس سے زیادہ مجھے اپنے بزرگان سے ملاقات کا شوق ہے۔

میرے لئے آخری آرام گاہ منتخب کی جا چکی ہے، جہاں میں پہونچنے والا ہوں۔

اُس دن سے کوئی مفر نہیں جو قلمِ قدرت سے لکھا جا چکا ہے۔

اللہ کی خوشنودی میں ہی ہم اہلبیتؑ کی رضا ہے۔

ہم اُس کی آزمائشوں پر صبر کرتے ہیں اور وہ ہمیں صابرین کا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

پورا اجر عطا فرمانے والا ہے۔

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اُن لوگوں کو جُدا نہیں کیا جاسکتا جو اُن کے گوشت و پوست کی طرح ہیں اُن کے جگر کے یہ ٹکڑے جنت الفردوس کے حظیرۃ القدس میں اُن کے ساتھ لگتے ہونگے، جس سے اُن کی آنکھوں کو ٹھنڈک ملے گی، اور اُن کے وعدے کو پورا کرینگے۔

جو شخص ہماری راہ میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والا ہو، اور لقائے پروردگار کے لئے جس کا نفس آمادہ ہو، وہی ہمارے ساتھ چلے۔

کیونکہ میں، ان شاء اللہ تعالیٰ (کل) صبح کو روانہ ہونے والا ہوں

ملاحظہ فرمائیے:
مثیر الاحزان: صفحہ ۴۱، لہوف صفحہ ۲۶۔
کشف الغمہ جلد ۲ صفحہ ۲۹، بحار الانوار جلد ۴۴ صفحہ ۳۶۶۔
العوالم جلد ۱۷، صفحہ ۲۱۶، اعیان الشیعہ جلد ۱ صفحہ ۵۹۳
بحوالہ موسوعۃ کلمات الامام الحسین صفحہ ۳۰۰

جس وقت دنیا بھر کے کلمہ گو، حج بیت اللہ کیلئے مکۂ مکرمہ کی طرف آرہے تھے اس وقت سرکار سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام وا بعد اس اپنی، اپنے اعزہ واقارب، بھائیوں، بھتیجوں، بھانجوں، اولاد، عقیدتمندان، اور اعوان وانصار کی قربانی پیش کرنے کے لئے مکۂ مکرمہ سے کربلائے معلی کی طرف

روانہ ہورہے تھے۔

جب مدینہ منورہ میں یہ خبر پہونچی کہ امام حسین علیہ السلام مکۂ مکرمہ سے عراق کی طرف روانہ ہورہے ہیں تو آپ کے چاہنے والوں میں اضطراب کی لہر دوڑ گئی۔

جناب عبداللہ بن جعفرؓ نے آپ کے نام خط لکھ کر آپ سے درخواست کی کہ آپ عراق کی طرف روانگی کا ارادہ ملتوی کردیں ——— جس کے جواب میں امام علیہ السلام نے لکھا کہ:

أَمَّا بَعْدُ ——— فَإِنَّ كِتَابَكَ وَرَدَ عَلَيَّ فَقَرَأْتُهُ، وَفَهِمْتُ مَا ذَكَرْتَ.

وَأُعْلِمُكَ إِنِّي رَأَيْتُ جَدِّي رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِي مَنَامِي، فَخَبَّرَنِي بِأَمْرٍ وَأَنَا مَاضٍ لَهُ، لِي كَانَ أَوْ عَلَيَّ!!

وَاللهِ يَا ابْنَ عَمِّي! ——— لَوْ كُنْتُ فِي جُحْرِ هَامَّةٍ مِنْ هَوَامِّ الْأَرْضِ لَاسْتَخْرَجُونِي وَيَقْتُلُونِي.

وَاللهِ يَا ابْنَ عَمِّي ——— لَيَعْتَدُنَّ عَلَيَّ كَمَا اعْتَدَتِ الْيَهُودُ عَلَى السَّبْتِ ——— وَالسَّلَامُ. (م ۳۳۱)

(حمد وثنائے پروردگار کے) بعد !

تمہارا خط پہونچا جسے میں نے پڑھا۔

جن باتوں کا تم نے ذکر کیا ہے، میں انھیں سمجھتا ہوں۔

اور تمہیں مطلع کررہا ہوں کہ:

میں نے اپنے نانا حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو،

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

خواب میں دیکھا ہے۔ انھوں نے مجھے (جس چیز کا) حکم دیا ہے
اُسے میں پورا کر کے رہوں گا، چاہے میرے حق میں ہو یا میرے
خلاف۔

اے میرے چچا کے فرزند ـــــ خدا کی قسم:

اگر میں زمینی جانوروں میں سے کسی جانور کے بل میں جا کر رہوں تو
یہ لوگ وہاں سے مجھے نکالیں گے اور قتل کر دیں گے۔

خدا کی قسم ـــ اے ابنِ عم! جس طرح یہودیوں نے سبت کے
سلسلے میں خدا کے حکم کی نافرمانی کی، اسی طرح یہ (قوم جفاکار) میرے
ساتھ ظلم و زیادتی کریں گے)

اور ابنِ عساکر کی روایت ہے کہ:

جب حضرت امام حسین علیہ السلام تک عبداللہ بن جعفر کا خط پہنچا تو آپؑ
نے، جواب میں اُن کے نام تحریر فرمایا کہ:

اِنِّیْ رَأَیْتُ رُؤْیَا، وَرَأَیْتُ فِیْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
وَآلِهٖ وَسَلَّمَ، وَاَمَرَنِیْ بِاَمْرٍ اَنَا مَاضٍ لَهٗ وَلَسْتُ بِمُخْبِرٍ
بِهَا اَحَدًا حَتّٰی اُلَاقِیَ عَمَلِیْ۔

(میں نے ایک خواب دیکھا ہے۔

جس میں (اپنے نانا) حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو
دیکھا ہے۔

انھوں نے مجھے ایک حکم دیا ہے۔

میں اُس حکم کو (ہر صورت میں) انجام دوں گا۔

اور جب تک (میدان) عمل میں اُتر نہ جاؤں، کسی کو اُس کے بارے

نہیں بتاؤں گا۔)

ملاحظہ فرمائیے:

تاریخ ابنِ عساکر (حالات امام حسینؑ) صفحہ ۲۰۲
البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۶۳ بحوالہ الموسوعۃ کلمات الامام الحسینؑ)

○ مذکورہ بالا بیانات سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ سرکارِ ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے نواسے حضرت امام حسینؑ کو جو حکم دیا تھا، اس کی تکمیل کے لیے آپؑ کربلا تشریف لے گئے تھے۔

○ اور یہ بات تو ہر مسلمان جانتا ہے کہ حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وحی کے بغیر کوئی حکم نہیں دیتے تھے، جیسا کہ قرآن مجید میں خالقِ دوجہاں کا فرمان ہے کہ:

وما ینطق عن الھویٰ ان ھو الا وحی یوحیٰ

(وہ اپنی خواہشِ نفس سے کلام نہیں کرتے، وہ تو بس وحی ہے جو انکی طرف بھیجی جاتی ہے)

○ اور اُمتِ مسلمہ کے نزدیک یہ بات بھی ثابت ہے کہ:

اگر کوئی شخص حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھے تو اس نے درحقیقت رسولِ خداؐ ہی کو دیکھا ہے کسی اور کو نہیں کیونکہ حضورِ اکرمؐ نے خود ہی فرمایا ہے کہ: جو شخص مجھے خواب میں دیکھے، اس نے مجھے ہی دیکھا ہے، (کوئی اور)... میری صورت میں نہیں آسکتا۔ (نقل بالمعنی)

69

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

منزلِ شراف — دشمن کے لشکر سے ملاقات

مورخین کا بیان ہے کہ حضرت امام حسینؑ علیہ السلام جب مکۂ مکرمہ سے عراق کیلئے روانہ ہوئے، تو متعدد منزلوں پر قیام کرتے ہوئے ماہِ محرم الحرام کے آغاز میں "کربلا" کی سرزمین پر وارد ہوئے۔ راستے میں جن منزلوں پر آپ نے قیام فرمایا، اُن میں سے چند منازل کا مورخین نے خاص طور سے ذکر کیا ہے:

○ — "تنعیم" — جہاں آپ کی بحیر بن ریسان الحمیری کے ایک قافلے کے لوگوں سے ملاقات ہوئی۔

اور اسی جگہ سے آپ نے کچھ نئی سواریاں کرائے پر لیں۔

○ — "صِفاح" — یہ جگہ "حنین" کے قریب ہے، اسی جگہ آپ کی ملاقات معروف شاعر "فرزدق" سے ہوئی جنھوں نے امامؑ کے سامنے زمانہ کی صورتِ حال بیان کرتے ہوئے کہا کہ:

قُلُوْبُ النَّاسِ مَعَكَ وَاَسْيَافُهُمْ عَلَيْكَ۔

(لوگوں کے دل تو آپ کے ساتھ ہیں، مگر ان کی تلواریں آپ کے خلاف ہیں)

اور امام علیہ السلام نے اُن کے جواب میں فرمایا کہ:

صَدَقْتَ — لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ...

(تم نے سچ کہا — (بہرحال) پہلے بھی خدا ہی کا حکم تھا، اور بعد میں بھی۔

○ — "منزل ذات عرق" — یہ وہ جگہ ہے جو نجد اور تہامہ کی درمیانی حد ہے — اور عراق سے جو لوگ حج یا عمرہ کے لئے مکۂ مکرمہ کی طرف جاتے ہیں اُن کا یہی میقات ہے (جہاں سے اُن پر احرام کی پابندیاں عائد ہوتی ہیں)

جب امام علیہ السلام اس جگہ پہنچے تو بنی اسد کے "بشر بن غالب" نامی شخص سے آپ کی ملاقات ہوئی جس نے قرآن مجید کی اس آیت کی تشریح دریافت کی کہ:

يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍ بِاِمَامِهِمْ

(ہم اُس (قیامت کے) دن تمام لوگوں کو اُن کے امام اور پیشوا کے ساتھ بلائیں گے)

(سورہ مبارکہ بنی اسرائیل آیت ۷۱)

جس کے جواب میں امام علیہ السلام نے وضاحت فرمائی کہ: پیشوا اور رہنما دو قسم کے ہوتے ہیں ایک: ہدایت کے راستے پر چلانے والے، اور دوسرے: ضلالت کی طرف لے جانے والے، چنانچہ امامؑ نے فرمایا:

نَعَمْ يَا اَخَا بَنِي اَسَدٍ — هُمَا اِمَامَانِ:

اِمَامُ هُدًى دَعَا اِلَى هُدًى — وَاِمَامُ ضَلَالَةٍ دَعَا اِلَى ضَلَالَةٍ۔ فَهَدٰى مَنْ اَجَابَهُ اِلَى الْجَنَّةِ وَمَنْ اَجَابَهُ اِلَى الضَّلَالَةِ دَخَلَ النَّارَ۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(اے بنی اسد کے برادر —— پیشوا دو قسم کے ہوتے ہیں:

۱۔ پیشوائے ہدایت —— جو سیدھے راستے کی طرف دعوت دیتا ہے۔

۲۔ پیشوائے ضلالت —— جو گمراہی کی طرف بلاتا ہے۔

(اب جو شخص پیشوائے ہدایت کی بات پر) لبیک کہے گا، وہ اُسے جنّت کی طرف رہنمائی کریں گے، اور جو گمراہی کی باتوں پر لبیک کہے گا وہ واصلِ جہنّم ہوگا۔)

لیکن جناب شیخ صدوقؒ نے اس جگہ امامؑ کا یہ جواب نقل کیا ہے:

اِمَامٌ دَعَیٰ اِلَیٰ هُدًی فَاَجَابُوْہُ اِلَیْہِ، وَاِمَامٌ دَعَیٰ اِلَیٰ ضَلَالَۃٍ فَاَجَابُوْہُ اِلَیْھَا۔

هٰؤُلَاءِ فِی الْجَنَّۃِ، وَهٰؤُلَاءِ فِی النَّارِ۔

وَهُوَ قَوْلُہٗ عَزَّوَجَلَّ:

فَرِیْقٌ فِی الْجَنَّۃِ وَفَرِیْقٌ فِی السَّعِیْرِ۔

(ایک پیشوا وہ ہے جس نے ہدایت کی طرف دعوت دی، اور لوگوں نے لبیک کہی، اور دوسرا وہ جس نے گمراہی کی طرف بلایا اور (کچھ لوگوں نے) اُس کی بات قبول کی۔

اُن میں سے پہلا گروہ جنّت میں —— اور دوسرا جہنّم میں جائے گا۔ جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے:

"ایک گروہ جنّت میں اور ایک گروہ (دوزخ میں) (جائے گا۔)

(سورہ مبارکہ شوریٰ، آیت ۷)

○ —"منزلِ ذاتِ عرق" کے بعد، امام حسین علیہ السلام اور آپ کے ساتھیوں

کا قافلہ "حاجز" نامی جگہ پہنچا۔

اس جگہ پہنچنے کے بعد امامؑ نے اپنے ایک وفادار صحابی "قیس بن مسہر الصیداوی" کو اہلِ کوفہ کی طرف بھیجا، مگر جب وہ قادسیہ پہنچے تو دشمن کی فوج نے اُن کو گرفتار کر کے ابنِ زیادؔ کے پاس بھیج دیا۔ جس نے قیس بن مسہر کو شہید کر دیا۔

○ — جب امام علیہ السلام "حاجز" سے آگے بڑھے تو ایک چشمے کے قریب قیام فرمایا، جہاں "عبداللہ بن مطیع العدوی" آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کرنے لگے:

• اے فرزندِ رسولؐ، ہماری جان آپ پر قربان —— آپ یہاں کیسے تشریف لائے؟ زمانہ پرآشوب ہے اور مجھے آپ کے شہید ہونے کا اندیشہ ہے۔

○ — اس چشمے سے آگے بڑھے تو آپؑ "توز" نامی جگہ پہنچے، جس کے بارے میں مورخین نے لکھا ہے کہ: یہ بھی حجاج کرام کی ایک منزل ہے۔

○ — "توز" سے آگے بڑھے تو "فید" پہنچے، جس کے بارے میں اربابِ تاریخ کا بیان ہے کہ یہ بنی اسد کا مشہور و معروف پہاڑ ہے۔

○ — "فید" سے آگے بڑھے تو "۳۶" میل چلنے کے بعد جو جگہ آئی اُس کا نام مورخین نے "اجفر" لکھا ہے، جو فید اور خزیمیہ کے درمیان ہے۔

○ — "اجفر" سے روانہ ہونے کے بعد آپ "خزیمیہ" پہنچے اور وہاں ایک دن و رات قیام فرمایا۔

• "خزیمیہ" میں جب صبح نمودار ہوئی تو آپؑ کی بہن نے بتایا کہ میں نے رات کو ہاتفِ غیبی کی ندا سُنی ہے جو قافلے والوں کے قتل کئے جانے کی خبر دے رہا تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ سن کر امام علیہ السلام نے فرمایا:

"یَا اُخْتَاهُ ـــــ اَلْمُقْضِیُ هُوَ کَائِنٌ"

(اے بہن! جس بات کا فیصلہ ہو چکا ہے وہ ہو کر رہیگی)

(مقتلِ خوارزمی، بحار الانوار وغیرہ)

"خزیمیہ" سے روانہ ہونے کے بعد آپؑ "ثعلبیہ" پہونچے، جہاں بنی اسد کے کچھ لوگوں نے امام علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر جناب مسلم بن عقیلؑ اور جناب ہانی ابن عروہ کی شہادت کی خبر سنائی، جس قافلے والوں کے دل رنج و غم سے بھر گئے۔

"ثعلبیہ" سے روانگی کے بعد "واصل" - "لبطان" - اور "شقوق" نامی جگہوں سے گذرتے ہوئے آپ کا قافلہ "زبالہ" نامی جگہ پہنچا۔

اسی جگہ آپؑ کو اپنے رضاعی بھائی "عبداللہ بن یقطر" کے شہید کئے جانے کی خبر ملی، جس کے بعد آپؑ نے ساتھیوں کے مجمع عام میں اعلان فرمایا:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَمَّا بَعْدُ ـــــ فَقَدْ اَتَانَا خَبَرٌ فَظِیْعٌ ـــــ قُتِلَ مُسْلِمُ بْنُ عَقِیْلٍ وَهَانِی بْنُ عُرْوَه، وَعَبْدُ اللّٰہِ بْنُ یَقْطُرٍ ـــــ وَقَدْ خَذَلَتْنَا شِیْعَتُنَا، فَمَنْ اَحَبَّ مِنْکُمُ الْاِنْصِرَافَ فَلْیَنْصَرِفْ، لَیْسَ عَلَیْهِ مِنَّا ذِمَامٌ

شروع اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

(آگاہ ہو جاؤ) کہ ہمارے پاس دردناک خبریں موصول ہوئی ہیں۔ مسلم بن عقیلؑ ـــــ ہانی بن عروہ ـــــ اور عبداللہ بن یقطر

(جیسے نامی گرامی اشخاص) شہید کئے جا چکے ہیں۔ ہمارے چاہنے والوں نے ہماری مدد سے ہاتھ روک لیا ہے۔ اب تم لوگوں میں سے جو بھی واپس جانا چاہے، واپس چلا جائے، ہماری طرف سے اُس پر کوئی الزام (عائد) نہیں کیا جائے گا۔)

(تاریخ طبری، ارشاد شیخ مفید وغیرہ)

اور قندوزی کی عبارت ہے کہ امام علیہ السلام نے فرمایا:

اَیُّهَا النَّاسُ ـــــ فَمَنْ کَانَ مِنْکُمْ یَصْبِرُ عَلٰی حِدَّةِ السَّیْفِ وَطَعْنِ الْاَسِنَّةِ فَلْیُقِمْ مَعَنَا، وَاِلَّا فَلْیَنْصَرِفْ عَنَّا۔

(اے لوگو!-

تم میں سے جو شخص تلواروں کی باڑھ، اور نیزوں کا چبھو یا جانا برداشت کر سکے، وہ تو ہمارے ساتھ رہے، ورنہ ہم سے جدا ہو جائے)

(ینابیع المودۃ)

○ - "ثعلبیہ" سے روانگی کے بعد "صفاح" اور "قاع" نامی جگہوں سے گذرتے ہوئے "العقبہ" پہونچے، جہاں بنی عکرمہ کے بزرگ "عمرو بن لوزان" نے امام علیہ السلام کی خدمت میں حاضری دی اور حالات کے پیشِ نظر اپنی پریشانی کا اظہار کیا۔

○ - "عقبہ" سے روانہ ہونے کے بعد "واقصہ" - "قرعا" - اور "مغیثہ" نامی جگہوں سے گذرتے ہوئے آپؑ منزل "شراف" پر پہونچے اور وہاں قیام فرمایا۔

جب صبح نمودار ہوئی تو آپؑ نے قافلے کے جوانوں سے فرمایا کہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

زیادہ سے زیادہ پانی بھر لو، پھر یہاں سے چل پڑو۔

چنانچہ سب پانی بھرنے میں مصروف ہو گئے، یہاں تک کہ نصف النہار کا وقت قریب آ گیا۔

اسی اثناء میں ایک شخص نے "تکبیر" بلند کی۔

امام علیہ السلام نے فرمایا کہ: بیشک خدا بزرگ و برتر ہے، لیکن اس وقت تم نے یہ فقرہ کس وجہ سے کہا ؟

اُس نے جواب دیا کہ: مجھے کھجوروں کے درخت دکھائی دیتے ہیں!

لیکن قافلے میں بنی اسد کے عبداللہ بن سلیم اور مذری بن مشمل جیسے واقفِ حال افراد موجود تھے انہوں نے کہا کہ، ہم نے تو اس علاقے میں کبھی کھجور کے درخت نہیں دیکھے۔

امامؑ نے اُن سے پوچھا کہ: تمھیں کیا نظر آ رہا ہے۔؟

اُن لوگوں نے جواب دیا کہ: "ہمیں گھوڑوں کے لشکر اور اُن کے سر نظر آ رہے ہیں۔

یہ سُن کر امام علیہ السلام نے فرمایا:۔ (بیشک ایسا ہی ہے) میں بھی یہی دیکھ رہا ہوں۔

○۔۔ اس کے بعد قافلہ "ذی حسم" نامی جگہ کی طرف بڑھا... اس وقت تک مقابلے پر آنے والے لشکر کی صورتحال واضح ہو چکی تھی، ایک ہزار گھوڑوں پر سوار یزیدی لشکر، حُر کی قیادت میں امامؑ کے سامنے کھڑا تھا۔

جب لشکر نزدیک آیا، اور امام علیہ السلام نے اُس پر پیاس کی شدت دیکھی تو ساتھیوں سے فرمایا:

اِسْقُوا الْقَوْمَ وَارْوُوْهُمْ مِنَ الْمَاءِ وَرَشِّفُوا الْخَيْلَ تَرْشِيْفًا

(ان لوگوں کو پانی پلاؤ، اچھی طرح سیراب کرو، اور ان کے گھوڑوں کو بھی سیراب کرنے کے بعد) اُن پر خوب پانی چھڑکو۔

چنانچہ سب لوگوں کو خوب سیراب کیا گیا، اور اُن کے گھوڑوں کو پانی پلایا بھی گیا، اور اُن پر چھڑکا بھی گیا۔

امام اپنے ساتھیوں کے درمیان تھے، اور حُر اپنے لشکر کے درمیان!

امام علیہ السلام نے لشکر والوں سے پوچھا کہ: تم لوگ کون ہو؟

اُن لوگوں نے کہا کہ: عبیداللہ ابنِ زیاد کی طرف سے آئے ہیں۔

امامؑ نے پوچھا: "تمہارا قائد کون ہے؟

ان لوگوں نے کہا: حُر بن یزید ریاحی۔

امام علیہ السلام نے حُر کو مخاطب کر کے دریافت کیا کہ:

ہمارے حامی ہو یا مخالف۔؟

اُس نے کہا: آپ کے خلاف۔

یہ فقرہ سُن کر امامؑ نے فرمایا: "لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ"

جب ظہر کی نماز کا وقت آیا تو امام علیہ السلام نے حجاج بن مسروق کو اذان دینے... کا حکم دیا، جب وہ اذان سے فارغ ہوئے، تو امام علیہ السلام نے حُر سے دریافت کیا کہ:

تم لوگ ہمارے ساتھ نماز پڑھو گے یا الگ الگ؟

حُر نے کہا کہ: آپ نماز قائم کریں، ہم لوگ آپ کی اقتداء میں نماز

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پڑھیں گے۔

(مقتلِ خوارزمی)

٭

منقول ہے کہ:

جب لوگ نماز کے لئے کھڑے ہوئے تو امام علیہ السلام نے لوگوں کو مخاطب کر کے ایک خطبہ دیا۔ جس میں حمد و ثنائے پروردگار کے بعد آپؑ نے فرمایا۔

اِنَّہٗ قَدْ نَزَلَ مِنَ الْاَمْرِ مَاقَدْ تَرَوْنَ، وَاَنَّ الدُّنْیَا قَدْ تَغَیَّرَتْ وَتَنَکَّرَتْ، وَاَدْبَرَ مَعْرُوْفُھَا، وَاسْتَمَرَّتْ جِدًّا وَلَمْ یَبْقَ مِنْھَا، اِلَّا صُبَابَۃٌ کَصُبَابَۃِ الْاِنَاءِ، وَخَسِیْسُ عَیْشٍ کَالْمَرْعَی الْوَبِیْلِ۔

اَلَا تَرَوْنَ اِلَی الْحَقِّ لَا یُعْمَلُ بِہٖ، وَاِلَی الْبَاطِلِ لَا یُتَنَاھٰی عَنْہُ۔

لِیَرْغَبَ الْمُؤْمِنُ فِیْ لِقَاءِ رَبِّہٖ حَقًّا حَقًّا۔

فَاِنِّیْ لَا اَرَی الْمَوْتَ اِلَّا سَعَادَۃً وَالْحَیَاۃَ مَعَ الظَّالِمِیْنَ اِلَّا بَرَمًا۔

(لوگو — جو معاملہ درپیش ہے، وہ تم دیکھ ہی رہے ہو۔

دُنیا کے حالات بدل چکے ہیں، ناپسندیدہ شکل سامنے آچکی ہے۔

اس کی اچھائیاں پسِ پُشت (ڈالی) جاچکی ہیں۔

(یہی) رفتار جاری ہے، اب کچھ باقی نہیں رہا، سوائے

ایک معمولی مقدار کے، جیسے (کسی) برتن میں تلچھٹ باقی رہ جائے، اور پست زندگانی، جیسے بدمزہ چارہ۔

کیا تم لوگ دیکھ نہیں رہے ہو (کہ) حق پر عمل نہیں کیا جارہا ہے اور باطل سے اجتناب نہیں برتا جارہا ہے!!

(ایسی صورت میں) بندۂ مومن (موت اور) لقائے پروردگار کی تمنا (کرنے میں) حق پر ہے۔

میں موت کو محض سعادت اور ظالموں کے ساتھ رہنے کو ناپسندیدہ (اور بُرا عمل) سمجھتا ہوں۔

علامہ مجلسیؒ کا بیان ہے کہ امام علیہ السلام نے اس موقع پر یہ بھی فرمایا کہ:

اِنَّ النَّاسَ عَبِیْدُ الدُّنْیَا، وَالدِّیْنُ لَعِقٌ عَلٰی اَلْسِنَتِھِمْ، یَحُوْطُوْنَہٗ مَادَرَّتْ مَعَایِشُھُمْ، فَاِذَا مُحِّصُوْا بِالْبَلَاءِ قَلَّ الدَّیَّانُوْنَ۔

(۳۵۵، ۳۵۶)

لوگ دنیا کے بندے ہیں۔

دین تو اُن کی زبان پر... ہے۔

جب تک کاروبار چلتا رہے، اُس وقت تک اُس کے گرد رہتے ہیں۔

لیکن جب انھیں امتحان میں نِتھارا جائے، تو بہت کم دیندار (باقی رہتے) ہیں۔

٭

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس کے بعد امام علیہ السلام نے ساتھیوں کو وہاں سے کوچ کرنے کا حکم دیا، اور حُر کے لشکر نے امامؑ کا راستہ روکنا چاہا۔ تو آپ نے فرمایا۔

اَفَبِالْمَوْتِ تُخَوِّفُنِیْ، وَهَلْ یَعْدُ وَابِکُمُ الْخَطْبُ اَنْ تَقْتُلُوْنِیْ وَسَاَقُوْلُ کَمَا قَالَ اَخُو الْاَوْسِ لِابْنِ عَمِّہٖ۔

(کیا تم مجھے موت سے ڈراتے ہو؟ —— اور کیا تمہارا خیال ہے کہ تم لوگ مجھے قتل کر دو گے؟

میں (اس موقع پر تم لوگوں سے ایک) بات کہتا ہوں جیسا کہ اوس کے بھائیؑ نے اپنے چچا زاد سے کہی تھی)

اس کے بعد آپ نے کچھ اشعار پڑھے (جن کا مفہوم یہ تھا کہ مردِ مجاہد کو قتل اور موت سے نہیں ڈرایا جا سکتا۔)

اور منقول ہے کہ، اس کے بعد آپؑ نے یہ بھی فرمایا کہ:

لَیْسَ شَانِیْ شَانَ مَنْ یَخَافُ الْمَوْتَ، مَا اَهْوَنَ الْمَوْتَ عَلٰی سَبِیْلِ نَیْلِ الْعِزِّ وَاِحْیَاءِ الْحَقِّ لَیْسَ الْمَوْتُ فِیْ سَبِیْلِ الْعِزِّ، اِلَّا حَیَاةٌ خَالِدَةٌ، وَلَیْسَتِ الْحَیَاةُ مَعَ الذُّلِّ اِلَّا الْمَوْتُ الَّذِیْ لَا حَیَاةَ مَعَہٗ،

اَفَبِالْمَوْتِ تُخَوِّفُنِیْ؟

هَیْهَاتَ —— طَاشَ سَهْمُكَ وَخَابَ ظَنُّكَ، لَسْتُ اَخَافُ الْمَوْتَ۔

اِنَّ نَفْسِیْ لَاَکْبَرُ، وَهِمَّتِیْ لَاَعْلٰی مِنْ اَنْ اَحْمِلَ الضَّیْمَ خَوْفًا مِنَ الْمَوْتِ۔

وَهَلْ تَقْدِرُوْنَ عَلٰی اَکْثَرِ مِنْ قَتْلِیْ؟

مَرْحَبًا بِالْقَتْلِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ —— وَلٰکِنَّکُمْ لَا تَقْدِرُوْنَ عَلٰی هَدْمِ مَجْدِیْ، وَمَحْوِ عِزِّیْ، وَشَرَفِیْ —— فَاِذًا لَا اُبَالِیْ بِالْقَتْلِ۔

(میں اُن لوگوں جیسا نہیں ہوں، جو موت سے ڈرتے ہیں۔ عزت (وکرامت) اور حق کی زندگی کی راہ میں موت تو بہت آسان (بات) ہے۔

(بلکہ حق اور) عزت کی راہ میں موت تو بس حیاتِ جاوید ہے (جبکہ) ذلت کی زندگی (درحقیقت) ایک ایسی موت ہے جس کے ساتھ کوئی زندگی نہیں۔ کیا تم لوگ مجھے موت سے ڈراتے ہو؟

افسوس! —— تمہارا خیال مہمل، اور تمہارا گمان بے محل ہے۔

میں موت سے ڈرنے والا نہیں ہوں۔

(یاد رکھو، موت کی طرف) میرا نفس پیش قدمی کرنے والا ہے۔ اور میری جرأت، (یہ کبھی برداشت) نہیں کر سکتی کہ، موت کے خوف سے ناانصافی برداشت کرنے لگوں۔

کیا تم لوگوں کے اختیار میں اس سے کچھ زیادہ ہے کہ مجھے قتل کر دو؟

اور خدا کی راہ میں قتل (کئے جانے) کو تو خوش آمدید کہتا ہوں۔ لیکن تم لوگ، نہ میری کرامت کو ختم کر سکتے ہو، نہ میری عزت کو مٹا سکتے ہو، نہ میرے شرف کو (کم کر سکتے ہو)

اور (جب یہ شہادت، خدا کی راہ میں، اور اُس کے دین کی سربلندی کے لئے ہے)، تو مجھے قتل کئے جانے کی کیا پرواہ ہے؟"

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

٥

○ اُس کے بعد جب منزلِ شراف سے آگے بڑھے اور "بیضہ" نامی جگہ پہنچے تو حضرت امام حسین علیہ السلام نے اپنے اصحاب اور حُر کے ساتھیوں کو مخاطب کیا، اور حمد و ثنائے پروردگار کے بعد فرمایا:

أَيُّهَا النَّاسُ ــــ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

قَالَ:

مَنْ رَأَى سُلْطَانًا جَائِرًا مُسْتَحِلًّا لِحُرَامِ اللّٰهِ نَاكِثًا لِعَهْدِ اللّٰهِ مُخَالِفًا لِسُنَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ، يَعْمَلُ فِي عِبَادِ اللّٰهِ بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ فَلَمْ يُغَيِّرْ عَلَيْهِ بِفِعْلٍ وَلَا قَوْلٍ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُدْخِلَهُ مُدْخَلَهُ

أَلَا وَإِنَّ هٰؤُلَاءِ قَدْ لَزِمُوا طَاعَةَ الشَّيْطَانِ وَتَرَكُوا طَاعَةَ الرَّحْمٰنِ وَأَظْهَرُوا الْفَسَادَ وَعَطَّلُوا الْحُدُودَ، وَاسْتَأْثَرُوا بِالْفَيْءِ، وَأَحَلُّوا حَرَامَ اللّٰهِ وَحَرَّمُوا حَلَالَ اللّٰهِ۔

وَأَنَا أَحَقُّ مَنْ غَيَّرَ

(اے لوگو ـــ (حضرت) رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ:

"جو شخص کسی ایسے جابر بادشاہ کو دیکھے، جو حرامِ خدا کو حلال کرنے والا، خداوندِ عالم کے عہد کو توڑنے والا، سنّتِ رسولِ خدا کی مخالفت کرنے والا ہو، بندوں کے درمیان گناہ اور سرکشی پر عمل کر رہا ہو۔

اور پھر بھی قول و عمل کے ذریعے سے اُس پر احتجاج نہ کرے اور اسکے ظالمانہ اقدامات کو نہ بدلے تو اللہ کو یہ حق ہے کہ اُسے اُسی کے ساتھ۔ (محشور کرے)۔

آگاہ ہو جاؤ ـــ کہ ان لوگوں نے شیطان کی اطاعت کو اپنا لیا ہے، اور (خدائے) رحمان کی اطاعت ترک کر دی ہے۔

ہر طرف فساد پھیلا رہے ہیں۔

حدودِ (الٰہی) کو معطل کر رکھا ہے۔

(اہلبیتؑ کے حق)... پر (ظالمانہ) قبضہ کر لیا ہے۔

خدا کی حرام کردہ (چیزوں) کو حلال ـــ اور اسکی حلال کردہ (چیزوں) کو، ان لوگوں نے، حرام کر رکھا ہے۔

(ایسی صورت میں خدا و رسولؐ کی طرف سے ہر صاحبِ ایمان پر فرض ہے کہ اس صورتِ حال کو بدلنے کی کوشش کرے)

(اور جو لوگ اس کو بدلنے کی کوشش کر سکتے ہیں) اُن میں سب سے زیادہ حقدار میں ہوں۔)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"کربلا" میں امام عالی مقام کی آمد

منزلِ شراف کے بعد حضرت امام حسین علیہ السلام "البیضہ" "عذیب الحجانات" "رہیمہ" "واصل" اور "قصرِ مقاتل" سے گذرتے ہوئے ـــــ مشہور روایت کے مطابق ۲ محرم سنہ ۶۱ھ کو کربلا کی سرزمین پر پہونچے[1]

اور اپنے اصحاب کو مخاطب کرکے فرمایا:

اَلنَّاسُ عَبِیْدُ الدُّنْیَا، وَالدِّیْنُ لَعِقٌ عَلٰی اَلْسِنَتِهِمْ، یَحُوْطُوْنَهٗ مَادَرَّتْ مَعَایِشُهُمْ، فَاِذَا مُحِّصُوْا بِالْبَلَاءِ قَلَّ الدَّیَّانُوْنَ۔

(لوگ دنیا کے بندے ہیں، دین تو بس اُن کی زبانوں پر ہوتا ہے، جب تک کاروبار چلتا رہے، اس کے گرد رہتے ہیں۔ لیکن جب آزمائش میں ڈالا جائے، تو دیندار کم ہی نظر آتے ہیں)

[1] تاریخ طبری ۳ : ۳۰۹ ـــــ ارشاد شیخ مفیدؒ : ۲۲۶۔ مناقب ابن شہر آشوب ۴ : ۹۶۔ الکامل فی التاریخ ۲ : ۵۵۵۔ بحار الانوار ۴۴ : ۳۸۰۔ عوالم ۱۷ : ۲۳۰۔ اخبار الطوال ص ۲۵۲ ـ وغیرہ۔
بحوالہ: موسوعة کلمات الامام الحسینؑ ص ۳۴۳، ۳۴۴۔

پھر آپؑ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا۔
"یہ کربلا ہے؟"
لوگوں نے کہا: ہاں ـ اے فرزندِ رسول۔
یہ سن کر امامؑ نے فرمایا:

هٰذَا مَوْضِعُ کَرْبٍ وَبَلَاءٍ، هٰهُنَا مُنَاخُ رِکَابِنَا، وَمَحَطُّ رِحَالِنَا، وَمَقْتَلُ رِجَالِنَا، وَمَسْفَكُ دِمَائِنَا۔

(یہ کرب اور بلا کی جگہ ہے۔ یہیں ہماری سواریوں کے ٹھہرنے، اسباب کے اترنے، ہمارے لوگوں کے قتل کئے جانے، اور ہمارے خون بہائے جانے کی جگہ ہے)

ایک اور روایت میں ہے کہ:
جب لوگوں نے امام حسین علیہ السلام سے کہا کہ اس سرزمین کو "کربلا" کہتے ہیں ـ تو امام علیہ السلام نے فرمایا:

ذَاتُ کَرْبٍ وَبَلَاءٍ، وَلَقَدْ مَرَّ اَبِیْ بِهٰذَا الْمَکَانِ عِنْدَ مَسِیْرِهٖ اِلٰی صِفِّیْنَ، وَاَنَا مَعَهٗ، فَوَقَفَ، فَسَاَلَ عَنْهُ، فَاُخْبِرَ بِاسْمِهٖ۔

فَقَالَ: هٰهُنَا مَحَطُّ رِکَابِهِمْ وَهٰهُنَا مُهْرَاقُ دِمَائِهِمْ۔

فَسُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ

فَقَالَ: ثِقْلٌ لِآلِ بَیْتِ مُحَمَّدٍ، یَنْزِلُوْنَ هٰهُنَا۔
وَقَبَضَ قَبْضَةً مِنْهَا فَشَمَّهَا، وَقَالَ:

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

هٰذِهٖ وَاللّٰهِ الْاَرْضُ الَّتِیْ اَخْبَرَبِهَا جِبْرَائِیْلُ رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّنِیْ اُقْتَلُ فِیْهَا، اَخْبَرَتْنِیْ اُمُّ سَلَمَه۔

قَالَتْ: کَانَ جِبْرَئِیْلُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِؐ وَاَنْتَ مَعِیْ فَبَکَیْتَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِؐ: دَعِیْ اِبْنِیْ، فَتَرَکْتُکَ فَاَخَذَکَ وَوَضَعَکَ فِیْ حِجْرِهٖ ـــ فَقَالَ جِبْرَئِیْلُ: اَتُحِبُّهٗ؟ ـــ قَالَؐ: نَعَمْ، قَالَ: فَاِنَّ اُمَّتَکَ سَتَقْتُلُهٗ، وَاِنْ شِئْتَ اَرَیْتُکَ تُرْبَةَ اَرْضِهِ الَّتِیْ یُقْتَلُ فِیْهَا۔

قَالَؐ: نَعَمْ۔

فَبَسَطَ جِبْرَئِیْلُ جَنَاحَهٗ عَلٰی اَرْضِ کَرْبَلَا فَاَرَاهُ اِیَّاهَا۔

(ایسی جگہ جہاں کرب بھی ہے، آزمائش وبلا بھی۔

میرے والد (جناب امیرؑ) "صفین" کی طرف تشریف لے جا رہے تھے تو میں اُن کے ساتھ تھا، جب اس جگہ سے گذرے تو ٹھہر گئے اس جگہ کے بارے میں لوگوں سے دریافت کیا، جب آپؑ کو اس کا نام بتایا گیا، تو فرمایا:

"اسی مقام پر ان لوگوں کی سواریاں ٹھہریں گی، اور اسی جگہ ان لوگوں کا خون بہایا جائے گا۔"

کسی نے دریافت کیا کہ (یہ کن لوگوں کا تذکرہ ہے)؟

تو فرمایا کہ: اہلبیتِ پیغمبرؐ (کا کارواں) اسی جگہ اُترے گا۔"

(اس واقعہ کو نقل کرنے کے بعد امام حسین علیہ السلام نے) اس جگہ سے ایک مٹھی (خاک) اُٹھا کر سونگھی، اور فرمایا:

"خدا کی قسم! ـــ یہی وہ سرزمین ہے جس کے بارے میں

http://fb.com/ranajabirabbas

جبرئیلؑ (امین) نے حضرت (رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو بتایا تھا کہ: میں یہاں قتل کیا جاؤں گا، جس کی اطلاع مجھے (جنابِ اُمّ سلمہؓ نے دی تھی، جنھوں نے کہا تھا کہ:

"(اے حسینؑ) تم میرے پاس تھے، اور جبرئیلؑ امین پیغمبرِ اکرمؐ کی خدمت میں تھے، تم (کسی بات پر) رو دیے تو پیغمبر اکرمؐ نے تمہیں اٹھا کر اپنی آغوش میں بٹھا لیا۔

یہ دیکھ کر جبرئیلؑ امین نے پوچھا: "اے خدا کے رسولؐ آپؐ کو ان سے محبت ہے۔؟

فرمایا: ہاں۔

یہ سن کر جبرئیلؑ نے کہا کہ: آپ کی امت کے لوگ تو انہیں قتل کریں گے۔ اگر آپ چاہیں تو میں آپ کو اُس زمین کی مٹی دکھا دوں جہاں یہ قتل کئے جائیں گے۔

حضورؐ نے فرمایا:۔ ہاں (دکھا دو)

تو جبرئیلؑ امین نے اپنے پروں کو پھیلا کر۔ کربلا کی مٹی کی نشاندہی کی (اور آنحضرتؐ) نے اُسے ملاحظہ فرمایا)۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

حبیب ابنِ مظاہر کے نام آپؑ کا گرامی نامہ

کوفہ کے لوگوں کی غداری و بے وفائی، اور سفیرِ حسینؑ حضرت مسلمؑ بن عقیلؑ کی شہادت کی جب خبر پہنچی تو امام علیہ السلام نے اپنے لشکر کے "۱۲" علم تیار کرائے، جن میں سے گیارہ علم ایک ایک بہادر کے سپرد کیا (اور اُسے لشکر کے ایک چھوٹے حصے کا پرچم بردار بنایا) — البتہ ایک علم باقی رکھا۔

کسی شخص نے عرض کی، مولاؑ! یہ علم مجھے مرحمت فرمادیجئے (تاکہ اسے لے کر، میں آپؑ کے دشمنوں سے مقابلے کے لئے نکلوں)

آپؑ نے اُسے دعائے خیر دی، اور فرمایا کہ اس علم کا اٹھانے والا (بھی) پہونچنے ہی والا ہے۔

پھر آپؑ نے اپنے بچپن کے دوست جناب حبیب ابنِ مظاہرؒ کو ایک خط لکھا جس میں درج تھا:

مِنَ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ اِلَی الرَّجُلِ الْفَقِیْہِ حَبِیْبِ ابْنِ مُظَاہِرٍ۔

اَمَّا بَعْدُ — یَا حَبِیْبُ، فَاَنْتَ تَعْلَمُ قَرَابَتَنَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ وَاَنْتَ اَعْرَفُ بِنَا مِنْ غَیْرِکَ۔ وَاَنْتَ ذُوْشِیْمَۃٍ وَغَیْرَۃٍ فَلَا تَبْخَلْ عَلَیْنَا بِنَفْسِکَ، یُجَازِیْکَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔

(حسینؑ بن علیؑ کی طرف سے مردِ فقیہ حبیب ابنِ مظاہرؒ کے نام!

(حمد و ثنائے پروردگار کے) بعد:

اے حبیب — حضرت رسول خداؐ سے ہماری قرابت کو تم جانتے ہو، اور ہمیں، اوروں کی بہ نسبت تم زیادہ اچھی طرح پہچانتے ہو۔

تم صفاتِ حمیدہ کے مالک، غیرت مند (انسان) ہو، تو اپنی جان (کی قربانی پیش کرنے) میں بخل سے کام نہ لینا۔

روزِ قیامت، حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم تمہیں جزائے (خیر) عطا فرمائیں گے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ساتھیوں کو اپنی شہادت کی خبر

جیسا کہ ہم نے اس کے قبل کے صفحات پر عرض کیا ہے حضرت امام حسین علیہ السلام نے کربلا کے سفر کے دوران اپنے ساتھیوں کو بار بار اس حقیقت سے باخبر کیا تھا کہ آپؑ شہادت کے ارادے سے گھر سے نکلے ہیں تاکہ کسی شخص کو غلط فہمی نہ رہے اور جو لوگ کبھی دنیاوی طمع کے ساتھ اس کارواں میں شامل ہونا چاہتے ہیں، وہ اپنا راستہ الگ کرلیں۔ صرف وہی لوگ ہمارے ساتھ چلیں جو راہِ خدا میں ہر قسم کی فداکاری و جاں نثاری کا جذبہ رکھتے ہوں۔

چنانچہ آپؑ نے دورانِ خطبہ ارشاد فرمایا۔

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ:

یَا بُنَیَّ اِنَّکَ سَتُسَاقُ اِلَی الْعِرَاقِ، وَھِیَ اَرْضٌ قَدِ الْتَقٰی بِھَا النَّبِیُّوْنَ وَاَوْصِیَاءُ النَّبِیِّیْنَ، وَھِیَ اَرْضٌ تُدْعٰی عَمُوْرَا وَاِنَّکَ تَسْتَشْھِدُ بِھَا وَیَسْتَشْھِدُ مَعَکَ جَمَاعَۃٌ مِنْ اَصْحَابِکَ لَا یَجِدُوْنَ اَلَمَ مَسِّ الْحَدِیْدِ، وَتَلَا:

"یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ ...."

فَابْشِرُوْا، فَوَاللّٰہِ لَئِنْ قَتَلُوْنَا فَاِنَّا نَرِدُ عَلٰی نَبِیِّنَا، ثُمَّ اَمْکُثُ مَاشَاءَ اللّٰہُ۔

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا:

"اے نورِ نظر ——— تمہیں عراق کی طرف لے جایا جائے گا یہ وہ زمین ہے جہاں پیغمبروںؑ اور اوصیائے پیغمبر کی ملاقات ہوتی رہی ہے۔

یہ وہ جگہ ہے جسے "عمورا" کہا جاتا ہے۔

(اے حسینؑ) اس جگہ تم بھی شہید ہوگے اور تمہارے اصحاب کی جماعت شہید ہوگی ——— یہ لوگ ایسے ہوں گے جنھیں لوہے (کی تپش) کی تکلیف نہیں پہونچے گی۔

(پھر آپؑ نے قرآن مجید کی اس آیت کی تلاوت فرمائی:

"اے آگ، ابراہیمؑ کے لئے ٹھنڈی ہوجا اور سلامتی بن جا)

تم لوگوں کو بشارت ہو۔

خدا کی قسم ——— ان لوگوں نے اگر ہمیں قتل کردیا تو ہم اپنے پیغمبرؐ کے پاس واپس پہنچ جائیں گے، اور پھر خدا کی رضا سے وہیں ٹھہرینگے)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دُنیا کے زوال

اور اہلِ دُنیا کے طرزِ عمل کے بارے میں

آپؑ کا خطاب

حضرت امام حسین علیہ السلام کے مقابلے پر جو لوگ آئے تھے چونکہ اُن کے پیشِ نظر صرف دُنیاوی مفادات تھے اس لئے آپؑ نے جا بجا ان کو توجہ دلائی کہ یہ دنیا "جس کی خاطر تم لوگ فرزندِ رسولؐ تک کا خون بہانے پر آمادہ ہو" اس نے کسی کا ساتھ نہیں دیا، تو یہ تمہارا بھی ساتھ نہیں دیگی۔

اسی کے ساتھ، جن لوگوں نے آپؑ اور آپؑ کے اہل خاندان پر پانی بند کیا تھا اُن کو مخاطب کر کے فرمایا کہ یہ کس قدر افسوس کی بات ہے کہ جس پانی سے تمام مخلوقات کو سیراب ہونے کی اجازت ہے — خاندانِ رسالت کے افراد اور اُن کے وابستگان کو اُس سے محروم کر دیا جائے۔

چنانچہ امامؑ نے ارشاد فرمایا:

اَیُّھَا النَّاسُ — اِعْلَمُوْا: اَنَّ الدُّنْیَا دَارُ فَنَاءٍ وَزَوَالٍ، مُتَغَیِّرَۃٌ بِاَھْلِھَا مِنْ حَالٍ اِلیٰ حَالٍ •

مَعَاشِرَ النَّاسِ عَرَفْتُمْ شَرَائِعَ الْاِسْلَامِ، وَقَرَأْتُمُ الْقُرْآنَ، وَعَلِمْتُمْ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ الْمَلِکِ الدَّیَّانِ وَ وَثَبْتُمْ عَلٰی قَتْلِ وَلَدِہٖ ظُلْمًا وَعُدْوَانًا۔

مَعَاشِرَ النَّاسِ — اَمَا تَرَوْنَ اِلیٰ مَاءِ الْفُرَاتِ یَلُوْحُ کَاَنَّہٗ بُطُوْنُ الْحَیَّاتِ یَشْرَبُہُ الْیَھُوْدُ وَالنَّصَارٰی وَالْکِلَابُ وَالْخَنَازِیْرُ، وَآلُ الرَّسُوْلِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَمُوْتُوْنَ عَطَشًا۔

(اے لوگو — یاد رکھو:

دنیا فنا ہو جانے والی، اور بدل جانے والی جگہ ہے۔

اس کے باشندے، ایک حال سے دوسرے حال کی طرف متغیر ہو جاتے ہیں۔

اے لوگو!

تم نے اسلام کے قوانین کو پہچانا، قرآن کی تلاوت کی اور یہ بھی جانتے ہو کہ (حضرت) محمدؐ مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) خداوند عالم کے بھیجے ہوئے رسول برحق تھے — پھر بھی تم لوگ اُن کی اولاد کو ظلم و عُدوان کے ساتھ قتل (کرنے پر کمربستہ) ہو!

اے لوگو —

کیا تم لوگوں کو یہ بات دکھائی نہیں دیتی کہ فرات کا پانی کس طرح چمک رہا ہے جس سے یہودی، عیسائی (یہاں تک کہ) کلب و خنزیر بھی سیراب ہو رہے ہیں (پوری دنیا کے کسی شخص پر، اس پانی کو استعمال کرنے کی کوئی پابندی نہیں ہے لیکن —

پیغمبرِ اکرمؐ کی اولاد پیاس سے جاں بلب ہے!؟

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

شبِ عاشور

اصحاب سے خطاب

9 محرم کو دشمنوں نے، ہر طرف سے حضرت امام حسینؑ علیہ السلام، اُن کے اہلِ خاندان اور ساتھیوں کا محاصرہ کر لیا تھا اور رات ہی کو جنگ شروع ہو جانے کے آثار بالکل نمایاں ہو چکے تھے، تو امام علیہ السلام نے حضرت عباسؑ علمدار کو بھیج کر ایک شب مزید عبادتِ پروردگار کی مہلت حاصل کی۔

پھر اپنے ساتھیوں کو مخاطب کر کے اُن پر ایک بار پھر یہ حقیقت واضح کر دی کہ جو شخص بھی اپنی جان کو عزیز سمجھتا ہو، وہ رات کی تاریکی میں یہاں سے روانہ ہو جائے، کیونکہ دشمنوں کو صرف میرے سَر کی طلب ہے

چنانچہ آپ نے اپنے ساتھیوں کو مخاطب کر کے فرمایا کہ:

...وَاِنَّ لَمْ یَکُنْ لَهُمْ مَقْصَدٌ اِلَّا قَتْلِیْ وَقَتْلَ مَنْ یُّجَاهِدُ بَیْنَ یَدَیَّ وَ سَبْیَ حَرِیْمِیْ بَعْدَ سَلْبِهِمْ۔

وَ اَخْشٰی اَنَّکُمْ مَا تَعْلَمُوْنَ اَوْ تَسْتَحْیُوْنَ۔

وَالْخَدْعُ عِنْدَنَا اَهْلَ الْبَیْتِ مُحَرَّمٌ فَمَنْ کَرِهَ مِنْکُمْ ذٰلِکَ فَلْیَنْصَرِفْ فَاللَّیْلُ سَتِیْرٌ، وَالسَّبِیْلُ غَیْرُ خَطِیْرٍ، وَالْوَقْتُ لَیْسَ بِهَجِیْرٍ۔

وَمَنْ وَاسَانَا بِنَفْسِهِ کَانَ مَعَنَا فِی الْجِنَانِ، نَجِیًّا مِنْ

غَضَبِ الرَّحْمٰنِ۔

وَقَدْ قَالَ جَدِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

وَلَدِیْ حُسَیْنٌ یُقْتَلُ بِکَرْبَلَاءَ غَرِیْبًا وَحِیْدًا عَطْشَانًا، فَمَنْ نَصَرَهٗ فَقَدْ نَصَرَنِیْ، وَنَصَرَ وَلَدَهُ الْقَائِمَ، وَلَوْ نَصَرَنَا بِلِسَانِهٖ فَهُوَ فِیْ حِزْبِنَا یَوْمَ الْقِیَامَةِ۔

...اب ان لوگوں کے پیشِ نظر اس کے علاوہ کوئی مقصد نہیں ہے کہ مجھے اور میرے ساتھ جہاد میں شرکت کرنے والوں کو قتل کر دیں اور میرے اہل کو لوٹنے کے بعد قیدی بنا لیں۔

ایسا نہ ہو کہ تمہیں (حقائق کا) علم نہ ہو، یا تم لوگ (میرا ساتھ چھوڑنے میں) شرمندگی محسوس کر رہے ہو! — (یاد رکھو) — ہم اہلبیتؑ کے نزدیک (کسی کو) دھوکہ دینا حرام ہے — لہٰذا جو شخص (جان دینا) پسند نہ کرے وہ واپس چلا جائے۔ رات سایہ فگن ہے، راستہ بے خطر ہے اور وقت بھی دن کا نہیں ہے (کہ کسی کو نظر آئے)

(البتہ جو ہماری) ہماری خاطر جان کی بازی لگائے گا، وہ جنت میں ہمارے ساتھ ہوگا اور غضبِ خدا وندی سے محفوظ رہیگا، میرے نانا حضرت رسولِ خداؐ نے فرمایا تھا۔ میرا فرزند حسینؑ کربلا کے میدان میں عالمِ غربت و تنہائی میں، پیاس کی حالت میں شہید کر دیا جائے گا — (اس وقت) جو شخص اُس کی مدد کرے گا اس نے درحقیقت میری مدد کی اور اسکے فرزند قائم آلِ محمدؐ کی مدد کی۔

اور اگر زبان سے بھی انکی مدد و نصرت کرے تو روزِ قیامت انکے گروہ میں شامل کیا جائے گا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اپنے اصحاب کی وفاداری کے بارے میں آپؑ کا فرمان

انسانی تاریخ کی یہ جانی پہچانی حقیقت ہے کہ جیسی وفاداری کا ثبوت حضرت امام حسین علیہ السلام کے ساتھیوں نے دیا، وہ سب سے منفرد ہے۔

ان لوگوں سے جب شبِ عاشور امام علیہ السلام نے فرمایا کہ تم لوگ رات کی تاریکی میں جہاں چاہو چلے جاؤ، میں کوئی شکایت نہیں کروں گا۔ تو ان لوگوں نے عرض کیا کہ مولا، یہ تو ایک مرتبہ کا مرنا ہے، اگر ہمیں قتل کیا جائے، پھر زندہ کیا جائے، پھر زندہ کیا جائے، پھر قتل کیا جائے۔ یہاں تک بار بار یہی عمل دہرایا جائے، تب بھی آپ کی رفاقت سے منہ نہیں موڑیں گے، جس کے بعد آپؑ نے اپنے خطبہ کے دوران ان لوگوں کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا:

... اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَحْمَدُکَ عَلٰی اَنْ اَکْرَمْتَنَا بِالنُّبُوَّۃِ وَعَلَّمْتَنَا الْقُرْآنَ، وَفَقَّھْتَنَا فِی الدِّیْنِ وَجَعَلْتَ لَنَا اَسْمَاعًا وَاَبْصَارًا وَاَفْئِدَۃً فَاجْعَلْنَا لَکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ۔

اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّیْ لَا اَعْلَمُ اَصْحَابًا اَوْفٰی وَلَا خَیْرًا مِنْ

اَصْحَابِیْ، وَلَا اَھْلَ بَیْتٍ اَبَرَّ وَلَا اَوْصَلَ مِنْ اَھْلِ بَیْتِیْ فَجَزَاکُمُ اللّٰہُ عَنِّیْ خَیْرًا۔

... اَلَا وَاِنِّیْ قَدْ اَذِنْتُ لَکُمْ فَانْطَلِقُوْا جَمِیْعًا فِیْ حِلٍّ، لَیْسَ عَلَیْکُمْ مِنِّیْ ذِمَامٌ وَھٰذَا اللَّیْلُ قَدْ غَشِیَکُمْ فَاتَّخِذُوْہُ جَمَلًا وَلْیَاْخُذْ کُلُّ وَاحِدٍ مِّنْکُمْ بِرَجُلٍ مِنْ اَھْلِ بَیْتِیْ وَتَفَرَّقُوْا فِیْ سَوَادِ ھٰذَا اللَّیْلِ، وَذَرُوْنِیْ وَھٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ، فَاِنَّھُمْ لَا یُرِیْدُوْنَ غَیْرِیْ۔

(خداوندا — میں تیری حمد بجا لاتا ہوں، تو نے ہمیں نبوت کے ذریعے عزت بخشی، قرآن کا علم عطا فرمایا۔ دین میں بصیرت بخشی اور ہمیں سماعت و بصارت اور قلب (کی قوت) سے نوازا، تو ہمیں شکرگزاروں میں قرار دے۔

(یاد رکھو) — مجھے اپنے ساتھیوں سے زیادہ باوفا اور عمدہ ساتھی (کسی کے) نظر نہیں آتے اور نہ میرے اہلِ خاندان سے زیادہ صلۂ رحم کرنے والا کوئی اور خاندان نظر آتا ہے۔ خداوندِ عالم ان سب لوگوں کو ہماری طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے۔ دیکھو — میں نے تم لوگوں کو اجازت دیدی ہے تم سب کو چلے جانے کی اجازت ہے میں (کسی جانے والے) کی مذمت نہیں کروں گا۔

رات کا پردہ چھایا ہوا ہے، اسے اپنی سواری قرار دو اور یہاں سے نکل جاؤ، جاتے وقت) میرے خاندان کے لوگوں میں سے بھی جس کو چاہو ساتھ لے جاؤ۔ رات کی اس تاریکی میں ادھر اُدھر منتشر ہو جاؤ، مجھے اور ان لوگوں کو چھوڑ دو۔ کیونکہ ان (دشمنوں) کو میرے علاوہ کسی کی طلب نہیں ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اپنے ساتھیوں کو

جنّت کی بشارت

حضرت امام حسینؑ علیہ السلام کے وہ اصحابِ باوفا، جو ہر آزمائش میں پورے اُترے، اور جنھوں نے اپنی جرأت و استقامت کے ذریعے انسانی زندگی میں ایک منفرد تاریخ رقم کی۔

یہ وہ خاصانِ خدا تھے جن سے شبِ عاشور امام عالی مقام نے خود فرمایا تھا کہ:

"... فمن کرہ منکم ذالك فلینصرف، فاللیل ستیر و السبیل غیر خطیر والوقت لیس بہجیر"

(تم میں سے جو شخص جان دینا پسند نہ کرتا ہو وہ واپس چلا جائے رات کا پردہ چھایا ہوا ہے، راستہ بے خطر ہے اور وقت بھی دن کا نہیں ہے۔)

لیکن سب نے یہی کہا کہ: مولا۔ ہم آپ کو چھوڑ کر کہاں جا سکتے ہیں؟۔ جس کے بعد آپ نے اپنے انصار کو جنّت کی بشارت دیتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

یَا کِرَامُ ـــــ اِنَّ هٰذِهِ الْجَنَّةَ قَدْ فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا،

وَاتَّصَلَتْ اَنْهَارُهَا دَاَيْنَعَتْ اَثْمَارُهَا، وَزُيِّنَتْ قُصُوْرُهَا وَتَاَلَّفَتْ وِلْدَانُهَا وَحُوْرُهَا۔

وَهٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَالشُّهَدَاءُ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ـــــ يَتَوَقَّعُوْنَ قُدُوْمَكُمْ وَ يَتَبَاشَرُوْنَ بِكُمْ، فَحَامُوْا دِيْنَ اللّٰهِ وَدِيْنَ نَبِيِّهٖ وَذُبُّوْا عَنْ حَرَمِ الرَّسُوْلِ۔

(اے (میرے) معزز (ساتھیو) ـــــ!

بیشک، جنّت کے دروازے کھل چکے ہیں، اس کی نہریں ایک دوسرے سے ملی ہوئی ہیں، اس کے پھل پک گئے ہیں، اس کے قصر (و محل) آراستہ کر دیئے گئے ہیں (وہاں کے خدمت گار) لڑکے، اور حورانِ بہشت ہم آہنگ ہیں۔

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، اور وہ شہداء جو خدا کی راہ میں قتل کیے گئے، تمہارے پہنچنے کا انتظار کر رہے ہیں۔

لہٰذا ــ دینِ خدا، اور دینِ رسولؐ کی حمایت کرو ـــــ اور پیغمبرِ اکرمؐ کے اہلِ خاندان کی طرف سے دفاع کرو۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

دشمنوں پر ـــــ اتمامِ حجّت

حضرت امام حسین علیہ السلام، راہِ خدا میں اپنی اپنے اہلِ خاندان اور اعوان و انصار کی قربانی کے ارادے سے نکلے تھے اور آپ کو معلوم تھا کہ کربلا کی سرزمین آپ کی "وعدہ گاہ" ہے، جیسا کہ [redacted]یہ السلام نے اپنے خطبوں میں اس کا ذکر بھی فرمایا ہے۔

اس کے باوجود، بحیثیت ہادیِ برحق، حجّتِ خدا اور نمائندۂ الٰہی آپ نے جا بجا، اپنے دشمنوں کو ہدایت فرمائی کہ اپنی غلط روش سے باز آجائیں حق کو پہچانیں اور اس کے راستے پر چلنے کی کوشش کریں، باطل سے اپنا دامن بچائیں، اور دنیاوی مفادات کی خاطر اہلِ باطل کا ساتھ دے کر اپنی عاقبت خراب نہ کریں اور دائمی عذاب کے حقدار نہ بنیں۔

چنانچہ درمیانِ راہ بھی، اور کربلا پہنچنے کے بعد بھی آپ نے متعدد مواقع پہ دشمنوں کو مخاطب کرکے، ان پر اتمامِ حجّت فرمایا۔

چنانچہ ایک موقع پر، آپ نے دشمن کے لشکر کو مخاطب کرکے فرمایا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ الدُّنْیَا، فَجَعَلَهَا دَارَ فَنَاءٍ وَّزَوَالٍ، مُتَصَرِّفَةً بِاَهْلِهَا حَالًا بَعْدَ حَالٍ، فَالْمَغْرُوْرُ مَنْ غَرَّتْهُ، وَالشَّقِیُّ مَنْ فَتَنَتْهُ، فَلَا تَغُرَّنَّكُمْ هٰذِهِ الدُّنْیَا، فَاِنَّهَا تَقْطَعُ رَجَاءَ مَنْ رَكَنَ اِلَیْهَا وَتُخَیِّبُ طَمَعَ مَنْ طَمِعَ فِیْهَا۔

وَاَرَاكُمْ قَدِ اجْتَمَعْتُمْ عَلٰى اَمْرٍ قَدْ اَسْخَطْتُمُ اللّٰهَ فِیْهِ عَلَیْكُمْ وَاَعْرَضَ بِوَجْهِهِ الْكَرِیْمِ عَنْكُمْ ـــــ وَاَحَلَّ بِكُمْ نِقْمَتَهُ وَجَنَّبَكُمْ رَحْمَتَهُ۔

فَنِعْمَ الرَّبُّ رَبُّنَا، وَبِئْسَ الْعَبِیْدُ اَنْتُمْ ـــــ اَقْرَرْتُمْ بِالطَّاعَةِ وَآمَنْتُمْ بِالرَّسُوْلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اِنَّكُمْ زَحَفْتُمْ عَلٰى ذُرِّیَّتِهٖ وَعِتْرَتِهٖ تُرِیْدُوْنَ قَتْلَهُمْ۔

لَقَدِ اسْتَحْوَذَ عَلَیْكُمُ الشَّیْطَانُ فَاَنْسَاكُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ، فَتَبًّا لَكُمْ وَلِمَا تُرِیْدُوْنَ۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ۔

ساری تعریف خدا (بزرگ و برتر) کے لئے ہے جس نے دنیا کو پیدا کیا، اور اسے فنا و زوال کا گھر بنایا جس کے باشندے ایک حال کے بعد دوسرے حال میں بدلتے رہتے ہیں۔

فریب خوردہ وہ ہے جو دنیا کے دھوکے میں آجائے۔

اور بدقسمت ہے وہ شخص جسے یہ فریب دے دے۔

(دیکھو) تمہیں ایسا نہ ہو کہ یہ دنیا تمہارے ساتھ دغابازی کرے

کیونکہ جو شخص اس پر اعتماد کرے یہ اس کی امید منقطع کردیتی ہے اور جو شخص اس کی لالچ کرے اسے ناکامی سے دوچار کردیتی ہے۔

میں دیکھ رہا ہوں کہ تم لوگ ایک ایسی بات پر اکٹھے ہوئے ہو جس کے ذریعے سے تم نے خدائے عالم کو غضب ناک کرلیا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ تم سے روگرداں ہے، تم سے اپنی رحمت کو روک لے گا،
اور تم پر (قیامت میں سخت) عذاب نازل کرے گا۔

ہمارا پروردگار تو بہترین ہے، لیکن تم لوگ بہت ہی برے بندے ہو ـــــ تم نے اس کی اطاعت و فرماں برداری کا اقرار بھی کیا اور حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان (کا اعتراف) بھی کیا، اور اب انکی ذریت (اہلبیت) کے خلاف جنگ کا بازار گرم کر رکھا ہے اور ان کو قتل کرنے کا ارادہ کئے ہوئے ہو! شیطان تم پر مسلط ہو چکا ہے اور خداوند کریم کی یاد سے اس نے تمہیں غافل کر رکھا ہے۔

افسوس ہے تم لوگوں پر اور تمہارے عزائم پر ـــــ

"اِنّا لِلّٰہِ وَاِنّا اِلَیْہِ راجعون"

و

اس موقع پر شمر ملعون آگے بڑھا، اور کہا کہ: آپ مجھے کیا سمجھانا چاہتے ہیں؟ ـــــ تو امام علیہ السلام نے فرمایا:

اَقُولُ: ـــ اِتَّقُوا اللّٰہَ رَبَّکُمْ وَلَا تَقْتُلُوْنِیْ، فَاِنَّہُ لَا یَحِلُّ لَکُمْ قَتْلِیْ، وَلَا اِنْتِهَاكُ حُرْمَتِیْ، فَاِنِّیْ اِبْنُ بِنْتِ نَبِیِّکُمْ، وَجَدَّتِیْ خَدِیْجَةُ زَوْجَةُ نَبِیِّکُمْ، وَلَعَلَّهٗ قَدْ بَلَغَکُمْ قَوْلُ نَبِیِّکُمْ

"اَلْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ سَیِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ"

ثُمَّ نَادٰی بِاَعْلٰی صَوْتِهٖ: یَا اَهْلَ الْعِرَاقِ!

اَیُّهَا النَّاسُ، اِسْمَعُوْا قَوْلِیْ، وَلَا تَعْجَلُوْا حَتّٰی اَعِظَکُمْ بِمَا

یَحِقُّ لَکُمْ عَلَیَّ، وَحَتّٰی اَعْتَذِرَ اِلَیْکُمْ۔

میں کہہ رہا ہوں کہ:۔

تم لوگ خدا کا خوف کرو۔ مجھے قتل نہ کرو، کیونکہ مجھے قتل کرنا، اور میری حرمت کو پامال کرنا تمہارے لئے (کسی طرح بھی) جائز نہیں ہو سکتا۔

میں تمہارے پیغمبرؐ کا نواسہ ہوں، میری نانی حضرت خدیجہؑ زوجۂ پیغمبر ہیں، اور ہو سکتا ہے کہ تم لوگوں تک پیغمبرِ اکرمؐ کا یہ فرمان پہنچا ہو کہ:

"حسنؑ اور حسینؑ جوانانِ جنت کے سردار ہیں"۔

اس کے بعد آپ نے بلند آواز سے پکار کر کہا:

"اے عراق والو ـــ اے لوگو ـــ میری بات سنو۔
جلدی نہ کرو (اتنی مہلت دو) کہ مجھ پر جتنا حق ہے ـــ میں تمہیں نصیحت کر لو۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قاتلوں سے عاشور کے دن آپؑ کی گفتگو

راوی کا بیان ہے کہ جب عاشور کے دن، ہر طرف سے دشمنوں کی تلوار آپؑ کے خلاف بے نیام ہو چکی تھی۔

دنیا پرست افراد حق سے منہ موڑ کر اور باطل کی خوشنودی کیلئے نواسۂ رسولؐ کا خون بہانے پر کمربستہ تھے۔

فرات کا پانی، جس سے خدا اور رسولؐ کے دشمن، کفّار و ملحدین تک سیراب ہو رہے تھے مگر خاندانِ رسالت کے لئے اُس پانی کی ایک بوند بھی لے جانے کی اجازت نہیں تھی۔

اور فوجِ یزیدیؑ، پنجتنؑ کی آخری نشانی کا سر قلم کر کے حاکمِ وقت سے انعام و جاگیر حاصل کرنے کے لئے بیتاب تھے۔

امام علیہ السلام نے، ان لوگوں کو مخاطب کر کے فرمایا:

أَنْشُدُكُمُ اللّٰهِ هَلْ تَعْرِفُونَنِي ؟

قَالُوا : نَعَمْ أَنْتَ ابْنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسِبْطُهُ۔

قَالَ، أَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ، هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ أُمِّي فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ ؟

قَالُوا: اَللّٰهُمَّ نَعَمْ۔

قَالَ: أَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ جَدَّتِي خَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ أَوَّلُ نِسَاءِ هٰذِهِ الْأُمَّةِ إِسْلَامًا ؟

قَالُوا: اَللّٰهُمَّ نَعَمْ۔

http://fb.com/ranajabirabbas

قَالَ: أَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ الطَّيَّارَ فِي الْجَنَّةِ عَمِّي ؟

قَالُوا : اَللّٰهُمَّ نَعَمْ۔

قَالَ: أَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ هٰذَا سَيْفُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَنَا مُتَقَلِّدُهُ ؟

قَالُوا: اَللّٰهُمَّ نَعَمْ۔

قَالَ: أَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ هٰذِهِ عِمَامَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَنَا لَابِسُهَا ؟

قَالُوا: اَللّٰهُمَّ نَعَمْ۔

قَالَ: أَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ عَلِيًّا عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ أَوَّلَ الْقَوْمِ إِسْلَامًا وَأَعْلَمَهُمْ عِلْمًا، وَأَعْظَمَهُمْ حِلْمًا، وَأَنَّهُ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ ؟

قَالُوا: اَللّٰهُمَّ نَعَمْ۔

قَالَ:۔ فَبِمَ تَسْتَحِلُّونَ دَمِي، وَأَبِي الذَّائِدُ عَنِ الْحَوْضِ يَذُودُ عَنْهُ رِجَالًا كَمَا يُذَادُ الْبَعِيرُ الصَّادِرُ عَنِ الْمَاءِ وَلِوَاءُ الْحَمْدِ فِي يَدِ أَبِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ ؟

قَالُوا:۔ قَدْ عَلِمْنَا ذٰلِكَ كُلَّهُ، وَنَحْنُ غَيْرُ تَارِكِيكَ حَتّٰى تَذُوقَ الْمَوْتَ عَطَشًا۔

تم لوگوں کو خدا کا واسطہ، یہ بتاؤ، تم لوگ مجھے پہچانتے ہو؟

کہنے لگے : ہاں، آپؑ حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے نورِ نظر، اور ان کے نواسے ہیں۔

آپؑ نے فرمایا: خدا کا واسطہ (یہ بتاؤ) تم لوگوں کو معلوم ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ میری ماں فاطمۂ ہیں جو حضرت رسول خداؐ کی دختر نیک اختر ہیں؟

کہنے لگے: بیشک۔

آپؑ نے فرمایا: خدا کی خاطر، بتاؤ کیا تم لوگ جانتے ہو کہ جناب خدیجۂ وہ خاتون ہیں جو اس اُمت کی عورتوں میں سب سے پہلے ایمان لائیں؟

اُن لوگوں نے کہا: جی ہاں ایسا ہی ہے۔

آپؑ نے فرمایا... یہ بتاؤ تم یہ بھی جانتے ہو کہ جناب جعفر طیارؑ میرے چچا ہیں۔؟

کہنے لگے: ھاں۔

آپؑ نے دریافت کیا: کیا تم لوگوں کو معلوم ہے کہ یہ حضرت رسولِ خداؐ کی تلوار ہے جو میرے ساتھ ہے۔؟

کہنے لگے: جی ہاں۔

پھر آپؑ نے سوال کیا۔ "تم لوگ جانتے ہو کہ یہ عمامۂ رسولِ خدا ہے جو میں پہنے ہوئے ہوں۔

وہ بولے: جی ہاں۔

اس کے بعد آپؑ نے فرمایا: کیا تم لوگ جانتے ہو کہ حضرت علیؑ اوّل المسلمین بھی تھے، اُن میں سب سے زیادہ صاحبِ علم بھی اور وہ ہر مومن اور مومنہ کے ولی ہیں۔؟

ان لوگوں نے کہا: جی ہاں! (ہمیں معلوم ہے)

(جب ان لوگوں نے ان تمام باتوں کا اقرار کر لیا تو امام عالی مقامؑ

نے اُن سے) فرمایا:

بتاؤ۔ پھر کس بنا پر تم لوگ میرا خون (بہانا) جائز سمجھتے ہو؟ جبکہ میرے والد کا مرتبہ خدا و رسولؐ کے نزدیک اس قدر بلند ہے کہ وہ روزِ قیامت، ناپسندیدہ لوگوں کو، حوضِ کوثر سے ہٹا رہے ہوں گے، جیسے اونٹ کو... ہنکایا جاتا ہے۔

قیامت کے دن (الٰہی پرچم) لوا الحمد (میرے والد) کے ہاتھ میں ہوگا۔

امام کی تقریر سُن کر اُن لوگوں نے کہا کہ:

"ہمیں ان باتوں کا علم ہے —— لیکن ہم آپ (کے قتل) سے ہاتھ نہیں اٹھا سکتے، یہاں تک کہ آپ پیاس کی حالت میں ہی اپنی جان، جہاں آفریں کے سپرد کر دیں)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اے دشمنانِ خدا و رسولؐ

میرا خون کیوں بہاتے ہو؟

حضرت امام حسین علیہ السلام کے مقابلے پر جو لوگ کربلا کے میدان میں جمع تھے، اور جنھوں نے آپ کے خلاف میدانِ کارزار گرم کیا تھا۔ اُن کی اکثریت امام عالی مقام کے بارے میں جانتی تھی کہ یہ نواسۂ رسولؐ ہیں اور یزیدی افواج ان کو بے جرم و خطا شہید کرنا چاہتی ہیں ــــ لیکن دُنیاوی مفادات نے اُن کی آنکھوں پر پردے ڈال رکھے تھے۔ چنانچہ امام علیہ السلام نے بار بار اپنے گراں قدر خطبوں کے ذریعے سے ان لوگوں کی سرزنش فرمائی کہ خوابِ غفلت سے چونکو، اور اپنے طرزِ عمل کا جائزہ لو ــــ چنانچہ راوی کا بیان ہے کہ:

حَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنیٰ عَلَیْهِ ــــ ثُمَّ قَالَ:

اَمَّا بَعْدُ ــــ فَانْسِبُوْنِیْ فَانْظُرُوْا مَنْ اَنَا ثُمَّ ارْجِعُوْا اِلٰی اَنْفُسِكُمْ وَعَاتِبُوْهَا فَانْظُرُوْا هَلْ یَصْلُحُ وَیَحِلُّ لَكُمْ قَتْلِیْ؟ وَانْتِهَاكُ حُرْمَتِیْ؟

اَلَسْتُ اَنَا ابْنَ بِنْتِ نَبِیِّكُمْ؟ وَابْنَ وَصِیِّهٖ وَابْنَ عَمِّهٖ وَاَوَّلِ الْمُؤْمِنِیْنَ بِاللّٰهِ وَالْمُصَدِّقِ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَبِمَا جَاءَ بِهٖ مِنْ عِنْدِ رَبِّهٖ

اَوَلَیْسَ حَمْزَةُ سَیِّدُ الشُّهَدَاءِ عَمِّیْ ــــ اَوَلَیْسَ جَعْفَرُ الطَّیَّارُ فِی الْجَنَّةِ عَمِّیْ ــــ؟

اَوَلَمْ یَبْلُغْكُمْ مَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِیْ وَلِاَخِیْ:

"هٰذَانِ سَیِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ"

؟

... اَمَا فِیْ هٰذَا حَاجِزٌ عَنْ سَفْكِ دَمِیْ؟

ثُمَّ قَالَ عَلَیْهِ السَّلَامُ لَهُمْ:

فَاِنْ كُنْتُمْ فِیْ شَكٍّ مِنْ هٰذَا اَتَشُكُّوْنَ فِیْ اَنِّیْ ابْنُ نَبِیِّكُمْ؟ فَوَاللّٰهِ مَا بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ابْنُ بِنْتِ نَبِیٍّ غَیْرِیْ فِیْكُمْ وَلَا فِیْ غَیْرِكُمْ۔

وَیْحَكُمْ اَتَطْلُبُوْنِیْ بِقَتِیْلٍ مِنْكُمْ قَتَلْتُهٗ اَوْ مَالٍ اسْتَهْلَكْتُهٗ اَوْ بِقِصَاصٍ مِنْ جِرَاحَةٍ؟

فَاَخَذُوْا لَا یُكَلِّمُوْنَهٗ...

حمد و ثنائے پروردگار بجا لانے کے بعد آپ نے فرمایا:

... لوگو ــــ ذرا میری نسبت پر غور کرو، اور دیکھو تو میں کون ہوں؟

پھر اپنے نفس کی طرف رجوع کرو، اور اس کی سرزنش کرو۔ دیکھو تو ــــ کیا یہ مناسب اور جائز ہے کہ تم لوگ مجھے قتل کرو اور میری حرمت پامال کرو۔

کیا میں تمہارے پیغمبر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (کا نواسا

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہیں ہوں ـــــ اور اُنکے وصی وابنِ عمّ (علی ابن ابیطالبؑ) کا بیٹا نہیں
ہوں جو سب سے پہلے خدا پر ایمان لائے تھے حضرت رسولِ خداؐ کی تصدیق کی
اور جو کچھ وہ اپنے پروردگار کی طرف سے لائے تھے (اُسکی تائید کی) ؟

کیا جناب حمزہؑ، جیسے شہیدوں کے سردار (میرے والد
کے) چچا، اور جناب جعفر طیّار ...... میرے چچا
نہیں تھے ۔ ؟

کیا حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا وہ فرمان
تم لوگوں تک نہیں پہونچا، جس میں آنحضرتؐ نے میرے،
اور میرے بھائی کے بارے میں فرمایا ہے کہ :

"یہ دونوں، جوانانِ اہلِ جنت کے سردار ہیں"

؟

کیا ان میں سے (کوئی بات) تمہیں میرا خون بہانے سے
روکنے والی نہیں ہے ؟

؟

اس کے بعد، آپ نے اُن لوگوں کو (ایک بار پھر مخاطب
کرکے) فرمایا :-

" اگر میری ان باتوں میں تمہیں کوئی شک ہو، تو کیا
اس میں بھی شک ہے کہ میں تمہارے پیغمبرؐ کا نواسہ
ہوں ۔ ؟

خدا کی قسم ! ـــــ

مشرق اور مغرب کے درمیان، میرے علاوہ تمہارے پیغمبرؐ

کا کوئی اور نواسہ نہ تمہارے پاس ہے نہ کہیں اور ـ
افسوس ہے تم لوگوں پر ـــــ (یہ تو بتاؤ) کیا میں
نے تمہارے کسی آدمی کو قتل کیا، جس کے بدلے تم مجھے قتل
کررہے ہو ؟ ـــــ یا کیا میں نے تمہارا کوئی مال تلف
کردیا ہے ـــــ یا کسی (زخمی) کا مجھ سے انتقام لے رہے ہو ؟
(راوی کا بیان ہے کہ جب امام علیہ السلام نے یہ باتیں
فرمائیں) تو کسی میں بات کرنے کی جرأت بھی نہیں تھی ۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

روزِ عاشور

اپنے اہل و عیال سے گفتگو

مورخین کا بیان ہے کہ جب حضرت امام حسینؑ مکۃ مکرمہ سے کربلا کے لئے روانہ ہونے لگے اور جناب ابن عباسؓ نے عرض کیا کہ:

"مولا —— اگر آپؑ نے جانے کا فیصلہ کر ہی لیا ہے، تو اپنے اہل و عیال کو نہ لے جائیں۔

جس کے جواب میں امام علیہ السلام نے فرمایا تھا۔

"مشیتِ پروردگار یہ ہے کہ: میں شہید کیا جاؤں، اور یہ لوگ قید و بند کی آزمائش طے کریں۔" —————— (نقل بالمعنی)

چنانچہ عاشور کے دن جب امام علیہ السلام نے راہِ خدا میں اپنی طرف سے قربانیاں پیش کر دیں اور راہ خدا میں اپنی جان کی قربانی پیش کرنے کے لئے روانہ ہونے لگے تو خیمے کے اندر تشریف لائے، بہنوں، بیٹوں اور اہلِ خانہ سے رخصت ہوتے ہوئے انھیں آنے والے حالات سے باخبر کرتے ہوئے صبر کی وصیت بھی فرمائی اور یہ بھی فرمایا کہ خداوند عالم تم لوگوں کو اس امتحان و آزمائش کا بہترین اجر و ثواب عطا کرے گا اور تمہارے دشمنوں کو عذابِ الیم سے دوچار کرے گا۔

راوی کا بیان ہے کہ حمد و ثنائے پروردگار کے بعد آپؑ نے فرمایا۔

اِسْتَعِدُّوا لِلْبَلَاءِ وَاعْلَمُوا اَنَّ اللّٰهَ حَامِيْكُمْ وَحَافِظُكُمْ وَسَيُنْجِيْكُمْ مِنْ شَرِّ الْاَعْدَاءِ وَيَجْعَلُ عَاقِبَةَ اَمْرِكُمْ اِلٰى خَيْرٍ وَيُعَذِّبُ عَدُوَّكُمْ بِاَنْوَاعِ الْعَذَابِ —— وَيُعَوِّضُكُمْ عَنْ هٰذِهِ الْبَلِيَّةِ بِاَنْوَاعِ النِّعَمِ وَالْكَرَامَةِ فَلَا تَشْكُوْهُ وَلَا تَقُوْلُوْا بِاَلْسِنَتِكُمْ مَا يُنْقِصُ عَنْ قَدْرِكُمْ۔

(آزمائش کے لئے کمر بستہ رہو۔

یقین رکھو کہ خداوند عالم تمہاری حمایت و حفاظت کرنے والا ہے۔

وہ دشمنوں کے شر سے تمہیں نجات دے گا۔ تمہارے انجام کو خیر قرار دے گا۔ اور تمہارے دشمن کو گوناگوں عذاب میں مبتلا کرے) گا۔

اس آزمائش کے بدلے، وہ تمہیں انواع و اقسام کی نعمت و کرامت سے نوازے گا۔

شک (و شبہہ) میں نہ پڑو۔

اور نہ اپنی زبان سے کوئی ایسی بات نکالو، جو تمہاری قدر و منزلت میں کمی کا باعث ہو)

S. Nazar Abbas
25.7.2009

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas